علوم روحانیت و عملیات پہ ہزاروں سوالات کے جدید سائنسی و منطقی جوابات اور قدیم زود اثر عملیات کے ساتھ ایک منفرد کتاب
سیف نورانی
(نورانی تلوار)
بفیضِ نظر
پیر طریقت رہبر شریعت ڈاکٹر
پیر سید سائر واسطی شاہ جمالی راج شاہی دامت برکاتہم
از قلم
مناظرِ ختمِ نبوت و معالجِ روحانی
غلام نبی قادری نوری
صدر ختم نبوت فورم و بزم نورانی اکیڈمی پاکستان
خصوصی کاوش: بزم نورانی اکیڈمی و ختم نبوت فورم پاکستان

فہرست صفحہ نمبر 1

فہرست صفحہ نمبر2

فہرست صفحہ نمبر3

فہرست صفحہ نمبر4

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللھم صلی علی سیدنا محمد و علی آلہ محمد وبارك وسلم

معزز قارئین محترم!

الحمداللہ! اللہ عزوجل نے مجھے اپنے حبیب ﷺ اور آل محمد ﷺ پنجتن پاک و اولیاء رحمتہ اللہ کے توسل سے یہ شرف بخشا کہ میں آج اپنی عرصہ دراز کی محنت تحقیق اور مشاہدات ونظریات آپ کی نذر کرنے میں کامیاب ہوا، دراصل عملیات وروحانیات کی دنیا میں لاکھوں کتب موجود ہیں لیکن ہماری بدقسمتی کہ کاش البرنی، علامہ القندس الزہراوی، محمد بن ابوسعید، او احساس احمد بوٹی کے بعد کسی نے تحقیقی میدان میں کوئی کام نہیں کیا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ گزشتہ ڈیڑھ صدی سے شائقین علم وعمل دربدر ٹھوکریں کھانے اور گمراہ ہونے پر مجبور ہوتے چلے گئے، جو کہ تاحال بھی سلسلہ جاری ہے۔

۞ اور ہماری بدقسمتی کہ عرب عاملین کی نقل شدہ کتب کی نقول تیار کر کے ہم اپنی نسلوں تک عملیات وفن روحانیات پہنچا رہے ہیں جس میں سفلیات ونوارانیات کی کوئی پہچان نہیں رہی، اسی لیے میں نے ضرورت محسوس کی کہ اس موضوع پر اپنے تمام تر تحقیق وعلمی سورسز سے ایک ایسی کتاب مرتب کی جائے جو آئندہ آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ ثابت ہو اور ہر عامل وعالم یہ جان پائے کہ آخر کار حقیقت عملیات وروحانیات کیا ہے اس کی بنیاد وحقیقت کیا ہے، اسی عزم کے زیر تحت فقیر نے اس کتاب کو آٹھ حصوں پر مشتمل کرنے کا ارادہ کیا ہے

۞ جس کا پہلا حصہ آپ کی خدمت میں پیش کیا جا رہا ہے، لیکن ایک وضاحت کرتا چلوں کہ میں کوئی پیر، عامل، عالم، ماہر روحانیات وعملیات ہرگز نہیں، صرف ایک مجس تحقیق طالب علم ہوں جو اپنی علمی بصیرت وتحقیق کے پیش نظر اپنے تجربات ومشاہدات کی روشنی میں رہنمائی آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں، اور یقین رکھتا ہوں کہ یہ مولائے کائنات باب العلم حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی نگاہ کرم کا کمال ہے اب تک متعدد محققین اس کتاب کو عزت افزائی سے نواز چکے ہیں، آپ احباب سے بھی گزارش ہے کہ فقیر کی اس عاجزانہ کوشش پر اپنا تبصرہ لازم دیجیے گا۔

تاکہ آئندہ آنے والے حصوں میں اس پر تدوین و ترمیم کی جاسکے، الاخیر یہ کتاب میرے بزرگان کی نگاہ کرم، آل پاک کی شفقت وفضل اور حضور ﷺ کی نگاہ کرم وفضل کا ایک نایاب تحفہ ہے جو آپ کی زیر نظر ہے اللہ عزوجل تمام مومنین بہن بھائیوں کو اس سے استفادہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

کتاب کی کچھ وضاحتیں

اس کتاب میں مندرج تراکیب وتفصیلات کی آسانی اور سمجھانے کی غرض سے تمثیل اختیار کی جائے گی ،یعنی عابد،سوزن ،بابا، پیر، کی طرح کے الفاظ تمثیلی طور پر ہوں گے کیونکہ مختلف موضوعات مختلف مذاہب سے تعلق رکھتے ہیں تو سمجھےمیں آسانی کے لیے ناموں کا استعمال کیا جارہا ہے،

نیز اس میں سفلیات پر جوگفتگو ہوگی اس کا مقصد صرف اگہی ہے، بلیک میجک کرنا اور کروانا دونوں شرعی لحاظ سے کفر وحرام ہیں اس لیے مثبت انداز میں مطالعہ سے لطف اندوز ہوں۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

روحانیت اپنی اصل میں کیا ہے؟

کائنات کی ہر شئے ایک خاص آفاقی دہن پر محو رقص ہے، روحانیت دل و دماغ کی تال کو اس آفاقی تال سے ملانے کا نام ہے کہ جو نا تو ریاضات کی محتاج ہے نا اشغال کی اور نا ہی سلوک کی۔ یہ کرنے کی نہیں بلکہ نا کرنے یا ڈوب جانے کی بات ہے۔

نا کرنے کی اس لئے کہ ہمارا دل و دماغ وقت پیدائش سے سن بلوغت تک قدرتی طور پر اس تال پر محو رقص تھا، جسکو ہمارے کرنے نے اس تال سے ہٹا دیا، جب ہم نہیں کرتے تو یہ خود بخود اپنی اصل حالت کی طرف لوٹ جاتا ہے۔

روح کی اصل حقیقت کیا ہے؟

یسئلونك عن الروح

اے حبیب ﷺ لوگ آپ سے روح کے بارے میں سوال کرتے ہیں۔

قل الروح من امر ربی

کہہ دیجئے کہ روح میرے پروردگار کا امر ہے۔

وما اوتیتم من العلم الا قلیلا

اور تم کیا سمجھو گے روح کو تمہیں قلیل علم عطا ہوا ہے۔

مولی علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔

الروح فی البدن، کالمعنی فی اللفظ

روح بدن میں ایسا ہوتی ہے جیسا لفظ میں معنی ہوتا ہے۔

روح کی کئی اقسام میں جب تک انکو نہ سمجھا جائے گا روح سمجھ میں نہیں آئے گی۔

ہم جس روح کو جانتے ہیں وہ روح بخاری ہے یہ نطفہ، خون اور غذا کی محتاج ہے۔ اسکے بغیر اسکا وجود اور بقا دونوں نا ممکن ہیں، یہ جس طرح انسان میں موجود ہے اسی طرح کتے اور خنزیر میں بھی موجود ہے۔ کیا عقل میں یہ بات سما

سکتی ہے کہ نجس العین میں جو روح ہے اللہ اسے اپنا امر کہے؟

یہ روح بخاری یا روح حیات ہے جسکو لوگ روح امری سمجھتے ہیں حالانکہ روح امری اس سے بھی بلند ہے۔

انسان تین چیزوں کا مجموعہ ہے اور تین ہی عالم ہیں۔ جسم، روح اور نفس۔ دنیا برزخ اور آخرت۔ نفس نا تو سارا کا سارا روح جیسا ہے اور نا ہی سارا کا سارا جسم جیسا، یہ کچھ کچھ روح جیسا ہے اور کچھ کچھ جسم جیسا، یہ جسم کو روح کے ساتھ گوندھ کر رکھتا ہے یہی سبب ہے کہ جیسے ہی نفس کو موت آتی ہے جسم و روح کا بندھن ٹوٹ جاتا ہے۔

کل نفس ذائقة الموت۔ (قرآن)

جسم خاک میں مل جاتا ہے، نفس برزخ میں اپنے اعمال کے مطابق سزا و جزاء کا سامنا کرتا ہے اور روح آخرت میں۔

ارواح کی اقسام کچھ یوں ہیں۔

روح بخاری

روح امری

روح منہ

روح القدس

روح کلی

پس روح بخاری برزخ ہے جسم اور روح امری کے درمیان، روح امری برزخ ہے روح بخاری اور روح منہ کے درمیان، روح منہ برزخ ہے روح امری اور روح کے درمیان، اور روح القدس برزخ ہے روح منہ اور روح کلی کے درمیان۔ اور روح کلی برزخ ہے بندے اور خدا کے درمیان۔

روح امری فرشتوں میں ہے۔ اللہ تعالی قرآن میں فرماتا ہے۔

فالمقسمات امرا

قسم ہے امر تقسیم کرنے والے فرشتوں کی۔

کیونکہ امر کن سے ہوتا ہے اور کن مادے کی علت ہے یعنی کن وہاں ہوتا ہے کہ جہاں مادہ نا ہو۔

فالمدبرات امرا

قسم ہے امر کی تدبیر کرنے والے فرشتوں کی

فاذا سویته ونفخت فیه من روحی فقعوا له ساجدین

جب میں آدم کے اعضاء و جوارح لگا چکوں اور جب اس میں وہ روح پھونک چکوں جو مجھ سے ہے تو اسے سجدہ کرو۔

پس ثابت ہوا کہ آدم کی روح فرشتوں کی روح سے افضل ہے وگرنہ خدا کبھی اسکو سجدہ کرنے کا نا کہتا۔ تو یہ روح روح منہ ہے جو آدم کو عطا ہوئی۔

لقد اعطینا عیسی ابن مریم البینات وایدناه بروح القدوس

ہم نے عیسی علیہ السلام کو کھلے معجزات عطا کئے اسکی تائید کی روح القدس کے ساتھ۔ یعنی عیسی علیہ السلام کے اندر جو روح منہ ہے وہ روح القدس کی محتاج ہے، پس ثابت ہوا کہ روح القدس روح منہ سے بھی افضل ہے

ارواح قدسی وکلی کون ہیں؟

اسکو سمجھنے کے لئے مولی امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ کا قول پیش کرتا ہوں۔ فرمایا

روح جبرائیل اور میکائیل دونوں سے بڑی مخلوق ہے، وہ رسول ﷺ کے ساتھ تھی آجکل ہمارے ساتھ ہے۔

ہم روحانیت کیسے حاصل کریں؟

روحانیت عبادت سے ملتی ہے؟ نہیں۔ عبادت تو فرض ہے۔ وہ تو کرنی ہی ہے۔ روحانیت عبادت سے ملتی تو ہر مسجد کا امام ولی ہوتا کیونکہ کسی بھی علاقے میں ایک مسجد کے امام سے زیادہ کسی کے لئے عبادت گزار ہونا ذرا مشکل ہے۔

حدیث نبوی ﷺ ایک گھنٹہ کسی عالم کی صحبت میں گزارنا ہزار سال کی عبادت سے بہتر ہے۔

کیونکہ "روحانیت" مادیت سے افضل ترین ہے لہٰذا اسکے حصول کے لئے بھی افضل ترین عمل کی ضرورت ہے، اور وہ

عمل ہے حصول علم

آدم کا دنیا میں خلیفہ بننا بھی اسی علم کے سبب قرار پایا کہ جس سے فرشتے ناواقف تھے۔اور علم پر زور اس لئے دیا گیا کہ علم ہی وہ واحد ذریعہ ہے کہ جو انسان کو دیگر مخلوقات سے اشرف بناتا ہے۔افضلیت کا یہ منصب " عرفان" کی منازل طے کئے بغیر نہیں ملتا۔اعمال کو کتب سے رٹ کر ایک نئی کتاب یا فیس بک کے گروپ میں نقل کر دینا علم نہیں ہے۔

علم تحقیق سے حاصل ہوتا ہے۔تحقیق کے لئے متعدد اقسام کے علوم حاصل کرنا پڑتے ہیں،اسکے بعد ان علوم میں سے مختلف حقائق کو کشید کر کے آپس میں مربوط کیا جاتا ہے پھر اسے تجربات کی کسوٹی پر پرکھ کر مزید نتائج حاصل کئے جاتے ہیں تب جا کر انسان کی نظر کے سامنے سے حجابات سرکنے کا عمل شروع ہوتا ہے۔اور انسان اس قابل ہوتا ہے کہ عملی طور پر خدمتِ خلق کر سکے۔ایک ڈاکٹر برسوں پڑھائی کرنے کے بعد اس قابل بنتا ہے کہ کسی مریض کا علاج کر سکے،اسکے لئے اسے کسی اعلی تعلیمی ادارے سے طب کی مکمل تعلیم حاصل کرنا پڑتی ہے۔اسکے بعد برسوں دیگر ڈاکٹر حضرات کی زیر نگرانی کسی ہسپتال میں ہاؤس جاب کرنے کے بعد وہ اس قابل ہوتا ہے کہ اپنا خود کا کلینک کھول سکے۔اسکے مقابل نام نہاد حلیم چند کتابچے اور مرحوم دادا کی ڈائری پڑھ کر بندے مارنا شروع کر دیتا ہے۔آپ سمجھ گئے ہونگے کہ میرا اشارہ کس کی طرف ہے۔تو فرق ہے۔علم کی منزلت کو پہچانے بغیر روحانیت کا حصول ناممکن ہے۔عبادات کی اہمیت سے نعوذ باللہ انکار کرنے والا کافر ہے لیکن وہ تو فرض ہے وہ تو کرنا ہی ہے۔

انا مدینۃ العلم و علی بابھا.

میں ﷺ علم کا شہر ہوں اور علی رضی اللہ عنہ اسکا دروازہ۔

اس حدیث سے ثابت ہو جاتا ہے کہ رسول ﷺ تک پہنچنا علی رضی اللہ عنہ کے وسیلے کے بغیر ناممکن ہے۔اس وسیلے کی مدد سے ہی علم ملتا ہے اور علم انسان کو روحانیت کے لئے اہل و حقدار بناتا ہے۔علم کے بغیر شیطانیت تو مل سکتی ہے لیکن روحانیت نہیں۔

حکیم،درویش،پیر،عامل کامل،روحانیت کے تمام دعوی دار اگر کسی قابل ہیں تو آئیں اور میری طرح اس پلیٹ فارم پر دس لوگوں کا علاج کر کے دکھائیں۔شرط یہ ہے کہ لوگوں کو پڑھنے کے لئے نقل شدہ اعمال نا دیں بلکہ

اپنی روحانی قوت کہ جس کے دعویٰ دار ہیں اسکا استعمال کر کے علاج کریں۔روحانیت ہے تو اپنی وال پر کتب سے اعمال نقل کرنا بند کریں اور اپنے مستجاب الدعوات ہونے کا ثبوت پیش کریں۔مجھے گالی دینے سے یا بُرا بھلا کہنے سے آپ روحانیت حاصل نہیں کر پائیں گے۔علی رضی اللہ عنہ اور انکی آل سے بغض رکھنے والے شیطانیت کے علمبر دار تو ہو سکتے ہیں تاہم روحانیت سے انکا دور کا بھی واسطہ ناممکن ہے۔

علی رضی اللہ عنہ سروردان گلشن رشدو ہدایت ہے

علی رضی اللہ عنہ مولائے امت ہے علی شاہ ولایت ہے

تعویزات کے پیچھے حقیقت

آپ نے سنا ہو گا کہ فلاں مقام پر تعویز دفن ہے جب تک وہ نا نکلے گا جادو کا اثر ختم نا ہو گا۔عموماً ایسے تعویز مطلوب کے گھر یا اسکے آس پاس دبائے جاتے ہیں۔یہ تعویز کیا ہوتے ہیں۔دراصل ان تعویزوں کی حیثیت ایک گیٹ وے کی ہوتی ہے جہاں سے شیاطین اور جنات تھرڈ ڈائمینشن میں یعنی مطلوب کے گھر اور اسکی زندگی تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔جنات اور شیاطین کو کیونکہ اپنے ارادے کے تحت انسانوں کو نقصان پہنچانے کی اجازت نہیں ہے لہٰذا یہ دیگر شیطان نما انسانوں کو استعمال کرتے ہیں جب عامل کا ارادہ کسی دوسرے انسان کو نقصان پہنچانے کے لئے شیطان کے ہمراہ ہو جاتا ہے تو شیطان اس قانون سے بَری ہو جاتا ہے کہ جسکے تحت وہ کسی انسان کو براہ راست کوئی جسمانی یا مالی نقصان پہنچانے سے قاصر ہوتا ہے۔

یہ گیٹ وے کیسی قسم کے ہوتے ہیں جیسے مختلف تحائف جو عاملین مطلوب کو دیتا ہے۔اسکے علاوہ شیاطین گھروں میں موجود آئینوں کو ایک گیٹ وے کی صورت میں استعمال کر سکتا ہے۔دیگر اشیاء میں مطلوب کے جسم کے اعضاء جیسے بال، ناخن وغیرہ بھی شیاطین کی پسندیدہ گیٹ وے ہیں۔تعویذات انہی کی ایک قسم ہے۔

تعویز کی طبع متعلقہ جن کی طبع کے مطابق تیار کی جاتی ہے بمطابق عمل جیسے آتش، باد، آب اور خاک۔جنات ان چار اقسام کے ہوتے ہیں۔

جلالی و جمالی پرہیز کی لاجک

۞ دین اسلام میں جو شے حلال ہے وہ حلال ہے اور جو حرام وہ حرام، حلال شئے کو خود پر حرام کرنا بغیر کسی عذر شرعی یا طبی جائز نہیں۔ احادیث سے ثابت ہے کہ جنات کی غذا انسانوں کی چھوڑی ہوئی ہڈیاں ہیں تو جب جنات خود ترک حیوانات پر قائم نہیں تو دوران عملیات انسان کو کیا مصیبت پڑی ہے کہ وہ ترک حیوانات کرے، تاہم اقوال آئمہ کے مطابق مومن کے لئے نصیحت ہے کہ اپنے شکم کو حیوانات کا قبرستان مت بناو، قول آئمہ حکمت سے خالی نہیں ہوتا لہٰذاء دوران عمل بلکہ روزمرہ کی زندگی میں بھی گوشت کا استعمال کم رکھیں۔ وہ خوراک جو اسلام کے آغاز یعنی دعوت ذوالعشیرہ کے دسترخوان کی زینت بنی ہو کہ جسکی تیاری مولی علی رضی اللہ عنہ نے اور میزبانی رسول اللہ ﷺ نے فرمائی ہو اسکو خود پر حرام کرکے آج کا مسلمان کونسی روحانیت حاصل کرنا چاہتا ہے، میری سمجھ سے تو یہ مسئلہ باہر ہے۔

۞ باقی جہاں تک ملائک یا مؤکلین کا سوال ہے تو وہ خوراک کا استعمال سرے سے نہیں کرتے نیز کیونکہ وہ معصوم ہوتے ہیں لہٰذاء امر ربی کے برخلاف عمل نہیں کرسکتے۔ کیونکہ احادیث میں گوشت کو کھانوں کا سردار قرار دیا گیا ہے اور قرآن پاک نے اسکو حلال جانا ہے تو ممکن ہی نہیں کہ ملائک ان کے استعمال کرنے والوں کو زک پہنچائیں۔

۞ لہٰذاء پرہیز وغیرہ خوراک کی حد تک بس اتنا ہے کہ گوشت کم کھائیں اور شکم سیری سے بھی اجتناب فرمائیں، گناہ کبیرہ سے ختمی طور پر پرہیز کریں، انسان غلطیوں کا پتلہ ہے اگر گناہ نا کرے تو معصوم کہلائے جو صرف انبیاء اور اللہ کے مقربین ملائکہ بلافصل کا وصف ہے، تاہم کم سے کم گناہ کریں اور احساس گناہ کو ختم مت ہونے دیں۔ غلطی ہوتے ہیں فوراً توبہ کریں اور استغفار کریں۔ سورہ توبہ اور سورہ نور کی تلاوت کو معمول بنائیں۔ مولی علی رضی اللہ عنہ کی ولایت و نگاہ شفقت و کرم اور سلسلہ محبت پر کامل اعتماد رکھیں۔ اور حضور ﷺ کی ذات پر درود پاک کی کثرت کریں کوئی وجہ نہیں کہ آپ ناکام ہوں۔

subconscious mind to conscious mind

۞ شعور، لاشعور اور تحت الشعور انسانی دماغ کے تین مختلف افعال ہیں۔ شعور ظاہری اور لاشعور باطنی فعل ہے۔ شعور کی مثال کمپیوٹر سی پی یو کی ہے جو معلومات کو پروسیس کرتا ہے۔ لیکن معلومات کو سٹور نہیں کرسکتا یعنی اس میں معلومات کا ذخیرہ وقتی طور پر ہوتا ہے۔ لاشعور معلومات کو پروسس بھی کرتا ہے اور سٹور بھی کرتا ہے۔ جبکہ تحت الشعور صرف اور صرف معلومات کو سٹور کرتا ہے۔

۞ اب ہوتا یہ ہے کہ ہمارے ارد گرد جو کچھ بھی ہوتا ہے وہ ہمارے حواس خمسہ کے ذریعے سے ہمارے شعور میں جاتا ہے جو ہمارے کلچر، مذہب، ایمان، تربیت، رہن سہن کے فلٹرز سے چھن کر شعور کی سطح پر اجاگر ہوتا ہے اور شعور اسکا کوئی مطلب اخذ کرتا ہے۔

۞ شعور اور لاشعور کے فنکشن کو سمجھنے کے لئے ایک مثال ملاحظہ فرمائیں۔ آپ کسی جگہ پہلی دفعہ جاتے ہیں تو آپکو راستہ کھلی آنکھوں اور پورے ہوش وحواس سے طے کرنا ہوتا ہے لیکن جب آپ متعدد بار کسی ایک ہی جگہ جاتے ہیں تو آپکا شعور اس سارے پروسس سے لاپرواہ ہو کر اسے لاشعور کے حوالے کر کے لاتعلق ہو جاتا ہے پھر آپکا لاشعور آپکو بتاتا ہے کہ آگے سے مڑ جاؤ اور 1 کلو میٹر کے بعد بایاں موڑ لے لو وغیرہ۔

۞ لاشعور اور شعور میں وہی فرق ہے جو ایک کیلکولیٹر اور سپر کمپیوٹر میں ہوتا ہے۔ لاشعور آپکے تمام جسم کو چلاتا ہے جیسے دل کا دھڑکنا، پھیپھڑوں کا پھیلنا اور سکڑنا، بھوک کا وقت پر لگنا، نیند آنا ہر فعل لاشعور کے ذمہ ہے اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ لاشعور کی طاقت کیا ہے۔

۞ ہماری یادداشت شعور سے لاشعور میں محفوظ ہو جاتی ہے اسکے بعد جب وہ کافی عرصے تک استعمال نہیں ہوتی تو بالآخر تحت الشعور میں چلی جاتی ہے۔ یادداشت محفوظ ہوتے وقت دماغ اس یادداشت یا واقع سے متعلق انسانی جذبات کی شدت کے مطابق یادداشت کو محفوظ کرتا ہے جذبات جتنے شدید ہوں یاداشت اتنی ہی آسانی سے بوقت ضرورت شعور کی سطح پر آجاتی ہے۔

بالکل ویسے جیسے ہارڈ ڈرائیو سے ڈیٹا ریم میں لوڈ ہوتا ہے۔ اور سی پی یو اسکو پروسیس کرتا ہے۔

۞ شعور سے کیا گیا فیصلہ اتنا درست نہیں ہوتا کیونکہ شعور کمزور ہے لاشعور مضبوط لاشعور کو دل کی آواز بھی کہہ سکتے ہیں یا الہام سے بھی تشبیح دی جاسکتی ہے کیونکہ لاشعور کا تعلق ہماری ہائر سیلف سے ہوتا ہے۔

۞ لاشعور کی طاقت کا اندازہ آپ اپنے خوابوں سے لگا سکتے ہیں خواب کتنے creative ہوتے ہیں آپ جاگتے ہیں ایسا خواب نہیں بن سکتے۔شاعر کو آمد ہونا لاشعوری کوشش ہے ایجادات لاشعور کی کارستانیاں ہیں۔

یہ ایک چھوٹا سے تعارف تھا جو شاید میں تقریر کی صورت میں بہتر طریقے سے گوش گزار کرسکتا۔

انا یعنی (ego) کیا ہے؟

ہماری انا شعور پر حاوی ہو کر جو کچھ سوچتی ہے اسے لاشعور ایک فرمانبردار بچے کیطرح سیکھنا جاتا ہے جو نتیجتا منفی خیالات منفی سوچ کو اور منفی سوچ منفی اعمال کو جاری کرتی ہے لاشعور ہماری فطرت ثانیہ ہے لہٰذا منفی طرز عمل اس میں ہر اس وقت جھلکتا ہے جب شعور لاشعور کے سامنے گھٹنے ٹیک دیتا ہے۔اس لئے لاشعور کی بہتر تربیت بہت ضروری ہے کیونکہ یہ ایسا بدمست ہاتھی ہے جسے شعور اپنے کمزور اور ناتواں ہاتھوں سے قابو نہیں کرسکتا۔البتہ اسکی تربیت ضرور کرسکتا ہے بالکل ویسے جیسے کمزور مہاوت اپنی کمزور لاٹھی سے ہلکی ہلکی ضربیں لگا کر دیوقامت ہاتھی کو اپنے اشاروں پر ناچنے پہ مجبور کر دیتا ہے۔

۞ ہماری ”انا“ یعنی” ego ”شعور پر تصرف حاصل کر کے اسے جس جس باطل سوچ میں مبتلا کرتی ہے لاشعور اسے ایک فرمانبردار طفل کی مانند سیکھتا چلا جاتا ہے۔پھر منفی خیالات منفی سوچ کو اور منفی سوچ منفی اعمال کو بشر کی فطرت ثانیہ میں گوندھ دیتے ہیں۔ایسے انسان میں منفی طرز عمل ہر اس لحظہ جھلکتا شعور غفلت جھلکتا ہے جب جب میں مبتلا ہو کر لاشعور کو من مانی کی اجازت دیتا ہے یا اسکی طوفانی طاقت کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتا ہے۔اسی سبب کے تحت لاشعور کی بہتر تربیت بہت ضروری ہے کیونکہ یہ ایسا بدمست ہاتھی ہے جسے شعور اپنے کمزور اور ناتواں ہاتھوں سے قابو نہیں کرسکتا۔البتہ اسکی تربیت ضرور کرسکتا ہے بالکل ویسے جیسے ناتواں مہاوت کمزور لاٹھی سے ہلکی ہلکی ضربیں لگا کر دیوقامت ہاتھی کو اپنے اشاروں پر ناچنے مجبور کر دیتا ہے۔

درحقیقت عامل کون ہوتا ہے؟

۞ بات کو آگے بڑھانے سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ عامل کی تعریف کیا ہے۔ ہر وہ شخص جو کسی بھی عمل کو سرانجام دیتا ہے، عامل ہے۔ نماز پڑھنا ایک عمل ہے تو نمازی عامل نماز ہے اور اس عمل کے ردعمل میں جنت میں محلات اور باغات کی تخلیق کی علت قرار پاتا ہے بشرطیکہ نماز کی تمام شرائط کو بطریق احسن اور اللہ کی قربت کی نیت سے سرانجام دے، نماز پڑھنے سے پہلے وضو کرنا ایک عمل ہے اور اس عمل کے نتیجے میں وضو کے پانی کے قطروں سے فرشتوں کی تخلیق ایک ردعمل ہے، عمل نیک تو مثبت انرجی میں اضافہ، عمل بد تو منفی انرجی میں اضافہ، آپ نے جھوٹ بولا، غیبت کی تو نا صرف شیاطین خوش ہوکر آپکے قریب آیا بلکہ دوزخ میں ایک سانپ یا بچھو آپکی آؤ بھگت اور خدمت گزاری کے لئے خلق ہوگیا، گویا آپکا ہر عمل آپکی نیت کے مطابق مثبت یا منفی قوتوں کو نا صرف اپنی طرف متوجہ کر رہا ہے بلکہ مشیت الٰہی کے تحت عدم سے تخلیق بھی کر رہا ہے۔

۞ اس تمہید سے پتہ چلا کہ جو کوئی بھی شخص کسی بھی قسم کے نورانی یا سفلی ورد یا منتر کا جاپ کرتا ہے، عامل ہے، اور ہر عمل کا ردعمل تمہید بالا سے ثابت ہے، احباب کا یہ کہنا کہ بھائی ہمارے پاس تو کوئی مؤکل نہیں ہم تو سیدھے سادھے بندے ہیں، جہالت ہے۔ ان اندھوں کو معلوم ہی نہیں کہ ہر منتر کے جاپ سے یہ سفلی مؤکلین کی ایک ٹڈی دل فوج کو اپنے ناپاک مقاصد کے حصول کے لئے اپنے ساتھ کرتے چلے جا رہے ہیں۔ اور بظاہر سمجھ رہے ہیں کہ یہ اکیلے ہیں۔

۞ اسی طریق سے احادیث سے ثابت ہے کہ قرانی آیات کی تلاوت سے اللہ تعالیٰ فوری فرشتوں کو انسانوں کی مدد اور نصرت کے لئے معمور کر دیتا ہے، یہ کوئی ڈھکی چھپی حقیقت نہیں ہے، سب جانتے ہیں۔ تو موکل ہر شخص کے پاس ہے، اسے علم ہو یا نا ہو۔ کیونکہ جب شمع روشن ہوتی ہے تو پروانے آہی جاتے ہیں۔ آپ قرانی اعمال کریں تو ملائک آپکو گھیرے میں لے لیتے ہیں اور شیطانی اعمال کریں تو شیاطین، یہ بہت ہی آسان فہم بات ہے جسے میں نے بہت ہی سلیس اردو میں قارئین کے لئے بیان کر دیا ہے۔ اب بھی کوئی نا سمجھے تو وہ اپنی عقل کا علاج کروائے، کیونکہ اس سے زیادہ سہل انداز میں میرے لئے ان پیچیدہ گتھیوں کو سلجھانا ممکن نا ہوگا۔

حقیقت تسخیر

تسخیر کچھ بھی نہیں ہوتی یہ ایک محبت کا رشتہ ہوتا ہے جو شیطان، شیطان صفت لوگوں کے شیطانی اعمال اور جنتر منتر کی صورت میں کی گئی پوجا پاٹ سے خوش ہو کر مراعات کی صورت میں اپنے چیلے چانٹوں کی فوج کو ان بدکردار جادوگروں کے حوالے کرتا ہے، اور نیک وصالح لوگوں کی نیک نیتی اور خدمت خلق کے جذبے سے خوش ہو کر اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کی امداد ونصرت کے لئے نیک ارواح، بزرگ جنات اور ملائک کو انکے ہمراہ کر دیتا ہے۔ اللہ کو نا تو فرشتوں کی ضرورت ہے اور نا ہی اسکے پاس اس مخلوق کی کمی۔ اب جنکی باطنی آنکھ کسی سبب کے تحت بیدار ہوتی ہے وہ اپنے اردگرد موجود مثبت ومنفی قوتوں سے نا صرف آگاہ ہوتے ہیں بلکہ ضرورت پڑنے پر ان سے بھرپور مدد بھی حاصل کر لیتے ہیں۔ جو اس نعمت سے محروم ہیں انکی امداد کے لئے بھی یہ قوتیں ہر وقت فعال رہتی ہیں تاہم گفتگو نا ہونے کے سبب محبت کا رشتہ اتنا مضبوطی سے استوار نہیں ہو پاتا کہ جتنا ان لوگوں کا ہوتا ہے جو اپنے ساتھ ہر وقت موجود مخلوق کی موجودگی سے نا صرف آگاہ ہوتے ہیں بلکہ ان سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی رکھتے ہیں اور یہ بڑی سامنے کی بات ہے کہ جس سے بات چیت بڑھ جائے اس سے انسیت بھی بڑھ ہی جاتی ہے پھر چاہے وہ مخلوق شیطانی ہو یا ربانی۔ بالکل ویسے جیسے میں خاموش قارئین کی نسبت ان احباب سے زیادہ مانوس ہوں جو میری پوسٹس کو لائک یا ان پر کمنٹس کرتے رہتے ہیں۔

رفتار

انسانی نگاہ سے اوجھل ہونے کا واحد رستہ رفتار ہے۔ یعنی ایسی رفتار جسکے مقابل وقت کی رفتار تھم جائے۔ ایک ایسا جہاں کہ جس میں وقت کی رفتار ہماری اس دنیا سے یکسر مختلف ہے۔ جیسے ہمارا ایک سیکنڈ شاید انکے ایک دن یا ایک ہفتے کے برابر ہے۔ لہٰذا جب اس دنیا کی مخلوق اپنے جہاں کو چھوڑ کر ہماری دنیا میں داخل ہوتی ہے تو وقت اسکے لئے تھم جاتا ہے اور بشمول انسان ساری کی ساری کائنات ساکت بیجان بت کی مانند دکھائی دیتی ہے۔ اپنی اسی رفتار کے سبب یہ مخلوق دنیا کہ ایک کونے سے دوسرے کونے کا سفر سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں کر لیتی ہے اور اسی رفتار کے سبب یہ انسان کی نظروں سے پوشیدہ بھی رہتی ہے۔ جنات، ملائک، پری، ارواح یہ تمام اس دوسری

دنیا سے تعلق رکھتے ہیں جہاں وقت کی رفتار اور پیمائش ہماری دنیا سے یکسر مختلف ہے۔ان تمام مخلوقات کے اجسام ایک انتہائی تیز رفتار فریکوینسی پر مرتعش ہیں جسے انسانی آنکھ دیکھنے سے قاصر ہے۔

فریکوینسی کیا ہے؟

۞ یہ بات آج روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ روحانی علوم میں کامیابی کے لئے عامل کے روحانی ہالے کا قوی ترین ہونا لازم وملزوم ہے، کیونکہ ضعیف جسم لطیف نا صرف عمل میں ناکامی کا موجب بنتا ہے بلکہ انسان کو شدید ترین رجعت میں بھی مبتلا کر دیتا ہے۔

۞ روحانی ہالے کو باقوت رکھنے کے لئے لازم ہے کہ انسان کی فریکوینسی بلند سطح پر برقرار رہے، مگر یہ ہوگا کیسے؟ یہ سوال اکثر مجھ سے پوچھا جاتا ہے۔اس مدعے کو سمجھنے کے لئے پہلے انسانی جسم و جاں کی ساخت اور اس میں بپا ہونے والی کیمیائی تبدیلیوں کو سمجھنا بہت ضروری ہے۔

۞ انسانی جذبات دراصل بائیو کیمیکل ریسپونس کے تحت جنم لیتے ہیں، محبت، نفرت حسد، لالچ وغیرہ تمام کے تمام محض انسانی جسم و ذہن میں مختلف کیمیکلز کی کمی یا زیادتی کے سبب پیدا ہوتے ہیں، منفی جذبات مضر صحت کیمیکلز کے انسانی ذہن میں اخراج کے سبب پیدا ہوتے ہیں اسکے برعکس مثبت جذبات ایسے کیمیکلز کے خروج کے سبب جنم لیتے ہیں کہ جو انسانی جسم و جاں کی نشوونما اور حفاظت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

۞ یہاں تک یہ بات تو سمجھ میں آتی ہے کہ جذبات کیمیکلز میں اتار چڑھاؤ کے سبب جنم لیتے ہیں، سوال اب یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان کیمیکلز کا انسانی ذہن میں خروج کے ذمے دار کون سے عوامل ہیں، اگر انکو سمجھ لیا جائے تو انسان بآسانی اپنے جذبات کو کنٹرول کر کے اپنی فریکوینسی کو بڑھا سکتا ہے کہ جسکے نتیجے میں انسانی اورا مضبوط تر ہو جاتا ہے۔

۞ انسانی ذہن میں کیمیکلز کا خروج دراصل ان خیالات کے سبب ہوتا ہے کہ جن میں ہم اپنی شعوری کاوش کی مدد سے انرجی کی منتقلی کرتے ہیں۔یہ بات بہت اہم ہے، مثبت و منفی خیالات کا ذہن میں ابھرنا انسان کی مرضی کے تابع ہونا ناممکن ہے تاہم منفی خیالات کو تقویت دینا اور اُن میں مزید منفی خیالات کا شعوری طور پر اضافہ کرنا عین

انسان کی مرضی پر منحصر ہے۔ منفی خیالات کو ہم شیطانی وساوس بھی کہتے ہیں پس جیسے ہی شیطان ہمارے ذہن میں کوئی منفی خیال پیدا کرتا ہے بحیثیت ایک عام انسان ہم سوچے سمجھے بغیر اس منفی خیال پر مزید غور کرنا اور اسکو تقویت دینا شروع کر دیتے ہیں، جسکے نتیجے میں انسانی دماغ سے ایسے کیمیکلز کا اخراج شروع ہو جاتا ہے کہ جو انسان کو ڈپریشن میں مبتلا کر دیتے ہیں نتیجتاً انسان کی فریکوینسی کم ہو جاتی ہے جس سے انسانی جسد خاکی و جسم لطیف دونوں پر بہت بُرا اثر پڑتا ہے۔

۞ میں نے تمام باتیں کھول کر تحریر کر دی ہیں اگر اب بھی کوئی نا سمجھے تو میرا اس میں کوئی قصور نہ ہوگا۔ پس یوں سمجھ لیں کہ اگر آپ اچھا محسوس کر رہے ہیں تو انکی فریکوینسی زیادہ ہے اور اگر آپ بہت بُرا محسوس کر رہے ہیں تو آپکی فریکوینسی کم ہے۔

۞ آپ مندرجہ ذیل تدابیر کو اپنی روزمرہ زندگی میں اختیار کر کے نہ صرف ایک خوشگوار صحتمند زندگی گذار سکتے ہیں بلکہ اپنے اوراز کو مضبوط تر رکھ کر ہر قسم کے روحانی حملوں سے بھی خود کو بچا سکتے ہیں نیز روحانی علوم میں بھی خاطر خواہ کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔

۱۔ سب سے پہلے اپنی زندگی سے تمام اُن دوستوں کو نکال دیں جو آپکو منفی جذبات و احساسات میں مبتلا کرتے ہیں۔

۲۔ مارننگ واک کو زندگی کا معمول بنالیں، روزانہ ننگے پاؤں گھاس پر پندرہ منٹ چلنے سے زمین کی ہائی فریکونسی آپکے جسم میں خاکی عنصر کو باقوت کرے گی، یاد رہے کہ عناصر اربع کا انسانی جسم میں توازن ہی روحانی و جسمانی صحت کو برقرار رکھنے کی کلید ہے۔

۳۔ نہار منہ کم از کم چار گلاس نیم گرم پانی پیا کریں اس سے آپکے جسم میں موجود آبی عنصر کو تقویت ملے گی یاد رہے کہ انسانی جسم کا تقریباً اَسی فیصد حصہ عنصر آب پر مشتمل ہے، بہتر ہوگا کہ سورہ کوثر کا دم شدہ پانی نہار منہ استعمال کریں۔

۴۔ مارننگ واک کے بعد زمین پر بیٹھ کر تنفس کی کوئی بھی مشق کم از کم دس منٹ تک کریں اس سے آپکے جسم میں عنصر باد میں توازن پیدا ہوگا۔ اور انرجی کا بہاؤ بہتر ہوگا۔

۵۔ قرآن کی تلاوت کو معمول بنائیں اور زیادہ سے زیادہ درود پڑھیں۔ اس سے آپکے اندر نور پیدا ہوگا کہ جو عنصر آتش کو نورانی طور پر تقویت دے گا۔

۶۔منفی جذبات اگر پیدا ہوں تو انکو دبانے کے کوشش مت کریں بلکہ کسی کاغذ پر لکھ کر اسکو نظر آتش کر دیں اس سے آپکا من ہلکا ہو جائے گا اور کسی کی دل آزاری بھی نہ ہوگی۔

۷۔مارننگ واک کے دوران تھوڑی سی سٹریچنگ ایکسر سائز یا یوگا کریں۔اس سے آپکے جسم میں موجود تناؤ ختم ہو گا اور انرجی کا بہاؤ بہتر ہو جائے گا۔

۸۔مراقبے کو معمول بنائیں

کائنات میں غائبانہ فریکونسز

۞ کائناتی شعور اللہ کا بنایا ہوا ایک ایسا ذہن ہے کہ جس میں قوانین قدرت کو سمو دیا گیا ہے، اسی کائناتی شعور کے تحت نظام کائنات چل رہا ہے۔ہمارے لاشعور درحقیقت اس ایک کائناتی شعور کا حصہ ہیں۔کائناتی شعور اور انسانی لاشعور میں اتنا ہی فرق ہے کہ جتنا سمندر میں اور سمندر ہی کے پانی کے ایک قطرے میں، گویا اپنی اصل میں دونوں ایک ہی ہیں۔جیسے کائناتی شعور اس کائنات کو چلانے کا ذمے دار ہے بلکل ویسے ہی ہمارا لاشعور انسان کے اندر موجود کائنات کو چلانے کا ذمے دار ہے۔انسان بذات ایک کائنات سے کم نہیں لہٰذاء دونوں شعور یعنی انسانی و کائناتی میں ایک قدر مشترک ہے، یعنی کائنات کو چلانا۔یہ دونوں شعور نا صرف ایک دوسرے سے مماثلت رکھتے ہیں بلکہ ایک دوسرے سے مربوط بھی ہیں، تمام مخلوقات شعور مختلف حالتوں میں موجود ہے جو ایک کائناتی شعور سے جڑا ہونے کے سبب ایک ہی نظام کا حصہ ہے۔

۞ انسانی لاشعور اس ایک نظام کا حصہ ہونے کے سبب قوت ارادی، ارتکاز اور قوت تخیل کی مدد سے کائناتی شعور کے اندر ایسے قوانین پیدا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو انسانی شعور اور اجسام میں تغیرات پیدا کر سکتے ہیں، خواہ ان کا نتیجہ انسانی جسم پر اچھا ہو یا برا۔

خیالات کیا ہیں؟

۞ کائنات کی سب سے تیز رفتار چیز خیال ہے، جی خیال، روشنی سے بھی زیادہ تیز رفتار کا حامل جو ایک لمحہ کے ہزارویں حصے میں دنیا کہ ایک کونے سے دوسرے کونے میں پہنچ جاتا ہے۔دنیا تو دنیا نظام شمسی کے سیاروں

یا اس سے بھی آگے کی گلیکسیز اور اس میں موجود گردش کرتے اجسام تک پہنچنا خیال کے لئے انتہائی سہل ہے۔

✪ خیال کی تیز رفتاری کا اندازہ آپ اس بات سے لگا سکتے ہیں کہ یہ جس ذہن میں پیدا ہوتا ہے وہ اس کو گرفت میں لینے سے قاصر ہے۔ انسانی دماغ ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں لاکھوں خیالات کو پیدا اور مربوط کر سکتا ہے۔ دماغ جو انسان کو دیگر مخلوقات سے افضل بناتا ہے اسکی اصل دراصل نور ہے یہ محدود نہیں بلکہ لامحدود قوتوں کا حامل ہے وہ الگ بات کہ انسان ابھی تک صرف اور صرف انسانی ذہن کا زیادہ سے زیادہ سات یا آٹھ فیصد حصہ ہی اپنے استعمال میں لا سکا ہے۔ اور اس پر سائنس کی ترقی کا یہ عالم ہے کہ دنیا تقریباً تباہی کے دھانے پر کھڑی ہے۔

✪ محدود اور لامحدود کی بحث میں اس بات کو مدنظر رکھنا چاہیئے کہ جس بھی شئے کی حدود معین نا ہوں وہی لا محدود کہلاتی ہے۔ یعنی وہ چیز جو ابھی کسی بھی زاویہ سے مسلسل پھیل رہی ہو اور جمود کا شکار نا ہو لامحدود کہلائے گی۔ جیسے کائنات، کیونکہ یہ مسلسل پھیل رہی ہے لہٰذا محدود ہوتے ہوئے بھی لامحدود ہے کہ اسکے پھیلاؤ کے عمل میں فی الوقت ٹھراؤ پیدا نہیں ہوا۔

✪ یہ خیال ہی ہے کے جس کہ دوش پر سوار ہو کے نظر بد ایک سیکنڈ کے ہزارویں حصے میں دنیا کہ ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچ کر پتھر کے جگر کو پارہ پارہ کرتی ہے۔

✪ خیال کی قوت کا اندازہ لگانا ناممکن ہے اگر انسان اس پر مکمل گرفت کر لے تو یہ Laser سے زیادہ خطرناک ثابت ہوسکتا ہے۔ یہ خیال ہی کی قوت ہے جو دعاؤں اور عبادات میں اثر پیدا کرتی ہے۔ اعمال ونقوش میں کامیابی و ناکامی کا دارومدار بھی خیال کی اسی قوت کا محتاج ہے۔ خیالات کا مسلسل بہاؤ کسی خاص سمت میں ناممکن کو ممکن میں بدلنے کی طاقت رکھتا ہے۔ خیال دراصل توانائی کی ایک انتہائی لطیف قسم ہے جو اپنی لطافت کے باوجود زبردست قوت کی حامل ہے۔ یہ آپکی زندگی میں خوشیاں بھر سکتی ہے یا آپکی زندگی کو برباد کر سکتی ہے۔ یہ کمان سے نکلا ایک ایسا تیر ہے جو کبھی خطا نہیں جاتا۔

دماغی قوت اور خیال

انسان کا اورا قوتِ حیات یا جسے مختلف زبانوں میں پرانا، چی فورس، لائف فورس یا کی کہتے ہیں سے بنا ہوتا ہے۔ جب انسان کسی خیال، جذبے یا خواہش کو اپنے ذہن میں جنم دیتا ہے اور اسکو اپنے ارادے اور ارتکاز سے قوت بخشتا ہے، جو ایک قدرتی عمل ہے، تو اس سے انسان کے اورا میں بہت شدت سے کچھ لہریں ارتعاش پذیر ہوتی ہیں۔ جو آہستہ آہستہ ایک گولے کی سی صورت اختیار کر لیتی ہیں جو چی فورس سے مکمل طور پر لبریز ہوتا ہے۔ یہ تھاٹ فارم انسان کے اورا کے اندر کچھ گھنٹے یا کچھ دن برقرار رہتی ہے اور انسان کے اپنے اور اطراف کے لوگوں پر اچھا یا برُا اثر، اپنی طبع کے حساب سے مرتب کرتی رہتے ہے۔ بعض دفعہ یہ تھاٹ فارم اتنی کے ساتھ پیدا اور مرتعش ہوتی ہے کہ انسانی اورا کو چھوڑ کر اسٹرال پلین پر سفر کرتی ہوئی دور تک جاتی ہے لیکن آہستہ آہستہ اسکی قوت کمزور پڑ جاتی ہے اور یہ بالآخر آسٹرال پلین میں ہی تحلیل ہو جاتی ہے۔

سحر، جادو یا طلسم میں ان تھاٹ فارمز سے جانے انجانے میں ہر کوئی کام لیتا ہے۔ مثال کے طور پر جب طالب مطلوب کا خیال ذہن میں رکھ کر یا **ودود** کا ورد کرتا ہے تو اسکے بدن سے ایسی ہی تھاٹ فارم ایک گولے کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے اور تیزی سے مطلوب کیطرف سفر کرتی ہے اسکی قوت کا دارومدار طالب کے اورا کی مضبوطی، اسکے ارادے کے استحکام اور جذبے کی شدت پر ہوتا ہے یعنی طالب کا اورا، ارادہ اور جذبہ جس قدر قوی اور شدید ہوگا یہ تھاٹ فارم اتنی ہی طاقتور ہوگی۔ تاہم یہ تھاٹ فارم زیادہ سے زیادہ سات دن تک زندہ رہتی ہے پھر تحلیل ہو جاتی ہے۔

یہ تھاٹ فارم اگر اتنی قوت کی حامل ہو کہ طالب کے اورا کو چھوڑ کر مطلوب کے اورا میں داخل ہو جائے تو فوراً مطلوب کے ذہن پر اثر انداز ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اب مطلوب جتنا زیادہ حساس ہوگا اور اسکا اورا جتنا زیادہ کمزور ہوگا اس تھاٹ فارم کا اثر اتنا ہی زیادہ اس انسان کی سوچ اور جذبات پر پڑے گا۔ تاہم یہ ضروری نہیں کہ ایک حساس آدمی کا اورا کمزور بھی ہو۔

تھاٹ فارم کو سمجھنے کے لئے یہ ایک مثال تھی اس سے ملتی جلتی کئی مثالیں آپ خود اپنے ذہن سے سوچ

سکتے ہیں جو طلسم، جنتر منتر یا اوراد کے عاملین ہر وقت پیدا اور استعمال کرتے ہیں لیکن ان کو اس بات کا ادراک بھی نہیں ہوتا۔

ٹیلی پیتھی کی حقیقت

کچھ احباب گزشتہ کئی ماہ سے وقتاً فوقتاً مجھے ٹیلی پیتھی کی بابت کچھ معلومات فراہم کرنے کی خواہش کا اظہار کر رہے ہیں۔ مذکورہ علم کی بابت انکی بے چینی کا سبب سسپنس ڈائجسٹ کا مقبول ترین سلسلہ" دیوتا" ہوسکتا ہے۔ میں نے بھی لڑکپن میں مذکورہ ناول کی کچھ اقساط کا مطالعہ کیا تھا میرا مقصد یہاں فرہاد علی تیمور کی سرگزشت سنانا نہیں ہے، میں صرف یہ بات اپنے قارئین کے گوش گزار کرنے کا متمنی ہوں کہ اصل زندگی اور قصے کہانیوں میں بہت فرق ہوتا ہے۔ ٹیلی پیتھی یا ترسیل خیالات کا علم ایک مسلمہ حقیقت ہے جو سائنسی تجربات اور مشاہدات کی رُو سے ثابت ہے، تاہم سائنسدان ہوں یا نفسیات دان کوئی بھی اس ضمن میں کوئی خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کر سکے ہیں۔ میں اس علم کی بنیادی باتوں کو دہرانا چاہوں تو ایک چھوٹا کتابچہ بآسانی تصنیف کرسکتا ہوں جو بحرحال اس علم کی ذیل میں لکھی گئی اب تک کی تمام کتب سے بہتر نہیں تو منفرد ضرور ہوگا۔

ترسیل خیالات کے اس عمل کو ممکن بنانے کے لئے کم از کم دو افراد کی ضرورت ہے جو ایک دوسرے کو پیغامات کی ترسیل اور وصولیابی کے لئے تیار کرسکیں۔ ایسا ممکن نہیں کہ کوئی تنہا مشق کر کے کسی بھی شخص کے خیالات کو اسکی مرضی کے بغیر پڑھ سکے۔ ٹیلی پیتھی کی صلاحیت کا ایک اور پہلو" مائنڈ کنٹرول" ہے۔ اس مقصد کے لئے عامل پہلے اپنے ذہن کو خاص ریاضت اور چند اوراد کی مدد سے اس قابل بناتا ہے کہ انتہائی طاقتور سگنل کو اپنے دماغ میں کسی خاص مقصد کے حصول یا کسی کے ذہن پر اثر انداز ہونے کے واسطے پیدا کر سکے، ایسا کر لینے کہ بعد اس سگنل کو تھاٹ فارم کی صورت میں اپنے مطلوب کے دماغ کیطرف پوری قوت اور توجہ سے پھینکا جاتا ہے۔ جس سے مطلوبہ نتائج ضرور حاصل ہوتے ہیں بشرطیکہ عمل کو تواتر سے جاری رکھا جائے۔ یہ کیونکہ ایک ایسا سربستہ راز ہے کہ جسکے افشاں ہونے سے معاشرے میں پہلے سے موجود شر کی قوتوں کو تقویت ملے گی لہذا میں مناسب نہیں سمجھتا کہ مزید اس موضوع پر کچھ بھی قلم بند کروں۔ میری اس تحریر میں وہ راز پنہاں ہے جسے سمجھ کر کوئی بھی صاحب علم اس

ضمن میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کر سکتا ہے۔

طلسمات

کل کائنات اللہ کے بنائے ہوئے قوانین کے تحت چل رہی ہے۔ وہ قوانین جو اس کائنات کے ظاہری نظام کو چلا رہے ہیں اور جو سائنس کی مدد سے دریافت کئے جا سکتے ہیں، قوانین فطرت کہلاتے ہیں۔ لیکن مخفی و روحانی دنیا کو چلانے کے لئے بھی کچھ قوانین موجود ہیں جو سائنس کی نظروں سے پوشیدہ ہیں اور نا ہی سائنس کی مدد سے انکا ادراک ممکن ہے۔ اور یہی وہ قوانین ہیں جو مادے کی مختلف حالتوں کے ذمہ دار ہیں۔ ان قوانین کا علم کل مخلوق کے اذہان پر مطلوبہ اثرات مرتب کرنے کی اہلیت رکھتا ہے۔ ان قوانین کا اطلاق ایتھر کی مختلف حالتوں اور ارتعاش پذیری سے منسلک ہے۔ یعنی ایتھر کی موجوں پر پیدا ہونے والے تغیرات دراصل ان قوانین کے نفاذ کی علت ہیں۔ اور ایتھر کی کس حالت سے کل عالمین اور اس میں سانس لینے والی ہر ظاہری اور باطنی مخلوق کے اذھان پر کس قسم کے اثرات مرتب ہونگے یہ اللہ کیطرف سے پہلے سے طے شدہ ہے بلکل ویسے جیسے آگ کا جلانا طے ہے۔

۞ ایتھر میں تغیر پیدا کرنے کے لئے لازم ہے کہ عامل یا ساحر ایتھر کو حلال یا حرام طریقے سے اپنے لطیفہ قلب میں ذخیرہ کر سکے اگر طریق شیطانی ہوگا تو ایتھر بھی کالا وارد ہوگا اور اگر طریق قرانی ہوگا تو ایتھر نوری وارد ہو گا۔ اسکے بعد عامل اپنے ذاتی ایتھر سے جو روزمرہ کے اوراد و اشغال یا شیاطین کی پوجا پاٹ سے حاصل شدہ ہوتا ہے اپنے ارادے اور لاشعور کی کارگزاری سے منا میں تبدیل کر کے وارد شدہ ایتھر جو ممکن ہے کہ صدیوں پرانا عمل ہونے کے سبب پہلے سے مطلوبہ حالت میں موجود ہو کر مزید مقصد کے موافق کرتا ہے اور اسکو واپس کائناتی شعور کیطرف لوٹا دیتا ہے۔ چنانچہ اگر ایتھر اس حالت کو پہنچ جاتا ہے کہ جو کسی خاص قانون قدرت کے مطابق و موافق ہو تو اسکو اللہ کی رضا حاصل ہو جاتی ہے کیونکہ وہ پہلے سے طے شدہ امر ہوتا ہے لہذاء عالم مثال میں پہنچ کر وہ ایتھر کسی خاص قانون قدرت کو جاری کرتا ہے کہ جسکا اثر عالمین کی تمام تر مخلوق کے اذھان پر پڑتا ہے جس سے مطلوبہ واقعات حدث ہوتے ہیں۔ یا یوں کہہ لیں کے وہ اسباب پیدا ہوتے ہیں جو مطلوبہ نتائج کی فراہمی کو یقینی بناتے ہیں۔

مؤکل سے کیسے کام لیں!

یہ سوال مجھ سے اکثر پوچھا جاتا ہے۔مؤکل سے کام کیسے لیں گے جب آپ نا اس سے بات کر سکتے ہیں، نا دیکھ سکتے ہیں اور نا ہی اسے سن سکتے ہیں۔ یہ صلاحیت حاصل کرنے کے لئے باطنی طور پر بیدار ہونا لازم ہے۔ جسے چھٹی حس کی بیداری بھی کہا جاتا ہے۔اسکے بیدار ہونے کے بعد کچھ لوگ مؤکلات کو دیکھتے ہیں کچھ سنتے ہیں، کچھ ان سے بات کرنے کے لئے دیگر ذرائع سے کام لیتے ہیں۔ جیسے بلور بینی، علم نقوش، ٹیلی پیتھی، حاضرات، پنڈولم ڈاوزنگ، میڈیئم شپ، مسمریزم، علم جفر آثار وغیرہ وغیرہ جب تک ان میں سے کسی ایک میں مہارت حاصل نا ہو جائے انسان طور پر اس قابل نہیں ہوتا کہ مؤکلین سے کام لے سکے۔گو مؤکلین باطنی طور پر کچھ نا کچھ معاونت کرتے رہتے ہیں لیکن براہ راست ربط اور گفتگو نا ہونے کے سبب امور میں کامیابی ذرا مشکل ہوتی ہے۔

پھر بات یہاں ختم نہیں ہوتی۔باطنی بیداری کے بعد سب سے بڑا مسئلہ یہ پیدا ہوتا ہے کہ دنیا جہاں کے شیاطین عامل پر وارد ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور اصل مؤکلین تک رسائی بہت مشکل کر دیتے ہیں۔ یہ شیاطین اور جنات وغیرہ طرح طرح کے بھیس بدل کر مختلف ہتھکنڈوں سے عامل کو بیوقوف بناتے ہیں اور اسے راہ راست سے بھٹکانے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتے نتیجتاً عامل شیاطین کا آلہ کار بن جاتا ہے جو بظاہر ملائک اور نیک ارواح کے بھیس میں خود کو متعارف کرواتے ہیں۔حد تو یہ ہے کہ آئمہ کرام تک کا نام استعمال کیا جاتا ہے۔انکے اشرار سے بچنے کے لئے عامل کا فقہ اور علم حدیث، خاص کر وہ جو آئمہ کرام سے مروی ہے، میں کافی مطالعہ ہونا چاہئے تا کہ وہ حق و باطل میں تمیز کر سکے وگرنہ اسکا بھٹک جانا لازم ہے۔میں کئی ایسے احباب کو جانتا ہوں کے جو حجابات اٹھ جانے کے باوجود شیاطین کے آلہ کار بن کر رہ گئے ہیں۔

مجھے اعتراف ہے کہ شروع شروع میں میرے ساتھ بھی کچھ ایسا معاملہ پیش آیا جس میں میں دھوکہ کھا گیا تاہم مسلسل مشق اور اقوال آئمہ کرام کی روشنی میں مجھے حق و باطل کی پہچان ہو ہی گئی آج بھی شیاطین بھیس بدل کر مجھے بھٹکانے کی کوشش کرتے ہیں لیکن الحمدللہ مولی علی رضی اللہ عنہ کی نظر کرم کے بدولت اب یہ ممکن نہیں لیکن اسکے لئے مجھے کٹھن ریاضتوں اور تجربات سے گزرنا پڑا۔

۞ آخر میں بس اتنا کہونگا کہ یہ سفر آسان نہیں ہے۔ اور نا ہی ہر کسی کے لئے مناسب ہے۔ خاص کر خواتین کو ان علوم سے دور رہنا چاہیئے۔ کیونکہ مردوں کی نسبت یہ آسانی سے شیاطین کے بہکاوے میں آجاتی ہیں۔

خیال اور سوچ کی قوت سے لہریں

۞ سوچنے یا بولنے کے عمل سے دماغ سے ریڈیائی لہروں سے ملتی جلتی توانائی کی موجوں کا اخراج ہوتا ہے۔ یہ لہریں ریڈیو، گیما، مائکروویوز سے مشابہ ہیں اگر کوئی فرق ہے تو وہ فریکوینسی کا ہے، دماغ کی لہریں دیگر جانی پہچانی ویوز کی نسبت لطیف تر ہیں، یہی وجہ ہے کہ سوچ کی لہریں ریڈیائی لہروں سے متصادم نہیں ہو پاتیں۔ انسانی دماغ جب فکری پرواز کرتا ہے تو ہزراوں اور لاکھوں کی تعداد میں نیورانز فعال ہو کر خیالات کی لہروں کا اخراج کرتے ہیں جو فضائے بسیط میں دور دور تک پھیل جاتی ہیں جو فضائے بسیط میں دور ہیں۔

۞ سوچنے کے عمل میں انسانی ذہن کا شعور اور لاشعور دونوں بیک وقت مصروف عمل ہوتے ہیں۔ جب انسانی شعور سوچنے کے فرائض سر انجام دیتا ہے تو خیال الفاظ کی صورت میں پیدا ہوتا ہے، اور جب لاشعور سوچنے کے عمل میں کارفرما ہوتا ہے تو خیالات ایک فلم یا جیتے جاگتے مناظر کی صورت میں دماغ کی پردہ سکرین پر ظاہر ہوتے ہیں، سوچنے کی اس کیفیت کو ڈے ڈریمنگ یا جاگتی آنکھوں سے خواب دیکھنا بھی کہا جاتا ہے۔

۞ دماغ کی وہ قوت جو ان لہروں کو پیدا کرتی ہے دراصل حروف کی دین ہے، بولتے یا سوچتے وقت، حروف جو اپنی ذاتی توانائی رکھتے ہیں، توانائی میں تبدیل ہو جاتے ہیں، جو لہروں کی صورت میں دماغ سے خارج ہو کر کائناتی شعور میں اپنی طرح کی توانائیوں سے متصل ہو جاتی ہے۔ عموماً بزرگ کہا کرتے ہیں کہ شکل اچھی نا ہو تو بات اچھی کرو" یا" منہ سے ہمیشہ اچھی بات نکالو وقت گھڑی کا کوئی پتہ نہیں ہوتا، وغیرہ۔

۞ ایسا اس لئے کہا جاتا ہے کیونکہ جب ہم کوئی منفی سوچ اپنے ذہن میں شعوری طور پر پیدا کرتے ہیں تو یہ منفی توانائی میں بدل کر فضائے بسیط میں بکھری منفی قوتوں کو فوری اپنی طرف متوجہ کرنے کا سبب بنتی ہے نتیجتاً انسان منفی لہروں کی لپیٹ میں آکر مشکلات کا شکار ہو جاتا ہے۔

۞ اب اسی تمہید کو عملیات کی نظر سے دیکھا جائے تو بات سمجھ میں آتی ہے کہ کسی ایک عبارت کی مسلسل تکرار

کس طرح عمل میں قوت پیدا کرتی ہے۔ جفر آثار میں حروف کی گردش کے عمل کو عمل تکسیر کہا جاتا ہے اور اس عمل کے بعد ایک مؤکل پیدا کیا جاتا ہے جو اس عمل کو سر انجام دینے پر معمور ہوتا ہے، تکسیر میں حروف کی گردش سے پیدا ہونے والی قوت اس مؤکل کے کام آتی ہے جس نے اس عمل کو سر انجام دینا ہوتا ہے۔ یہ تو بات تھی تکسیر کے اعمال کی اب آجائیں اوراد کی طرف۔ ہر آیت قرانی کا ایک مؤکل ہوتا ہے بلکہ ہر حرف کا بھی ایک مؤکل ہوتا ہے، میں تفصیل میں نہیں جانا چاہتا آپ سمجھتے ہیں اس سب کو۔

۞ یہ مؤکلین کیونکہ خدا کی طرف سے اپنے اپنے کام سر انجام دے رہے ہوتے ہیں لہذا عامل جب بھی کبھی انکو اپنے کسی ذاتی کام کے لئے طلب کرتا ہے یہ مؤکلین اللہ کی عطا کی گئی قوت کو استعمال میں نہیں لاتے، بلکہ اس ورد کی تکرار سے پیدا ہونے والی قوت جو شعور سے لاشعور میں ایسے منتقل ہوتی ہے جیسے کوئی سپاہی ترکش سے تیر کو نکال کر کمان میں جوڑتا ہے اور پھر زور لگاتا ہے تو کمان کو بھینچنے کی قوت دراصل اس تکرار کے سبب عامل کے ذہن سے پیدا ہوتی ہے جبکہ اس قوت کا مخرج عامل کا ذہن نہیں بلکہ وہ حروف ہوتے ہیں جو عامل کی زبان سے جاری ہوتے ہیں۔لہذاء" تیر" جو دراصل اس عبارت کا موکل ہوتا ہے تب ہی پوری قوت سے ٹھیک نشانے پر لگتا ہے جب عامل پوری ارتکاز توجہ اور مضبوط دماغی قوتوں کے استعمال سے کمان، جو کہ لاشعور ہے اس تمثیل میں، کھینچتا ہے اور بالآخر چھوڑ دیتا ہے۔ میں پھر دہراتا چلوں کہ ملائک امر الٰہی کے تحت خدائی قوت کو استعمال کرتے ہیں لیکن جب وہ عامل کے امر کے زیر اطاعت ہوتے ہیں تو خدائی قوت درمیان سے نکل جاتی ہے پھر وہاں مؤکل عامل کی ذاتی روحانی قوت مستعار کر لیتا ہے جو اصل میں اس خاص عبارت کی تکرار سے پیدا ہوتی ہے۔ اب اس قوت کا سارا دارومدار عامل کی ذہنی ساخت، ذہانت، ارتکاز، حروف کی درست ادائیگی، نیک نیتی، کردار اور قرب الٰہی پر ہوتا ہے۔ جس قدر قوت اس عمل میں پیدا ہوتی ہے عمل اسی رفتار سے پایہ تکمیل کو پہنچتا ہے۔ اگر قوت ضرورت سے کم ہو تو تیر خطا ہو جاتا ہے وگرنہ ٹھیک نشانے پر لگتا ہے، بشرطیکہ عمل کسی نام نہاد عامل کی ذہنی اختراع نا ہو۔

طلسماتی دنیا

۞ عرصہ دراز سے راقم الحروف اس موضوع پر قلم اٹھانے کا سوچ رہا تھا مگر موضوع کی وسعت اور پیچیدگی

ہمیشہ مانع رہی۔ پہلے تو اسکے اسرار و رموز کو سمجھنا ہی ماؤنٹ ایورسٹ کی چوٹی سر کرنے کے مصداق ہے، اور پھر اسکے بعد اس وسیع و عریض موضوع کو سمیٹ کر لفظوں میں اسطرح سے ڈھالنا کہ ہر ذہنی سطح کا انسان اسے بآسانی سمجھ جائے، بذاتہ ایک بہت محنت اور وقت طلب کام ہے۔

۞ مجھے کبھی بھی اپنے لکھاری ہونے کا زعم نہیں رہا، اور نا ہی الفاظ سوچ کا ساتھ دے سکتے ہیں خاص کر مجھ جیسے مبتدی لکھاری کا۔ بحرحال ایک کوشش ہے جسے ممکن ہے آپ میں سے چند افراد پسند فرمائیں اور چند ناپسند۔ جی ہاں، پسند اپنی اپنی۔

۞ طلسماتی یا عالم ایتھر کو سمجھنے سے پہلے چند حقائق کو سمجھنا بہت ضروری ہے کیونکہ انکے بغیر اس مقالے کی روح کو سمجھنا اور اسے تسلیم کرنا تقریباً ناممکن ہی ہوگا۔ اس سے بیشتر کے میں اصل موضوع یعنی طلسماتی دنیا کیطرف رجوع کروں، بطور حوالہ جات چند اہم لیکن دقیق حقائق کیطرف آپ لوگوں کی توجہ مبذول کروانا چاہوں گا۔

تقدیر کا فلسفہ

۞ یہ مضمون کیونکہ عملیات اور تصرفات کے حوالے سے رقم کیا جا رہا ہے لہٰذا جب تک تقدیر اور اسکے قوانین کے متعلق کماحقہ علم نا ہو جائے، مزید لکھنا حماقت ہوگا۔

۞ تو تقدیر کیا ہے، عام خیال یہ ہے کہ جو انسان کی تقدیر میں لکھ دیا گیا ہے وہ اسے ہر صورت میں مل کر ہی رہتا ہے، یہ بات گو درست ہے لیکن جزوی طور پر، کیونکہ اگر یہ کل حق ہوتا تو پھر بندش کے اعمال کو ہم کیا کہیں گے، کیونکہ بندش لگائی ہی اس شئی پر جاتی ہے جو انسان کی قسمت میں لکھی ہو، جو قسمت میں ہی نا ہو اس پر بندش کا لگانا ایسے ہی ہے کہ جیسے خشک ندی کے آگے بند باندھنا۔

۞ تقدیر کے متعلق اپنی ہی ایک گزشتہ تحریر کا حوالہ دینا چاہوں گا، تقدیر درحقیقت دو طرح کی ہوتی ہے، ایک تقدیر ازلی اور ایک تقدیر معلق۔ تقدیر ازلی میں جو کچھ بھی اللہ رب العزت نے اپنے لامحدود علم کو بروئے کار لا کر لکھ دیا ہے اس میں سے امور ایسے ہیں کہ جنکا حدث ہونا اختیارِ انسانی سے ماوراء ہے، جیسے کون کب اور کہاں پیدا ہوگا۔ اسکے ماں باپ کون ہونگے، یا اسکی موت کب اور کہاں واقع ہوگی وغیرہ انسان کے اختیار سے باہر ہے۔

لٰہذا یہ تقدیر ازلی، اٹل ہے اور ہو کر رہے گی، اسکے علاوہ جو کچھ بھی دیگر تقدیر ازلی میں پروردگار نے لکھ دیا ہے اسکو حاصل کرنا تقدیر معلق کے وسیلے سے ہی ممکن ہے اور تقدیر معلق کو انسان اپنے ارادے کے تحت استعمال کرتا ہے۔مثال کے طور پر ایک بندے کی قسمت میں چار بچے اسکی تقدیر ازلی میں لکھ دیئے گئے ہیں، لیکن اسکے لئے اس شخص کا صنف مخالف سے شرعی یا غیر شرعی جسمانی تعلق رکھنا لازم ہوگا، جو اسکے اختیار میں ہے۔اگر وہ ایسا کرے گا تو بچے ہوں گے وگرنہ نہیں۔

۞ اسی طریق سے اللہ تعالیٰ نے ہماری قسمت میں رزق لکھ تو دیا ہے لیکن ساتھ محنت کی شرط لگائی ہے گویا محنت کرنی پڑے گی، اس رزق کے لئے جو تقدیر یا تقدیر ازلی میں لکھ دیا گیا ہے، تو بھائی جب لکھ دیا گیا ہے تو پھر ہم محنت کیوں کریں یہ تو ملنا ہی چاہیے۔

تو بس یہ بات سمجھ لیں کہ بندش ہمیشہ اسی شئی پر لگائی جاتی ہے کہ جو انسان کی قسمت میں لکھ دی گئی ہو۔

۞ قران پاک میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ تمھارے پاس جو زیادہ مال ہے وہ دراصل غریبوں اور مسکینوں کا حق ہے جو تمھارے ذریعے سے ان تک پہنچانا ہے اور یہ کہ تم لوگ غریبوں اور مسکینوں کا مال غصب مت کرو، گویا اللہ نے اسی طریق پر ہمارا امتحان بھی رکھ دیا اور ساتھ ہم کو اختیار بھی دے دیا۔اب اگر کوئی غریب کا حق اسکو نہیں دے رہا تو گویا اسکا رزق روک رہا ہے جو ایک بہت بڑا گناہ ہے۔اللہ رزاق ہے وہ اس شخص کو کسی دوسرے وسیلے سے رزق دے ہی دے گا تاہم سمجھنے کی بات یہ ہے کہ بندش ہمیشہ اسی شئی پر لگتی ہے کہ جو آپکی قسمت میں لکھ دی گئی ہو۔

۞ یہ بات سمجھے بغیر عالم ایتھر یا طلسماتی دنیا کے اسرار و رموز کو سمجھنا تقریباً ناممکنات میں سے ہے اور بلاوجہ اعتراضات کی پیشگی پیش بندی کی خاطر بطور سرنامہ کلام تقدیر کو ہی زیر بحث رکھنا مناسب گردانا گیا ہے۔

۞ طلسماتی دنیا یا عالم ایتھر کے عنوان سے میں نے اس مضمون کی قسط نمبر ایک میں تقدیر کی دو اقسام کی وضاحت پیش کرنے کی ایک ادنٰی سی کاوش کی تھی اسکی ضرورت کیوں پیش آئی؟ یہ آپکو آنے والی اقساط کے متن سے معلوم ہو جائے گا۔بات کو آگے بڑھاتے ہوئے یہ جاننے کی کوشش کرتے ہیں کہ عالمین کی اقسام کون کون سی ہیں اور اس کائنات اور انسان میں کیا مماثلت پائی جاتی ہے۔

دیگر دنیائیں/ پوشیدہ عالم

عالمین کی بابت دنیا کے مختلف ادیان اور مذاہب میں مختلف قسم کی تقسیم پڑھنے کو ملتی ہے۔ دنیا بھر میں روحانیت کے پیروکار خواہ انکا تعلق کسی بھی مذہب یا عقیدے سے ہو ان مساوی کائناتوں کی موجودگی اور حقانیت سے واقف ہیں۔فرق صرف یہ ہے کہ جسکی جہاں تک نظر گئی اور جو کچھ اسکے پردہ اوراق پر نمودار ہوا ویسا ہی اس نے ان عالمین یا مساوی کائناتوں کے ضمن میں بیان کر دیا۔

۞ بعض کتب میں عالمین کی تعداد اٹھارہ ہزار تک بھی بتائی گئی ہے تاہم تصوف کی مشہور کتب میں عالمین کی چار اقسام بنائی گئی ہیں جو کچھ یوں ہیں۔

1) عالم ناسوت

2) عالم جبروت

3) عالم ملکوت

4) عالم لاہوت

یہ ایک مخصوص تقسیم ہے جو ایک خاص نقطہ نظر سے بلکل ٹھیک ہے، بلکل ویسے جیسے میں کہوں کہ پاکستان چار صوبوں یعنی پنجاب، سندھ، خیبر پختون خواہ اور بلوچستان پر مشتمل ہے۔اور میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ پاکستان لاہور، پنڈی، اسلام آباد، لاڑکانہ، کراچی، ساہیوال، وغیرہ وغیرہ پر مشتمل ہے۔ایسی صورت میں بھی میرا جواب درست ہی ہو گا۔پس عالمین کی جو اقسام بھی روحانیت کے مختلف شعبہ ہائے جات میں بیان کی گئی ہیں، اس خاص شعبے کی مناسبت سے بلکل درست ہیں۔

۞ ہمارا یہ مضمون کیونکہ عملیات اور تصرفات کو مدنظر رکھ کر ترتیب کیا گیا ہے لہذاء ہم بھی عالمین کی اسی تقسیم کو بیان کریں گے جو ہمارے موضوع سے مناسبت رکھتی ہے اور اسکا تعلق انسانی جسم، جان و روح سے بھی بہت گہرا ہے۔

۞ بات کو آگے بڑھانے سے پہلے یہ سمجھ لینا چاہئے کہ انسان اپنی ذات میں ایک کائنات ہے، انسانی جسم کو

اگر مائیکروسکوپ کی مدد سے دیکھا جائے تو اسکے اندر اس قدر وسعت اور تفصیل ہے جو کسی طور ہماری ظاہری کائنات سے کم نہیں ہے۔ یہ بات تو انسان کے جسد خاکی کی حد تک ہے اسکے بعد اگر آپ انسانی جسم کے گرد موجود توانائی کی اُن پرتوں، جن کو اوراز کے نام سے بھی جانا جاتا ہے، کا مطالعہ کریں

توانکی ترتیب کچھ یوں ہے۔

۱)ایتھرک باڈی

۲)ایموشنل باڈی

۳)مینٹل باڈی

۴)سپرچول باڈی

جیسے انسانی بدن کے گرد یہ چار اوراز ہیں ویسے ہی اس کائنات یعنی مادی دنیا کے اوپر بھی ایسے ہی چار روحانی پرتیں ہیں جنکو عالمین کے نام سے بھی جانا جاتا ہے۔ انسانی جسم کے گرد موجود اِن اوراز کو اگر مزید پھیلایا جائے تو انکی تعداد سات تک چلی جاتی ہے کیونکہ سپرچول باڈی دراصل مزید چار اوراز کے مجموعے کا نام ہے، لیکن فی الحال ہم اسکی تفصیل میں نہیں جائیں گے کیونکہ یہ بات ہم کو اپنے موضوع سے دور لے جائے گی۔

تو کائنات کے اوپر بھی بلکل انسانی اوراز کیطرح چار اوراز ہیں جنکو پھیلا کر سات تک لے جایا جاسکتا ہے۔اور وہ کچھ یوں ہیں۔وہ

۱) ایتھرک پلین

۲) ایموشنل یا اسٹرال پلین

۳) مینٹل پلین

۴) سپرچول پلین

ان چار کائناتوں کی اگر الگ الگ مکمل تفصیل بیان کی جائے تو ایک چھوٹا سا کتابچہ بآسانی بن جائے گا لیکن میں بات کو سمیٹتے ہوئے پھر اپنے موضوع کی طرف پلٹتا ہوں۔

کیونکہ زیر بحث درحقیقت عالم ایٹریا طلسماتی دنیا ہے لہذاء ہمارے کام کا صرف، انسانی جسم کا اور اس مادی

دنیا کا پہلا اور ایا عالم جو بھی کہہ لیں، ایتھرک پلین یا ایتھرک اور اہی ہے۔

✿ انسانی جسم کا مادی حصہ اس مادی دنیا سے متصل و مربوط ہے، جبکہ ایتھرک باڈی ایتھرک پلین میں، اسی طریق سے مینٹل باڈی مینٹل اور سپر چول باڈی سپر چول پلین میں ہی موجود رہتی ہے۔

✿ جب تک یہ حقائق اور دقائق ہضم نہیں ہوں گے نا تو عالم ایتھر کی سمجھ آئے گی اور نا ہی طلسماتی دنیا کی، روحانی دنیا تو خیر اس سے بہت بعد کی چیز ہے کیونکہ اس سے پہلے دو کائناتیں اور ہیں یعنی ایموشنل اور مینٹل پلین، جب تک انکو تسخیر نا کرلیا جائے روحانی دنیا تک رسائی ممکن ہی نہیں ہوتی۔

کہنے کو روحانیت کے دعویٰ دار بہت ہیں لیکن حقیقت تک رسائی بہت ہی کم لوگوں کی ہے وگرنہ زورِقلم موہنی کے عمل حب تک ہی محدود ہے۔

✿ ساری کائنات مادے سے بنی ہے اور مادہ عناصر اربع یعنی اتش، باد، آب اور خاک سے۔

مادے کو اگر چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں تقسیم کیا جائے تو آخر میں ایٹم بچتا ہے نیز مادے کی تعریف یہ ہے کہ ہر وہ شئے جو وزن، حجم اور کمیت رکھتی ہو مادہ کہلاتی ہے۔ ایٹم مزید تین ذرات کا مرکب ہے یعنی الیکٹران پروٹان اور نیوٹران۔ الیکٹران اپنے مرکز کے گرد، جو نیوکلس کہلاتا ہے اور دیگر ذرات کا مجموعہ ہے، تیزی سے گھوم رہے ہیں بلکل ایک چھوٹے سے نظام شمسی کے مصداق۔ ایٹم کی ساخت کے بارے میں سائینسدانوں کا کہنا یہ ہے کہ ایٹم ننانوے فیصد "خلا" پر مشتمل ہے۔ یعنی الیکٹران بلکل نظام شمسی کے سیاروں کی طرح خلا میں ایٹم کے مرکز یعنی نیوکلس کا طواف کررہے ہیں۔

✿ کیونکہ ظاہری کائنات کی ہر شئی مادے سے بنی ہے اور مادہ ایٹم سے تو یہ کہنا بے جا نا ہوگا کہ کائنات ننانوے فیصد خالی ہے یعنی خلا پر مشتمل ہے۔

✿ اللہ تعالیٰ نے کائنات کو اپنے امر سے خلق کیا، " کن فیکون ". یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا تھا کہ ہو جا پس وہ ہو جاتا تھا۔ یعنی امر ارادے کے تحت ہے اور ارادہ نفس کے۔ یعنی اللہ کا ارادہ نفس اللہ کے تحت ہے۔ تو جب کچھ نہیں تھا یعنی صرف اللہ تھا تب عدم بھی نہیں تھا کیونکہ "عدم بھی شئی ہے، عدم کو لاشئی نہیں کہا جا سکتا کیونکہ یہ صفت

صرف ذات باری تعالیٰ کی ہے، ماسوائے اس ذاتِ برحق کے ہر مخلوق شئی ہے۔ پس اللہ نے سب سے پہلے عدم کو خلق کیا۔ تو عدم کیا ہے؟ بس اتنا کہوں گا کہ عدم مکان ہے کیونکہ مخلوق کے لئے زمان و مکان کا موجود ہونا ضروری ہے۔ عدم ہی دراصل وہ مکان ہے کہ جس میں پوری کائنات بشمول تمام تر عالمین کو خلق کیا گیا ہے اور اسکو بنایا گیا ہے پانچویں عنصر یعنی ایتھر سے۔ مخلوق کا زمان و مکان کی قید میں ہونا طے شدہ امر ہے۔ پس جہاں ایتھر ہے وہی مکان ہے اور جہاں لامکانی کا عالم ہے وہاں مخلوق کا ہونا ممکن ہی نہیں کیونکہ لامکانی صرف اور صرف خالق کا وصف ہے، مخلوق کا نہیں۔ یہاں اس بات کا خیال رکھیں کہ آئمہ علیہ السلام کے اقوال کے مطابق لوح وقلم ملائک ہیں لہذا وہ بھی شئی ہیں اور محتاج مکان لہذا عالم لاہوت کو بھی لامکاں کہنا غلط ہوگا۔

۞ خلا چاہے کائنات میں ہو یا ایٹم میں، خالی نہیں ہے بلکہ ایتھر سے بھری ہوئی ہے، انسان بھی کیونکہ ایٹم سے بنا ہے لہذا انسان میں بھی یہ پانچواں عنصر یعنی ایتھر پایا جاتا ہے۔ ایتھر ہی وہ وسیلہ ہے کہ جس کے ذریعے سے امر کو بذریعہ ملائک ایک مقام سے دوسرے مقام تک منتقل کیا جاتا ہے۔ خلا میں روشنی اور کشش ثقل یا دیگر ویوز کا سفر کرنا بھی اس بات کی دلیل ہے کہ بظاہر خالی نظر آنے والی خلا اگر خالی ہے تو پھر روشنی کی تحریک کیونکر ممکن ہے؟ پس جب خدائے بزرگ و برتر نے عدم کو خلق کیا اسی خلا کو خلق کیا جو ایتھر سے پُر تھی۔ ایتھر میں تغیرات کو بپا کرنا امر کے ذریعے سے ممکن ہے اور امر ارادے کے اور ارادہ نفس کے اور نفس عقل کے تابع ہے۔ جس وقت نفسانی خواہشات عقل پر غلبہ حاصل کر لیتی ہیں تو نفس عقل کی اطاعت کو ترک کر دیتا ہے، خیر یہ ایک الگ موضوع ہے۔ پس تمام عالمین دراصل ایتھر سے بنے ہیں اور ایتھر کی مختلف حالتیں، ایتھر میں تغیر اور ارتعاش پزیری کا نتیجہ ہیں۔ یا یوں کہہ لیں کہ تمام مخلوقات کا مادہ بشمول اربع عناصر کے دراصل ایتھر ہی کی مختلف حالتیں ہیں۔

یہاں تک یہ بات سمجھ میں آ گئی کہ کائنات عناصر اربع سے بنی ہے اور عناصر اربع ہتھر یا ایشر سے معرض وجود میں آئے ہیں یعنی ایتھر ہی وہ مادہ ہے جس سے کائنات کی ہر شئی، نور کو چھوڑ کر، تمام تر عالمین میں خلق کی گئی ہے۔

۞ کائنات کی ہر شئی ایتھر کی بدلتی ہوئی کثافت اور ارتعاش پذیری کا نتیجہ ہے۔ اللہ نے چاہا کہ کچھ خلق ہو تو ارادہ فرمایا اور "کن" بزبان علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کہا تو ایتھر نے مشیت الٰہی کے عین مطابق اپنی ہیئت کو بدلا اور باری

باری عناصر اربع خلق ہو گئے۔ اسکے بعد اللہ نے ان ہی عناصر اربع سے یہ ظاہری کائنات بنائی اور ایتھر سے عالم ارواح کو بنایا۔ عالم ناسوت کا کچھ حصہ اربع عناصر سے اور کچھ ایتھر کی بنیادی اور کمتر قسم سے خلق کیا۔ ایتھر کی اس ہی قسم سے اوراز کو بنایا گیا۔ اسی ایتھر کے وسیلے سے عالم ارواح سے امر یعنی روح کو نباتات، جمادات، حیوانات، چرند پرند اور جن وانس پر اتارا گیا۔ اللہ نے جب یہ سب کچھ خلق کر لیا تو ملائک اور چند نیک جنات کو اسی امر کی ترسیل پر معمور فرما دیا۔ امر اللہ سے صاحب امر تک منتقل ہو کر ان ہی جنات اور ملائک کی مدد سے تمام تر عالمین اور ان میں موجود ہر شئی پر اسکے اوراز کی مدد سے اثر پذیر ہوتا ہے، عقلی اور جسمانی دونوں طریقوں سے۔ جسمانی طور پر انکی ہیئت اور عقلی طور پر انکے طرز عمل کو معین کرتا ہے۔ عقلی طور پر وہ امور جنکا تعلق بقاء انسانی کے لئے لازم ہو انسان کے دائرہ اختیار سے باہر ہیں جبکہ وہ امور کے جنکا تعلق انسان کی نجات سے ہو اُس میں انسان کو اختیار حاصل ہے۔

✡ چرند پرند میں بھی وہ امور جو انکی جبلت حیوانی کی تسکین کا باعث ہوں، ان میں انکو اختیار رہے، جبکہ دیگر میں جبر ہے۔ جنات کا معاملہ بھی انسانوں سے ملتا جلتا ہے۔ جمادات اور نبادات کو ارادہ حاصل نہیں جبکہ ملائک امر الٰہی کے تابع ہیں ہر حالت میں۔

کسی عبارت کی مسلسل تکرار لاشعور کو مذکورہ عبارت کی روحانی یا شیطانی قوت سے متصل کر دیتی ہے۔ تکرار کی تعداد کا تعین ہر انسان کی اپنی ذہنی صلاحیت اور ارتکازِ توجہ پر مبنی ہے، مجھے کسی بھی شئی کی روحانی قوت سے متصل ہونے کے لئے زیادہ سے زیادہ سو کی تعداد پوری کرنا پڑتی ہے۔

✡ علم جفر آثار میں حروف کی زکوۃ دراصل اسی اصول سے وابستہ ایک مشق ہے۔ کسی بھی روحانی قوت تک پیغام رسانی کرنا لاشعور کی مدد کے بغیر ممکن نہیں ہوتا۔ لاشعور تک رسائی ارتکاز کے بغیر ممکن نہیں۔ تکرار شعور کو تھکا کر بیزار کر دیتی ہے اور لاشعور شعور کی جگہ فعال ہو جاتا ہے۔

✡ کون ہے جو آپکو یہ باتیں بتائے گا۔ یہ وہ رموز ہیں کہ جن پر چل کر آپ روحانیت کی دنیا میں بے حد کامیابی حاصل کر سکتے ہیں۔ شرط یہ ہے کہ میری باتوں کو بغور پڑھیں اور سمجھنے کی کوشش کریں۔

قرآن پاک میں شفاء کا مخفی پہلو

۞ بلکل ہے لیکن پھر بھی ہر مسلک کا مذہبی سکالر علاج کے لئے ڈاکٹر کے پاس جاتا ہے۔ کیوں؟ کیا اسکو یقین نہیں کہ قرآن میں ہر مرض کا علاج موجود ہے۔

۞ اسی طریق سے روحانی امراض کے علاج کے لئے بھی قرآن میں شفا بلکل موجود ہے لیکن جسمانی و روحانی امراض کے لئے جو علاج قران میں مرقوم ہے وہ مستور ہے اور صرف اھلبیت کے پاس ہی قرآن کا مکمل علم موجود ہے لہذا جسطرح جسمانی امراض کے علاج کے لئے ہماری مجبوری ہے کہ ہمیں ڈاکٹر کے پاس جانا پڑتا بلکل ویسے ہی روحانی امراض کے لئے روحانی علوم پر دسترس رکھنے والے صاحب علم حضرات سے رجوع کرنا لازم ہے۔ ایک مذہبی سکالر کا کام نہیں کہ ان اموری کی بابت اپنی ناقص رائے کو عوام میں مشہور کرتے بلکل ویسے جیسے ایک روحانی عالم کا یہ کام نہیں کہ شرعی مسائل کے حل کے لئے فتویٰ دیتا پھرے۔ جسکا کام اسی کے ساجھے کے مصداق اگر ہر کوئی ایمانداری سے اپنے اپنے فرائض کو سرانجام دے گا تو معاشرے سے برائی اور شر کا خاتمہ خود بخود ہو جائے گا وگرنہ پھر وہی بات ہوگی کہ مار و گھٹا اور پھوٹے آنکھ۔

حروف کے مؤکلات کیوں ہیں؟

یہ سوال اکثر میرے ذہن میں اُٹھتا تھا کہ آخر حروف تہجی مؤکل کیوں رکھتے ہیں، فرشتے خدا کی عبادات کے لئے ہیں تو وہ حروف سے متصل کیوں ہیں اور اگر یہ محافظ ہیں، تو حروف کو بھلا کوئی کیسے چرا سکتا ہے؟

۞ لمبے عرصے کی تحقیق کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ کیونکہ حروف قوت رکھتے ہیں اور قوت ایک قسم کی دولت ہے جسکا غلط استعمال عین ممکن ہے لہذا اس قوت کی حفاظت کے لئے اللہ تعالیٰ نے مؤکلین مقرر فرمائے ہیں تاکہ غیر مسلم حروف کی ان قوتوں سے فائدہ نا اُٹھا سکیں۔ یاد رہے کہ میں نے لفظ غیر مسلم استعمال کیا اہل یا نا اہل نہیں۔ ہر وہ شخص جو اللہ کو ایک مانتا ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو رسول اور قران کو کتاب الٰہی، مسلمان ہے۔ حروف کی ان قوتوں سے روحانی استمداد حاصل کر سکتا ہے، بشرطیکہ مشیت الٰہی شامل ہو، باقی دلوں کے حال اللہ بہتر جانتا ہے، مختصراً یہ مؤکلین حروف کی اس قوت کو مشرکین و منافقین کی پہنچ سے دور رکھتے ہیں اور تمام بدنیت افراد کو حروف کی

اس مقدس روحانیت کے غلط استعمال پر قرار واقعی سزا بحکم خداوندی دیتے ہیں۔

قطبی سیارہ

آج اتفاق سے ایک اردو ٹی وی چینل ٹیون کیا تو میزبان بڑے زور و شور اور وثوق کے ساتھ ایک واقعہ بیان فرمارہے تھے۔ انکی لمبی چوڑی تمہید اور گفتگو کا لب لباب کچھ یوں تھا کہ انکے کسی دوست نے کسی پیر صاحب سے جنات کا علاج کروایا بقول ان صاحب کے پیر صاحب کے پاس ایک ہزار جنات کا لشکر تھا۔ میزبان حضرت ایک دن ان پیر صاحب سے ملے اور جیب سے ایک لاکھ روپے نکال کر انکو چیلنج کیا کہ پیر صاحب اگر آپکے جنات ہیں تو انکو کہیں کہ صدر امریکہ کو تھپڑ لگا کر بیہوش کر دیں اور یہ ایک لاکھ نقد مجھ سے اسی وقت لے لیں۔ پیر کے پاس کوئی جواب نہ تھا جسکا نتیجہ میزبان صاحب نے یہ نکالا کہ پیر صاحب فراڈ ہیں۔

۞ اب وہ پیر صاحب فراڈ تھے یا نہیں، میں نہیں جانتا اور نہ ہی میرا مقصد ان کی وکالت کرنا ہے۔ البتہ میں اتنا ضرور جانتا ہوں کہ بیشتر لوگوں کے ذہن میں اسطرح کے خیالات پیدا ہوتے رہتے ہیں اور وہ بغیر سوچے سمجھے حقائق کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔

۞ میں آج آپ سے ایک سوال کرتا ہوں، اگر آپ مسلمان ہیں تو شیطان کی موجودگی اور دائمی زندگی سے انکار کرنا آپکے لئے ناممکن ہوگا۔ شیطان نا صرف ایک جن ہے۔ بلکہ اس وقت دنیا میں موجود تمام شریر جنات کی نسبت سب سے زیادہ طاقتور جن ہے۔ تاریخ انسانی میں حضرت آدم علیہ السلام سے لیکر حضرت محمد ﷺ تک ماسوائے چند انبیاء کہ کسی نے بھی شیطان کو دیکھنے کا دعوی نہیں کیا۔ شیطان جو کہ انسان کا کھلا دشمن ہے آج تک نا تو کسی کو نظر آیا اور نا ہی اسکے نادیدہ ہاتھوں، لاتوں یا گھونسوں سے کسی کی ٹھکائی ہوئی۔ گو فیس بک یا یوٹیوب پر چند ایسی ویڈیوز موجود ہیں کہ جن میں لوگوں کو نادیدہ جنات کے ہاتھوں پٹتے دکھایا گیا ہے لیکن مجھے پورا یقین ہے کہ یہ ویڈیوز صرف اور صرف سستی شہرت حاصل کرنے کے لئے بنائی گئی ہیں۔

تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ جب شیطان جیسا طاقتور جن ہم کو کھلی آنکھوں سے آج تک نظر نا آیا جبکہ ہر مسلمان کا یہ یقین ہے کہ یہ ہمہ وقت ہر انسان کو بہکانے اور ورغلانے میں مصروف رہتا ہے، تو پھر پیر صاحب سے اس بات کا

مطالبہ کرنا کہ وہ اپنے جنات کو کہیں کہ جا کر امریکی صدر کو دو تھپڑ رسید کریں، کہاں کا انصاف ہے؟ میں پہلے یہ بات متعدد بار بیان کر چکا ہوں کہ جنات لطیف اجسام رکھتے ہیں اور وہ اگر انسانی جسم کو چھو بھی سکتے ہیں تو اس لمس کو محسوس کرنا صرف خاص قسم کی دماغی کیفیت میں ہی ممکن ہے کیونکہ اس لمس کا تعلق انسان کے جسد خاکی کی بجائے جسم لطیف سے ہوتا ہے۔ اور جب تک انسانی دماغ کی فریکوینسی ایک خاص حد کو نا چھو لے جنات کو دیکھنا یا ان کے لمس کو محسوس کرنا تقریباً ناممکن ہوتا ہے۔

۞ جو لوگوں کا یہ ماننا ہے کہ جنات مادی اشیاء کو متحرک کر سکتے ہیں انکو اسطرح کے سوالات کے لئے تیار رہنا چاہیے، اگر اس بات کو سچ مان لیا جائے تو آج کے دور میں لوگوں کی اکثریت نا صرف شیطان کو پبلک مقامات پر دیکھ چکی ہوتی بلکہ اس سے بری طرح پٹ بھی چکی ہوتی۔ کیونکہ شیطان انسان کا سب سے بڑا دشمن ہونے کے ساتھ ساتھ دنیا کا سب سے زیادہ طاقتور جن بھی ہے۔

۞ جنات کو سمجھنے کے لئے جان لیوا مہلک بیماریوں کے جراثیموں کو سمجھیں یہ جراثیم جو کھلی آنکھ سے دیکھنا ناممکن ہے انسان کو چند ماہ میں موت کے گھاٹ اتارنے کی اہلیت رکھتے ہیں۔ جیسے کینسر، ایڈز، وغیرہ۔ اب کوئی یہ کہے کہ کینسر کا جراثیم جائے اور فلاں کو دو تھپڑ رسید کرے تو میں مانوں۔

۞ بائیو کیمیکل ہتھیار جو دراصل اسی طرح کے خطرناک جراثیموں پر مشتمل ہوتے ہیں ایٹم بم سے بھی زیادہ مہلک ہیں اور پل بھر میں ہزاروں جانیں لے سکتے ہیں وہ بھی کسی شخص کو مکے اور لاتیں نہیں مار سکتے۔ جنات مشابہ ہیں ان ہی جراثیم کے جو لطیف اجسام رکھتے ہیں اور انسان کو مختلف جسمانی اور روحانی بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں لیکن کسی کے تھپڑ رسید نہیں کر سکتے۔

آسٹرل باڈی / روحانی جسم / اوراز

۞ انسان کب بیمار ہوتا ہے؟ جب کسی بیماری کا جراثیم اس پر حملہ کرتا ہے۔ انسانی جسم کا مدافعاتی نظام اگر کمزور ہو تو جسم بیمار پڑ جاتا ہے۔ جسم میں سے بیماری کو دور کرنے کے لئے اینٹی بائیٹک ادویات کا استعمال کرنا پڑتا ہے جو برے جراثیم کے ساتھ اچھے جراثیم کا بھی خاتمہ کر دیتی ہیں جس سے انسان کا مدافعاتی نظام مزید خراب ہو

جاتا ہے۔ اور مزید بیماریاں حملہ آور ہو جاتی ہیں۔ ادویات اور ڈاکٹرز کے لمبے لمبے بِل بھرتے بھرتے انسان قبر میں جا پہنچتا ہے۔ اب اگر آپ بیماری سے بچنا چاہتے ہیں تو اسکی دو بہترین صورتیں ہیں۔

نمبر ایک یہ کہ اپنے ماحول کو جراثیم سے پاک رکھیں۔

نمبر دو کہ اپنے مدافعاتی نظام کو بہتر خوراک اور ورزش سے مضبوط بنائیں۔ نتیجتاً جراثیم پہلے تو آپ تک پہنچے گا ہی نہیں کیونکہ ماحول صاف ستھرا ہوگا اور بالفرض محال پہنچ بھی گیا تو جسم کے مدافعاتی نظام سے ٹکرا کر فنا ہو جائے گا۔

آپ سوچ رہے ہونگے کہ روحانیت پر مضامین لکھنے والا یہ شخص اچانک ڈاکٹر کیسے بن گیا۔ تو یہ تمہید تھی اور میرا مقصد آپکو کچھ سمجھانا تھا۔

تو بات یہ ہے کہ قدرت نے جیسے انسان کو جسمانی بیماریوں سے بچانے کے واسطے ایک مدافعاتی نظام رکھا ہے بالکل اسی طرح اسے دیگر روحانی آفات سے بچانے کے لئے بھی ایک مدافعاتی نظام رکھا ہے جسے اوراز کے نام سے جانا جاتا ہے۔ ان روحانی آفات میں نحوست سیارگان، سحر، جادو، نظر بد، آسیب، خبیث ارواح وغیرہ شامل ہیں۔ جب انسان کا اوراز کمزور ہوتا ہے تو یہ آفات انسان کے جسم و روح اور تقدیر کو اپنی گرفت میں لے کر برباد کر دیتی ہیں۔ پھر انسان کبھی نجومیوں کے پاس کبھی عاملوں کے پاس بھاگتا نظر آتا ہے نجومی کہتا ہے فلاں سیارہ تمھاری کنڈلی میں نحس بیٹھا ہے تو یہ پتھر پہنو عامل کہتا ہے کہ جادو کا اثر ہے یہ تعویز یا لوح پہنو۔ پھر ان میں کونسا عامل سچا اور کونسا فراڈ، اللہ ہی بہتر جانے۔ میں یہ کہتا ہوں کہ انسان اس گورکھ دھندے میں پڑنے کی بجائے اور در در عاملوں اور نجومیوں کی چوکھٹ کھٹکانے کی بجائے اگر قدرت کے بنائے ہوئے اس حفاظتی حصار کو مضبوط کر لے تو نا تو کسی سیارے کی نحوست اسکا کچھ بگاڑ سکتی ہے اور نا ہی کسی کی نظر نا جادو آسانی سے اس پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ آپ اپنے اوراز کو مضبوط کریں۔ اور اپنے گھر کو منفی قوتوں سے پاک رکھیں تو کوئی طاقت آپکو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

جادو کی حقیقت

سحر، جادو ٹونا، عملیات و سفلی و علوی یا جنتر منتر، سب دماغی قوتوں کا نام ہے۔ کسی عمل کی کامیابی کا تمام تر دارومدار عامل یا ساحر کی قوتِ ارادی، ارتکاز توجہ، اوراز کی مضبوطی اور روحانی قوتوں کو اپنے اندر جذب کر کے کسی

خاص سمت میں روانہ کرنے کی اہلیت پر ہوتا ہے۔عملیات خواہ کسی بھی قسم کے ہوں، عامل جب تک ان ماورائی روحانی قوتوں کو محسوس کرنے، ان میں امتیاز برتنے اور انکی ارادتاً منتقلی پر ملکہ حاصل نہیں کر لیتا، کسی بھی عمل میں خاطر خواہ کامیابی حاصل نہیں کر سکتا۔

۞ اپنے اندر ان صلاحیتوں کو پیدا کرنا کسی 21 یا 40 دن کے چلے کی مدد سے ناممکن ہے ان علوم کی بابت درست اور مکمل جانکاری نہ حاصل کر لی جائے اس وقت تک کسی بھی قسم کی ریاضت انسان کو فائدہ پہنچانے کی بجائے نقصان سے دوچار کر سکتی ہے۔علم کا حصول اور پھر ایک خاص طرزِ زندگی کو اپنا کر ہی انسان اپنے اندر ماورائی قوتوں کو بیدار کر سکتا ہے۔وگرنہ ذہنی کوفت کے علاوہ کچھ حاصل نہیں ہوگا۔

سیلف کانفیڈینس ایک شعور

۞ میں جب پیدا ہوا تو میرے ماں باپ نے میرا نام غلام نبی رکھا۔بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ میرے جسم کا نام غلام ہی رکھا کیونکہ انسان کی اصل روح ہے جو اسکی پیدائش سے پہلے بھی موجود تھی اور خدا جانے کہ اسکا نام کیا تھا اور کوئی نام تھا بھی یا نہیں۔لہذا یہ بات طے ہے کہ میرا جسم اسکا جو بھی نام ہو میں نہیں ہوں۔پھر جب میں بڑا ہوا اور اپنی ذاتی حیثیت سے آگاہ ہو کر سمجھنے بوجھنے کے قابل ہوا تو میری انا نے جنم لیا۔لیکن میں انا بھی نہیں ہوں کیونکہ انا کے پیدا ہونے سے پہلے بھی میں تھا۔اس لئے جب کوئی میرے جسم یا انا کو تکلیف یا ٹھیس پہنچاتا ہے تو وہ دراصل غلام نبی کی انا کو یا جسم کو زک پہنچاتا ہے کیونکہ میں غلام نبی کے پیدا ہونے سے پہلے بھی تھا۔جب مجھے بھوک لگتی ہے تو وہ دراصل مجھے نہیں بلکہ میرے جسم کو بھوک لگتی ہے کوئی مجھے نفسیاتی یا جذباتی تکلیف پہنچاتا ہے تو وہ مجھ پر نہیں میری انا پر گراں گذرتا ہے۔اگر میں خود کو انا سمجھوں گا تو برا مناؤں گا وگرنہ مجھے اس سے کوئی سروکار نہیں کہ غلام نبی کو کوئی کیا سمجھتا ہے یا کیا کہتا ہے کیونکہ میں غلام نبی ہوں ہی نہیں۔

روحانی علوم کے فوائد

۞ انسان جسم، عقل، نفس اور روح کا مرکب ہے، کیونکہ روح ہر کسی میں ہے لہذا ہر کوئی روحانی قوت کو حاصل کر سکتا ہے۔روحانی قوتوں کے حصول سے انسان نا صرف اپنی زندگی میں کھڑی ہونے والی بیشتر رکاوٹوں کو

دور کرسکتا ہے بلکہ ان ہی رکاوٹوں کو ترقی کے مواقعوں میں تبدیل کرسکتا ہے۔

۞ خوف، عدم تحفظ اور احساس کمتری کو لے کر انسان ساری زندگی دوسروں کے رحم و کرم پر زندگی بسر کرسکتا ہے یا پھر روحانی قوت کی مدد سے ان تمام منفی احساسات کو مثبت طرز عمل اور طرز فکر سے تبدیل کرسکتا ہے۔

۞ علم ایک طرح کی طاقت ہے جبکہ روحانی علوم طاقت کی انتہا ہیں۔ روحانی قوت کے حصول سے مندرجہ ذیل فوائد حاصل ہو سکتے ہیں۔

۱۔ روحانی علوم انسان کے شعور کو وسعت دیتے ہیں اور اس دنیا میں انسان کی ایک طاقتور اور زندگی سے بھرپور خلقت کی تصدیق کرتے ہیں۔

۲۔ روحانی علوم انسان کے جسم، عقل اور روح کے درمیان ایک توازن قائم کرتے ہیں۔

۳۔ انکی مدد سے انسان کی معاشرتی اور معاشی زندگی پر بہت خوشگوار اثر پڑتا ہے۔

۴۔ روحانی علوم نا صرف مساوی کائناتوں کی بابت انسان کو معلومات فراہم کرتے ہیں بلکہ انسان کو انکے موافق بھی بناتے ہیں۔

۵۔ یہ انسان میں ایسی صلاحیتوں کو اجاگر کرتے ہیں کہ جو جملہ مقاصد کے حصول کے لئے کلیدی حیثیت کی حامل ہوتی ہیں۔

۶) یہ علوم انسان کو اس بات کا ادراک دیتے ہیں کہ انسان کی روحانی ترقی کی کوئی انتہا نہیں ہے اور یہ عمر بھر جاری رہنے والا سفر ہے۔

۷۔ روحانی علوم کے حصول سے انسان کو ان تمام سوالات کا جواب مل جاتا ہے کہ جو ایک عام انسان کے لئے دیومالائی کھانیوں کی حیثیت رکھتے ہیں۔

کائنات کی مخفی حقیقت وراز

۞ تمام کائنات مادے سے بنی ہے اور مادہ ایٹم کے ذرات پر مشتمل ہے، ایٹم دراصل معلومات کے اندراج کا ایک وسیلہ ہے، الیکٹران، پروٹان اور نیوٹران کی تعداد اور ترکیب مختلف اشیاء کے ایٹمز کو ایک دوسرے

سے ممتاز کرتی ہیں ۔ایٹم جب انسانی نظروں سے اوجھل ہوتا ہے تو توانائی کی ایک لہر ہوتا ہے لیکن جیسے ہی انسانی نگاہ کا مرکز بنتا ہے ایک ذرے کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے ۔ کیونکہ روشنی کے ذرات یعنی فوٹانز جب ایٹم سے ٹکرا کر ہماری نظروں تک پہنچتے ہیں تو ایٹم کے اندر موجود ان معلومات کو ہمارے دماغ کی سکرین پر الیکٹرک سگنلز کی صورت میں نشر کرتے ہیں ۔فوٹانز کے جن میں یہ تمام معلومات ریکارڈ ہوتی ہے، اگر کسی بھی دماغ میں موصول نا ہوں تو توانائی کی ایک لہر کی صورت میں ہمیشہ سفر کرتی رہتے ہیں ۔

۞ یہی حال انسان کے دیگر ظاہری حواس کا ہے ۔حرارت، روشنی اور ہوا وغیرہ کائنات میں موجود مختلف اجسام سے جو معلومات موصول کرتے ہیں جب تک انسان کے دماغ میں الیکٹرک سگنلز کی صورت میں نشر نا کر دیں، ان تمام اجسام کو ٹھوس اور حقیقی وجود کے طور پر پیش نہیں کر سکتے ۔

۞ انسانی دماغ دراصل ایک ایسے سی ڈی پلیئر کیطرح ہے جو اس کائنات کو سی ڈی میں ریکارڈ ایک پروگرام یا فلم کیطرح پڑھ رہا ہے ۔انسان کائنات کے جس بھی جز کیطرف اپنی توجہ مبذول کرتا ہے، وہ فوراً ایک ٹھوس حقیقت بن کر اسکے سامنے ظاہر ہو جاتا ہے ۔وقت اور زمانے کا تعین بھی انسانی توجہ کا اس سی ڈی میں کسی خاص مقام پر موجود ہونے سے ہوتا ہے ۔

چاند کی منزلوں کے راز

۞ منازل قمری کی بابت آپ میں سے اکثر احباب نے بہت مرتبہ سنا ہوگا پر یہ ہیں کیا؟ آسمان پر چمکنے والے لاتعداد سیاروں اور ستاروں کو جب انسان نے ماضی بعید میں بغور دیکھنا شروع کیا تو اسکو احساس ہوا کے ان میں سے کچھ متحرک ہیں جبکہ کچھ ساکن، یہ ستارئے جو ہماری کائنات سے ہزاروں لاکھوں نوری سال کے فاصلے پر موجود ہیں ساکن ستارے کہلاتے ہیں حالانکہ یہ سب متحرک ہیں لیکن زمین سے بے انتہا دوری کے سبب انکی حرکت کو محسوس نہیں کیا جاسکتا ۔ یہ ستارے آپس میں مل کر کچھ اشکال بناتے ہیں جنکو نجوم کی زبان میں بروج کا نام دیا جاتا ہے، اور انکا تعلق شمس سے ہے، یعنی یہ شمسی بروج کہلاتے ہیں ۔زمین کیونکہ شمس کے گرد ایک مدار میں اپنا سفر 365 دنوں میں مکمل کرتی ہے لہذا ہم کو ایسا محسوس ہوتا ہے کہ شمس ان بارہ بروج میں سفر کر رہا ہے ۔

✿ کیونکہ چاند سورج کی نسبت ہماری زمین سے بہت قریب ہے اور زمین کے گرد ایک مدار میں اپنے سفر کو کم و بیش 29 دنوں میں طے کرتا ہے لہذا ہم کو زمین پر بیٹھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ چاند مختلف بروج میں سفر کر رہا ہے، اور اسی کو منازل قمری کے نام سے جانا جاتا ہے۔

✿ سمجھنے والی بات یہ ہے کہ الیکٹرو میگنیٹک یا اسٹرال ویوز جو حیات انسانی پر مختف طریقوں سے اثر انداز ہوتی ہیں اور یہ طے کرتی ہیں کہ زمین میں بویا گیا بیج کیا پھل دے گا، اُن ساکن سیاروں سے آتی محسوس ہوتی ہیں جبکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ ان سے بھی بالا کسی جگہ سے نازل ہوتی ہیں جسکو ہم عالم ملکوت کے نام سے جانتے ہیں۔

✿ جب یہ ویوز عالم ملکوت سے عالم ناسوت میں دخول کرتی ہیں تو ان ہی بروج سے ہوتی ہوئی سیاروں سے ٹکراتی ہیں، یہ سیارے ان ویوز کو میگنیفائی کر کے چاند تک منتقل کرتے ہیں اور چاند ان ویوز کو ایک مرتبہ پھر باقوت کر کے زمین پر بسنے والی ہر مخلوق کے جسم، نفس اور روح پر وارد کرتا ہے کہ جس سے کارخانہ حیات چلتا رہتا ہے، عین مشیت الٰہی کے تحت۔

✿ سحر اور طلسم میں آسمان سے برسنے والی ان ہی ویوز کو استعمال کر کے انسان دوسرے انسانوں کو یا تو فائدہ پہنچاتا ہے یا نقصان۔

علم نجوم کا انسانی زندگی پر اثر

✿ تو جان لو کے جب انسان پیدا ہوتا ہے تو آسمان پر موجود سیاروں کی پوزیشن اسکے جسم لطیف اور لطائف پر اپنا اثر چھوڑ دیتی ہے کیونکہ ہر لطیفہ ایک سیارے سے منسوب ہے پس ہر چکرا اس سیارے کی تصویر اپنے اندر اتار لیتا ہے اور بعد از پیدائش چونکہ آسمان پر سیاروں نے ہمیشہ متحرک رہنا ہوتا ہے تو جب انکی نظرات جسم لطیف میں مرقوم ان سیاروں سے جیسے جیسے بنتی ہیں ویسے ویسے انسان اُن سے متاثر ہوتا ہے۔

اگر سیاروں کے اچھے بُرے اثرات سے نکلنا ہو تو چکرا زکوری پروگرام کر کے سیاروں کی بُری نظرات سے بچا جا سکتا ہے۔

طلسم اور جادو میں کیا فرق ہے؟

✪ علمی نقطہ نظر سے اگر معین سے مدد لے کر عالم عنصری میں تصرف کیا جائے تو اسے طلسم کہتے ہیں۔

✪ مطلب یہ ہوا کہ ان قوانین قدرت کو سمجھ کر کہ جو اس ساری کائنات بشمول تمام تر عالمین کو چلانے کے ذمہ دار ہیں، عالم عنصری پر کہ جو عالم ناسوت سے قریب تر بھی ہے اور اس پر موثر بھی، پر ارادتاً تصرف کیا جائے تو اسکو طلسم کہتے ہیں۔

✪ اور اگر بغیر معین عالم عنصری پر مافوق العادت کوئی اثر ڈالا جائے تو اسے سحر یا جادو کہتے ہیں۔

✪ یعنی قوانین قدرت کو سمجھے بغیر کسی اور طاغوتی قوت کی مدد سے عالم عنصری پر اگر کسی بھی قسم کا تصرف، خواہ مقصد نیک ہی کیوں نا ہو، کیا جائے تو وہ سحر ہے اور صریحاً حرام ہے۔

✪ مطلب یہ ہوا کہ ایتھر میں تغیر اگر اللہ کے بنائے ہوئے قوانین اور ملائک کی مدد سے کیا جائے تو طلسم ہے وگرنہ سحر۔

✪ اجسام کی صورت نوعیہ کا بدلنا یا نفوس انسانی میں اثر ڈالنا دو طرح سے ممکن ہے ایک قوت نفسیانہ سے اور دوسری قوت علمیہ سے۔

✪ قوت نفسانی سے کام لینا از قبیل سحر ہے اور قوت علمیہ سے کام لینا طلسم۔"

✪ یعنی عالم عنصری میں تغیر یا انسانی سوچ اور طرز عمل پر اثر انداز ہونا قوانین قدرت اور ملائک یا ہمزاد کی مدد سے ممکن ہے۔ قوانین قدرت اور ملائک کی مدد سے عالم عنصری میں تغیر پزیری یا نفوس انسانی میں تبدیلی طلسم اور ہمزاد یا کسی اور طاغوتی قوت کی مدد سے چھیڑ چھاڑ سحر کہلاتا ہے۔

✪ نقوش و آیات کو موثر کرنے کے لئے ایک طریق حسابی ہے اور یہ وہ لوگ استعمال کرتے ہیں جن میں روحانی قوت کا فقدان ہوتا ہے، جبکہ دوسرا طریق علوی ہے جو وقت یا مزاج افلاک کا محتاج نہیں ہوتا۔

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ

باقاعدہ آغاز کرتے ہیں۔۔۔

۞ علم عملیات کے بارے میں تعارف کرواتا چلوں کہ ہماری اس ظاہری دنیا کے علاوہ کئی بے شمار دنیائیں ہیں جیسے عالم جنات عالم ارواح عالم ملائکہ عالم شیاطین عالم حیوانات عالم جمادات عالم نباتات وغیرہ اسی طرح ہزاروں عوالم ہیں۔۔

ان عوالم کے ساتھ ہمارا بالمشافہ یا بلامشافہ واسطہ جس حساب کتاب کے زریعے پڑتا ہے اُس حساب کتاب کو فن عملیات کہتے ہیں

اب چونکہ گروپ مرتب کر دیا گیا ہے تو احباب کی خدمت میں اس فن عملیات کی وہ ساری پوشیدہ وظاہر جہتیں پیش کروں گا جس پر بلا توفیق الہی کسی کو عرفان حاصل نہیں ہوتا

فن عملیات میں پہلا مرحلہ تشخیص

تشخیص سے مراد کسی چیز کو جاننا، پہچان کرنا آشناء ہونا۔۔۔

۞ فن عملیات میں تشخیص سے مراد یہ لیا جاتا ہے کہ ہر اُس عارضے بیماری یا کمزوری کا پتہ لگانا جو انسانی کی روح اور نفسیات کے ساتھ منسلک ہے۔

۞ فن عملیات میں تشخیص وہ واحد مرحلہ ہے جس پر جو عامل جتنا ماہر ہوگا وہ اتنا ہی کامل معالج یا عامل بن سکتا ہے۔جس کو تشخیص میں ناکامی یا کمزوری رہے گی اسکے لیے عملیاتی میدان بہت کٹھن ہے

فن عملیات میں تشخیص کی بنیاد یا ابتدا کے یہ مراحل ہیں۔

1) تشخیص بزریعہ علم الاعداد

2) تشخیص بذریعہ علم نجوم

3) تشخیص بزریعہ علم قیافہ

4) تشخیص بذریعہ علم پامسٹر

5) تشخیص بزریعہ علم جفر

6) تشخیص بزریعہ علم نفسیات

7) تشخیص بزریعہ وظائف وعمل

ایک چھوٹے سے چھوٹا عامل بھی اس وقت تشخیص کے میدان میں کامیاب ہوتا ہے جب وہ ان سات طریقوں سے تشخیص کرنے کا اہل ہو جائے۔

ان سات طریقوں کے بعد منتہا کے درجہ ہیں جن میں

1) تشخیص بزریعہ مراقبہ

2) تشخیص بزریعہ وجدان

3) تشخیص بزریعہ سُکر

4) تشخیص بزریعہ جنات

5) تشخیص بزریعہ القاء

6) تشخیص بزریعہ کشف

7) تشخیص بزریعہ علم لدنی

کے مدارج ہیں۔۔۔۔

اب چونکہ تشخیص کا موضوع شروع کیا ہے تو ہم اول سات مدارج تشخیص پر مکمل و جامع بات کریں گے میں ساتھ ساتھ ہلکا پھلکا علمی تعارف بھی کرواتا جاوں گا ساتھ طریقے بھی تعلیم کرتا جاوں گا۔۔۔تمام احباب اس کو اسی ترتیب سے اپنی ڈائریز میں محفوظ فرماتے جائیے گا۔

جتنے احباب بنیادی مراحل کو اچھی طرح سمجھ گئے اور امتحانا سات طریقوں سے تشخیص فرمانے پر کامیاب

ہو گئے میرا ان سب سے وعدہ ہے کہ اس دور کی سب سے نایاب تشخیص بذریعہ کشف اور تشخیص بزریعہ جنات کے وہ اعمال اور طریقے پریکٹیکل کرواؤں گا جو لاکھوں روپوں کی فیسز کے بعد بھی دنیا کا کوئی عامل آپکو نہ دے سکے گا۔۔۔بشرطکہ احباب کا ذوق اور شوق وابستگی سے منسلک رہا اور ساتھ ساتھ کام کرتے جائیں گے۔

۞ علم تشخیص کے سلسلے میں ہم نے جو دورانیہ شروع کیا اس ضمن میں جو پہلا مرحلہ علم الاعداد سے تشخیص کا عرض کیا تھا اس پر جامع مضمون پیش کروں گا۔

۞ علم الاعداد کی اساس 1 سے لیکر 1000 تک ہے۔ اسی مدار کے ارد گرد علم الاعداد گردش کرتے ہیں۔۔۔مختلف کتب میں اس کے بے شمار طریقے اور اصول درج ہیں مگر میں آپ کی خدمت میں علم الاعداد سے تشخیص یعنی حساب کرنے کا بنیادی وہ قاعدہ پیش کرتا ہوں جو صدیوں سے بزرگان دین و ماہرین روحانیات کا معمول رہا ہے۔اس مطابق تشخیص تقریبا 50٪ درست ہوتی ہے مگر صرف اشارہ تشخیص کی جاتی ہے مثلا جادو ہے یا نہیں وغیرہ

علم الاعداد کے ذریعے قاعدہ تشخیص

۞ سحری و سفلی کالے جادو کے ذریعے آنے والی تکلیفوں کو معلوم کرنے کیلئے عام فہم اور بالکل سادہ طریقہ لکھ رہا ہوں۔جس سے فوری طور پر تشخیص کی جاسکے۔جو اس کیلئے بہت مفید ہے۔اس کیلئے

1) مریض کا نام مع والدہ کا نام

2) دن کے عدد

۞ ان سب کا مجموعہ لیں اور اس کو 12 سے تقسیم کر دیں۔جو باقی بچے اس کے مطابق بیماری کی تشخیص کی جائے۔مثلاً

۞ اگر 1 باقی بچے تو یہ ایک ایسا سحر ہے جس سے سر میں شدید درد، کندھوں پر بوجھ، اور انسان بڑا بیمار نظر آتا ہے۔ جسم میں جان نہیں ہوتی۔ کمزوری ظاہر ہوتی ہے اور دوائی کا بھی اثر نہیں ہوتا۔

۞ اگر 2 باقی بچے تو اس سے بھی جسم میں کمزوری اور کوئی عزیز دوست کسی قسم کا مقصد حاصل کرنا چاہتا ہے۔

۞ اگر 3 باقی بچے تو علمی جکڑ، کاروبار کا برباد کیا جانا

۞ اگر 4 باقی بچے تو سفلی علم پر مبنی جادو کا شکار، پریشانیاں نئی نئی بیماریوں کا شکار ہونا۔

۞ اگر 5 باقی بچے تو کسی غیر مرئی شے کا سایہ جسم کے الٹی سمت میں نفسانی خواہشات کی زیادتی۔

اگر 6 باقی بچے تو سحر تفریق جدائی لڑائی، مابین میاں بیوی، خاندان میں نا اتفاقی۔

۞ اگر 7 باقی بچے تو ایسی بیماریاں درد یں جن کی تشخیص نہ ہو سکے۔

۞ اگر 8 باقی بچے تو دیو کا سایہ جس کی وجہ سے ہر وقت خوف ذہنی پریشانی، گھر میں خون کے چھینٹے، ہر وقت حادثات کا خطرہ رہتا ہے۔

۞ اگر 9 باقی بچے تو ایسی بیماریاں جن کی تشخیص ناممکن ہو گئی ہو۔ اچھے کاموں میں رکاوٹ، عورتوں میں طلاق تک نوبت پہنچے۔

❁ اگر 10 باقی بچے تو جسمانی مرض ہو اور ساتھ روحانی تکلیف بھی ہوتی ہو۔ جسم میں ہڈیوں میں درد ہوتا ہو۔

❁ اگر 11 باقی بچے تو سحر الیول والخوت، گھر سے بھاگ جانے کو دل چاہتا ہو، گھر کے باہر تندرستی اور گھر میں آتے ہی تکلیف شروع ہو جاتی ہو۔

❁ اگر 12 باقی بچے تو سحر کی تابعداری مریض کو کرنے والے کے تابعدار رہے۔

اعداد کے لیے قمری حروف ابجد چارٹ

(الف=1)،(ب=2)،(ج=3)،(د=4)،(ہ=5)،(و=6)،(ز=7)،(ح=8)،(ط=9)،(ی=10)،(ک=20)،(ل=30)،(م=40)،(ن=50)،(س=60)،(ع=70)،(ف=80)،(ص=90)،(ق=100)،(ر=200)،(ش=300)،(ت=400)،(ث=500)،(خ=600)،(ذ=700)،(ض=800)،(ظ=900)،(غ=1000).

دنوں کے نام:

شنبہ (ہفتہ)	عدد 357	پنجشنبہ (جمعرات)	عدد 412
یکشنبہ (اتوار)	عدد 387	جمعہ	عدد 118
دوشنبہ (سوموار)	عدد 367		
سہہ شنبہ (منگل)	عدد 422		
چہارشنبہ (بدھ)	عدد 566		

آیئے آپ کو مثال دے کے سمجھاتا ہوں..

علی بن رقیہ نے بدھ کو سوال کیا کہ میری تشخیص کی جائے میرے ساتھ کیا مسئلہ ہے تو معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے

نام مریض علی	عدد	110
والدہ رقیہ	عدد	315
دن بدھ	عدد	566
مجموعہ	=	991

اب 991 کو 12 پر تقسیم کیا

12÷991= 7

معلوم ہوا کہ علی بن رقیہ کو ایسی بیماریاں درد ہیں جن کی تشخیص نہ ہو سکے۔۔۔

اس قاعدے کو اپنے پاس محفوظ فرمالیجیے گا۔۔۔اسکے بعد ان شاء اللہ تشخیص کے دیگر قوائد پر ضروری چیزیں پیش کروں گا پھر اسی طرح ساتھ عملیات کا سلسلہ چلے گا۔

❁ اب ایک چیز کو سمجھیے کہ جو قائدہ آپ کو پیش کیا گیا ہے علم الاعداد میں تشخیص کی بنیاد یہی ہے۔۔۔بس تشخیص پکی کرنے کے لیے اس میں مزید کمی پیشی کے قوائد ایڈ کیے جاتے ہیں

❁ اسکی مثال ایسے ہے جیسے مریض کے نام مع والدہ کے اعداد دن کے اعداد نکال کر بارہ پر تقسیم کیا جو جواب آیا پھر اسے دیکھا کہ کیا تشخیص ہے۔۔۔۔

مگر اس تشخیص کو پکا کرنے کے لیے نام مع والدہ کے اعداد۔دن کے اعداد۔مریض جس ساعت میں ایا ہے اسکے اعداد مریض کی علامات میں سے جو مرکزی علامت اسکے ساتھ درپیش ہے مثلا بدخوابی،خوف وغیرہ اس ایک علامت کے اعداد سب آپس میں جمع کیے اور انھیں بارہ پر تقسیم کر دیا

۞ جو قائدہ آپکو سمجھایا تھا وہ بنیاد تھی یعنی تشخیص کرنی کیسے ہے۔۔۔اب تشخیص کیا کرنی ہے اسکا پورا علم ہے۔جو نہ کسی کتاب میں موجود ہے اور نہ ہی عام میسر ہے وہی آپکو سکھا رہا ہوں

۞ علم الاعداد میں تشخیص کے لیے جو جو ضروری علم یعنی معلومات ہیں ان پر آج بات کروں گا۔پھر ایک جامع قائدہ دوں گا اس سے آپ تشخیص کیجے گا۔ان شاء اللہ ایک لاکھ بندے کی بھی تشخیص کریں گے تو وہ الگ ہی آئے گی۔مگر یاد رہے میں نے پہلے عرض کیا تھا علم الاعداد سے تشخیص 50٪ ہاں یا ناں والی ہے بس۔اس سے زیادہ اطمینان والی نہیں

ساعات:

شمس، قمر، زحل، مشتری، زہرہ، عطارد، مریخ

دن:

شمس۔۔۔۔اتوار

قمر۔۔۔۔سوموار

زحل۔۔۔۔ہفتہ

مشتری۔۔۔جمعرات

زہرہ۔۔۔۔جمعہ

عطارد۔۔۔۔بدھ

مریخ۔۔۔۔۔منگل

طریقہ:

جب بھی کوئی مریض آئے یا کسی کا حساب کرنا ہو تو

﴾ اسکا نام مع والدہ (بن یا بنت کے اعداد سمیت) ابجد قمری سے نکالیں۔

﴾ پھر ساعت دیکھیں کہ کس ساعت میں سوال کیا گیا ہے مثلا عطارد کی ساعت میں سوال کیا گیا ہے تو عطارد کے اعداد جمع کریں

﴾ پھر جس دن سوال ہو اس دن کے اعداد جمع کریں

﴾ اسکے بعد مریض کو پوچھیں کہ اسکے ساتھ سر کے بالوں سے لیکر پاوں تک جسم کے کس حصے میں کیا تکلیف بغیر وقفہ سات دن سے زیادہ ہے:

مثلا سر درد یا انکھیں درد یا چکر یا الٹی یا پیٹ درد یا دل میں درد یا اس طرح کچھ بھی ایسی علامت جو سات دن سے مسلسل ہو رہی ہو۔ اسکے اعداد نکالیں اور جمع کر دیں

﴾ تمام کو جمع کر کے بارہ پر تقسیم کر دیں اگر ایک سے لیکر بارہ تک کسی بھی عدد پر تقسیم ہو جائے تو اس سے اندازہ لگائیں۔

﴾ اگر رقم بڑی ہو تو پھر سے بارہ پر تقسیم کریں

جتنا بھی علم الاعداد میں سر کھپائی ہے سب کا نچوڑ آپ کو دے دیا ہے اور یہ وہ قائدہ ہے جو سو طرح سے گھوم پھر کر یہی آ کر رکتا ہے۔

علم الاعداد اپنی جامعیت میں ایک وسیع علم ہے یہ عامل کی قابلیت پر منحصر ہے کہ وہ اس سے کتنا فائدہ حاصل کرتا ہے۔

اس کی مثال یوں سمجھیں:

زید بن بکر نے کہا کہ مجھے معلوم کرنا ہے مجھ پر کیا معاملہ درپیش ہے میرا کام کاج کو دل نہیں کرتا

بنیادی طور پر یہ ایک لائن پر مشتمل سوال ہے مگر عامل کی قابلیت اس سوال سے اسکا چھوٹا بڑا اہر عارضہ نکال سکتا ہے۔

مثلاً میرے پاس زید بن بکر آیا تو میرا طریقہ یہ ہوگا

﴾ زید بن بکر اتوار کو آیا۔۔۔

﴾ سب سے پہلے میں دیکھوں گا کہ یہ کس ساعت میں آیا۔۔۔

﴾ شمس میں آیا تو شمس کا تعلق وجاہت وعظمت وقوت غلبہ حکمرانی سے ہے۔ جسم میں اس کا تعلق قوت اعصاب کی مضبوطی جسمانی طاقت وغیرہ سے ہے

(اسی طرح قمر زہرہ عطارد مریخ زحل مشتری وغیرہ سب ساعات کا تعلق دنیوی روحانی اور جسمانی تینوں امور سے ہوتا ہے۔)

میں دیکھوں گا کہ زید بن بکر نے کس ساعت میں سوال کیا ہے۔

پھر اس ساعت کا کن کن امور سے تعلق ہے۔

ان ساعات میں روحانی کن کن امور سے تعلق ہے۔

جسمانی طور پر ساعات کس کس حصے سے تعلق رکھتی ہیں۔

دنیوی طور پر ساعت کس کس معاملے سے تعلق رکھتی ہیں۔

اب ان ساعات کو مدنظر رکھتے ہوئے میں علامات پوچھوں گا۔

مثلاً زید بن بکر نے عطارد کی ساعت میں سوال کیا کہ میرا کام کاج پر دل نہیں لگتا۔

تو عطارد کا تعلق انسان کے دماغ فہم فراست علم سے بھی ہے

اور روحانی لحاظ سے بندش جادو ٹونے ٹوٹکے وغیرہ سے بھی تعلق رکھتا ہے

اب اس صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے میں خدشات کے زیرتحت سوال کروں گا کہ کیا تمہیں دماغ کی درد نیند کی کمی بدخوابی یا جسمانی سستی رہتی ہے؟

اگر وہ کہتا ہے کہ ہاں یہ علامات موجود ہیں تو ان علامات کے اعداد نکال کر نام مع والدہ اور دن وساعت کے عدد میں جمع کر کے بارہ پر تقسیم کر دوں گا۔

اب جو جواب آئے گا وہ ہاں یا ناں میں تقریبا 50٪ درست ہوگا یعنی قوی گمان کیا جاسکتا ہے کہ زید بن بکر پر کسی طرح کی بندش کے عملیات ہیں۔۔۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

ساعات دن اور تعلقِ اعضاء

شمس۔۔۔اتوار...اعضا: روح، دل

پیشے: سرکاری ملازم، جوہری، شوبز آرٹس، بنکار، منتظم اعلیٰ، ذاتی کاروبار

قمر۔۔سوموار۔۔۔اعضا: سینہ، پھیپھڑے

پیشے: ہسپتال سے متعلق ملازمت، کیمسٹ، دودھ اور مائع کے کاروبار، مدرس

زحل۔ہفتہ.....اعضا: پیر، گھٹنے

پیشے: سیاست، تحقیق، تاریخ، اناج اور لکڑی کا بیوپار، ماتحتی کلرکی

مشتری۔۔۔۔۔جمعرات..اعضا: زانوں، جگر

پیشے: قانون، طب، تدریس، سول سروس، انتظام وانصرام، نجوم، مذہبی امور

زہرہ۔۔۔جمعہ...اعضا: آنکھیں، معدہ

پیشے: فنکار، موسیقار، کپڑے، خوشبو اور سنگھار سے متعلق کاروبار، مالیاتی امور

عطارد۔۔۔بدھ...اعضا: ہاتھ، انگلیاں، دماغ

پیشے: صحافت، تدریس، کمپیوٹر پروگرامنگ، بنکاری، سیلز مین شپ، اکاؤنٹنٹ

مریخ۔۔۔منگل...اعضاء خون، ریشے اعضاء واعصاب

پیشے: قانون دان۔فوج۔ پولیس اور حاکم ایجنسیاں مثلاً قاضی عدالت وغیرہ

اب طریقہ یہ ہوگا

کہ جب کوئی سائل آپکے پاس کسی بھی مسلہ کے متعلقہ آئے تو سب سے پہلے اسکے نام مع والدہ کے اعداد لیں پھر دیکھیں کونسی ساعت میں آیا ہے۔

اس ساعت کے اعداد جمع کریں پھر ساعت مطابق دیکھیں کہ ساعت کا تعلق کن کن اعضاء سے ہے مریض سے پوچھیں ان اعضاء کے متعلق بیماری کا اگر وہ کوئی مخصوص بیماری مثلا درد وغیرہ بتاتا ہے تو اس کے اعداد جمع کریں اس طرح سب اعداد کو بارہ پر تقسیم کردیں

علم الاعداد اصل میں علم الحروف ہی کا حصہ ہے کیونکہ جب بھی ہم کسی چیز کا عدد نکالتے ہیں تو کسی نہ کسی حرف کا ہی نکالتے ہیں اس لیے علم الاعداد اور علم الحروف دونوں کا چولی دامن کا ساتھ ہے

❁ ایک چیز کی جانب توجہ مرکوز کروانا ضروری سمجھتا ہوں کہ اعداد حاصل کو بارہ پر تقسیم اس لیے کیا جاتا ہے کہ ٹوٹل بارہ ہی حواس ہیں جن سے روحانی معاملات سہی یا خراب ہوتے ہیں اور بارہ ہی بروج ہیں جن کا تعلق ہر دنیوی یا روحانی معاملے سے ہے۔

❁ باقی اپ سب کی خدمت میں ایک سے لیکر بارہ تک کی گنتی میں جو جو علامات معاملات روحانی عارضے مسائل ہیں ان کا ایک پیٹرن مزید وسیع کر کے پیش کردوں گا۔ مگر احباب علم الاعداد سے تشخیص کیا کیجیے ابتدائی اندازے کے لیے یہ بنیاد ہے۔

ایک اہم عرض:

❁ وہ تمام علماء کرام عاملین احباب جن سے میری ملاقات ہو چکی ہے یا جن کو میں نے علاج معالجہ وغیرہ کے متعلقہ اجازت دی ہوئی ہے ان سے عرض ہے گاہے بگاہے مجھ سے فون کال پر رابطہ فرماتے رکھا کیجیے واٹس ایپ میسجز یا انباکس وغیرہ کی بجائے ڈرائکٹ موبائل نمبر پر کال۔ فرمالیا کیجیے مگر گاہے بگاہے میرے رابطہ میں رہا کیجیے ۔۔۔علاوہ ازیں جو اعمال یا طریقے پیش کیے گئے ہوں صرف انھی کو معمول میں رکھا کیجیے۔

❁ مجھے آج علماء کرام نے تجویز عنایت فرمائی ہے کہ گروپ میں عملیات پر کام کیا جائے۔ تو اس سلسلہ میں عرض ہے کہ پھر گاہے بگاہے میں مختلف علوم پر بھی بات چیت کرتا چلا جاوں گا ساتھ عملیات بھی پیش کرتا جاوں گا مگر

عرض ہے کہ میرے جتنے بھی اعمال ہیں ان سے خود جیسے چاہیں کام لیجیے مگر آگے عملیات تعلیم نہ فرمائیے گا۔

❁ تشخیص کے میدان میں علم الاعداد کے ساتھ ساتھ علم نجوم کا تھوڑا بہت شغف عامل کے لیے بہت ضروری ہے کیونکہ نجوم جفر اور اعداد تینوں ایک دوسرے کی مدد کے بغیر نامکمل ہیں

❁ کل مجھے علماء کرام کے ساتھ میٹ پر کانفرنس کال کا شرف حاصل ہوا۔ انہوں نے ارشاد فرمایا کہ جیسے علوم شروع کیے ہیں ویسے تو انکی وسعت کی وجہ سے کوئی ایک سلسلہ بھی ختم نہیں ہوسکے گا اور کئی ماہ صرف ایک ہی علم پر لگ جائیں گے تو اسکا متبادل حل یہ نکالا ہے کہ آپ احباب کو تمام علوم سے فارمولے مستند پیش کر دیے جائیں جن سے تشخیص کی جاتی ہے۔

❁ اس کے ساتھ ساتھ عملیات اور روحانیات پر کام کیا جائے تو آج سارا دن تقریبا اسی موضوع پر کچھ لکھنے کا ارادہ رکھتا تھا مگر موسم و مصروفیت کی بنیاد پر یکسوئی نہیں مل سکی

لمبی چوڑی تمہید یں سمجھانے کے لیے وقتا فوقتا چیت چلتی رہے گی۔۔۔ہم دو کیٹا گریز پر کام کریں گے

ہر روز ایک تشخیص کا طریقہ اور ایک عمل پیش کیا کریں گے ان شاء اللہ تعالی۔

اس طرح عملیات اور تشخیص دونوں پر کام موثر ہو سکے گا

❁ اس سے قبل ایک پیشگی عرض ہے کہ

جو علماء کرام و عاملین احباب علاج معالجہ اور نقوش وغیرہ سے پروفیشنل کام لینا چاہیں وہ کم از کم ایک بار مجھ سے بالمشافہ ملاقات لازم فرمالیجیے گا۔۔۔اعمال میں تاثیر وقت کے لیے یہ بنیادی قائدہ سمجھ لیجیے. بقیہ جو احباب ملاقات نہیں فرما سکتے وہ کسی وقت میں جامع کال پر رابطہ لازم فرمالیجیے گا۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

اعداد سے عمر بھر کے حالات معلوم کرنا۔(علم الاعداد کا قائدہ)

❁ اگر آپ اعداد (علم الاعداد) سے زندگی بھر کے حالات معلوم کرنا چاہتے ہیں اگر آپ کو اپنی زندگی کے حالات کا اندازہ کرنا ہو تو اپنے نام کے حروف شمار کرو۔ پھر ہر حرف کو نمبر وار اس حرف کے اعداد سے ضرب دیتے جاؤ اور حاصل ضرب کو الگ لکھتے جاؤ۔ پھر تمام اعداد کو جمع کر کے استنطاق کرو اور ان کا مفرد عدد برآمد کرو۔ جب مفرد عدد برآمد ہو جائے تو مندرجہ ذیل نقشے میں اُس عدد کی کیفیت ملاحظہ کرو۔ ان مجملی حالات سے اس شخص کی زندگی کے مفصل حالات کا اندازہ کرنا ایک صاحب عقل کے لئے کافی ہوگا۔

❁ عدد نکالنے کو ایک مثال سے سمجھو۔ مثلاً کسی شخص کا نام ۔محمد حنیف ہے۔ ہمیں اس کی زندگی کے حالات کا اندازہ کرنا ہے تو سب سے پہلے ہم دیکھیں گے کہ اس نام میں کل کتنے حروف ہیں۔ ہم نے غور کیا تو معلوم ہوا کہ محمد حنیف میں کل 8 حروف ہیں۔ ان کے اعداد اس طرح ہیں۔

م	ح	م	د	ح	ن	ی	ف
40	8	40	4	8	50	10	80

م) سب سے پہلا حرف میم ہے اور کے اعداد 40 ہیں۔ جب کہ نام کے کل حروف 8 ہیں تو ہمیں 8 سے 40 کو ضرب دینا ہے۔ حاصل ضرب 320 ہوا۔

ح) دوسرا حرف ح ہے۔ اعداد اس کے 8 ہیں اور اب نام کے بقیہ حروف 7 ہیں۔ ہم نے 7 کو 8 میں ضرب دیا تو حاصل ضرب 56 آیا۔

م) تیسرا حرف میم ہے اس کے اعداد 40 ہیں۔ اب نام کے بقیہ حروف 6 ہیں۔ 6 کو 40 میں ضرب دیا تو حاصل ضرب 240 آیا۔

د) چوتھا حرف د ہے۔ اعداد اس کے 4 ہیں اب بقیہ حروف 5 ہیں۔ 5 کو 4 سے ضرب دیا تو حاصل ضرب 20 آیا۔

ح) پانچواں حرف ح ہے۔ اس کے اعداد 8 ہیں۔ اب بقیہ حروف 4 ہیں۔ 8 کو 4 سے ضرب دیا تو حاصل ضرب 32 آیا۔

ن) چھٹا حرف ن ہے۔ان کے اعداد 50 ہیں اب بقیہ حروف 3 کو 50 میں ضرب دیا تو حاصل ضرب 150 آیا۔
ی) ساتواں حرف ی ہے۔اس کے اعداد 10 ہیں۔بقی حروف 2 ہیں۔2 کو 10 سے ضرب دیا تو حاصل ضرب 20 آیا۔
ف) آٹھواں حرف ف ہے۔اس کے اعداد 80 ہیں۔چونکہ اب حروف آخری ہے۔اس لئے اس کے 80 عدد ہی لئے جائیں گے تمام حاصل ضرب اعداد کو جمع کر لیں۔

918=80+20+150+32+20+240+56+320

ان کا استنطاق کیا تو مفرد عدد 9 برآمد ہوا۔ذیل کے نقشے میں 9 عدد کی خصوصیات دیکھ کر اندازہ کر لیا کہ محمد حنیف کی زندگی کا حاصل کیا ہے۔

❀❀❀❀❀❀❀❀❀❀❀

1) تم ذہن رسا ہو۔بلند اقبال ہو۔تمہارے اندر قوت ارادی حد سے زیادہ ہے۔دولت،عزت اور مقبولیت تمہاری تقدیر ہے۔تمہارے اندر خصوصی جوہر موجود ہیں۔تم عمر بھر خوش وخرم رہو گے۔لیکن زندگی کا ابتدائی حصہ غموں اور بیماریوں کٹے گا۔آخری دور خوشحالی کا دور ہے۔

2) تمہاری صحت اچھی نہیں ہوگی۔زندگی کا اکثر حصہ غربت وافلاس میں کٹے گا۔اکثر بیماریاں دامن گیر رہیں گی۔غصہ اور تشدد تمہاری زندگی کا حصہ ہے۔تم تشدد اور غصے کی وجہ سے خاصا نقصان برداشت کرو گے۔اگر تم نے صبر وضبط کی راہ کو اپنایا تو شاید تم اپنی بدنصیبی پر قابو پالو۔

3) تم صاحب اخلاق اور صاحب کمال ہو۔تم فطرت کے اعتبار سے شریف اور ملنسار ہو۔تم لوگوں کو فائدہ پہنچاؤ گے۔اور تم لوگوں کی محبت اور توجہ حاصل کرنے میں کامیاب رہو گے۔لیکن تمہیں خود غرض لوگوں سے کچھ نقصانات اٹھانے پڑیں گے۔

4) تم خواہش اور ضرورت کے مطابق علم حاصل نہ کرسکو گے۔لیکن تمہاری زندگی خوشحالی کی زندگی ہوگی۔

تمہاری فطرت میں دوسروں کو چکمہ دینے کی صفت بھی موجود ہے۔تم قوت ارادی اور اپنے بازوؤں کی طاقت کی وجہ سے ہر میدان میں کامرانی حاصل کرلو گے۔

5) تم فطرتاً عیش پرست ہو۔لہو ولعب سے تمہیں خاصی دلچسپی ہے۔تم قرص وسرور کی محفلوں میں مگن رہو گے لیکن ہوتم خوش قسمت۔تمہاری زندگی بالعموم راحت میں کٹے گی اور مال و دولت حسب منشاء ملے گا۔

6) تم اپنی صلاحیتوں سے اپنی بگڑی تقدیر بھی سنوار لو گے اور اللہ کے فضل کے حقدار بن جاؤ گے۔تم فطرتاً محنتی ہو۔تم جدو جہد سے کبھی منہ نہیں موڑو گے۔تمہارے ارادے فولاد کی طرح ہوں گے۔اس لئے تم خزاں کے دور میں بھی بہاروں کا مزا لو گے۔

7) تم صاحب علم بھی ہوں گے اور صاحب عقل بھی۔تمہاری زندگی راحت و آرام سے کٹے گی۔تمہارے اندر ایثار کا جذبہ ہے تم دوسروں کی خاطر غم جھیلو گے اور اکثر اپنے مفادات کو ٹھیس پہنچاؤ گے۔

8) تم مستقل مزاج ہو۔تمہاری زندگی کا اکثر حصہ سفر میں گزرے گا۔تم امن پسند ہو لڑائی جھگڑوں سے تمہیں نفرت ہوگی۔لیکن کوئی نہ کوئی جھگڑا تم سے جڑا رہے گا۔تم تواضع کی وجہ سے غیروں میں بھی مقبول رہو گے۔

9) تمہاری زندگی میں حد سے زیادہ تفکرات ہوں گے۔تم اپنے ہاتھوں ہی سے اپنی قسمت کا گلا گھونٹ لو گے اور تمہاری زندگی میں تردداتک کی کثرت ہوگی۔اور تم غلط فیصلوں کی وجہ سے دُکھ اٹھاؤ گے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

حالات سے آگاہی کے لیے علم الاعداد کا ایک قاعدہ

❁ اس میں کوئی شک نہیں کہ اعداد کا علم ایک نہایت دقیق و عمیق علم ہے۔

اعداد ہر سال آپ کے لیے ایک انفرادی اثر رکھتا ہے

❁ اعداد کی بازی گری کی آج ساری دنیا معترف ہے۔ بیس ویں صدی کو اگر علم ریاضی کے کمال کی صدی کہا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ یہ سب اعداد و شمار کا ہی تو کھیل ہے کہ انسان، زمین تو کیا خلا کی وسعتیں ناپ رہا ہے۔ کروڑوں نہیں اربوں میل کے فاصلے پر واقع خلا میں تیرتے ہوئے ستاروں کے حدود اربعہ کا جامع حساب پیش کر رہا ہے۔

❁ اگر یہ کہا جائے کہ علم ہندسہ میں کمال حاصل کئے بغیر انسان زندگی کے کسی بھی شعبے میں اور علم کی کسی بھی شاخ سے انصاف نہیں کرسکتا تو بجا ہوگا۔ قدیم ماہرین علم الاعداد نے اعداد کے باطنی خواص اور اسرار پر جو تحقیق و تجربات ماضی میں کئے تھے۔ جدید دور کے ماہرین علم الاعداد اس کی تصدیق کرتے ہیں۔ اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ بابل و مصر اور یونان کی قدیم تہذیبیں علوم و فنون کے میدان میں کیا مقام رکھتی تھیں۔

❁ آج ہم اعداد سے کام لینے کا ایک ایسا ہی قدیم طریقہ بیان کر رہے ہیں جو صدیوں سے مروج ہے اور ماہرین علم الاعداد نے اسے تجربے کی کسوٹی پر بارہا پرکھا ہے۔ اس طریقے سے آپ یہ معلوم کر سکتے ہیں کہ کوئی تعلق آپ کیلئے کیسا ہے۔ وہ تعلق کسی جاندار شے سے ہو یا بے جان شے سے۔

❁ مثلاً اگر آپ یہ جاننا چاہیں کہ کسی شخص سے آپ کے تعلقات کیسے رہیں گے اور مستقبل میں ان کی نوعیت کیا ہوگی تو یہ طریقہ اس میں بھی مددگار ثابت ہوگا۔

❁ یا اگر آپ یہ معلوم کرنا چاہیں کہ کون سا شہر ملک یا مکان آپ کیلئے کیسا رہے گا؟ تو اس سلسلے میں بھی اس طریقہ کار سے مدد لی جا سکتی ہے۔

❁ اس کے علاوہ یہ طریقہ زندگی کے کسی بھی سال کے بارے میں آپ کو مناسب گائیڈ لائن دے سکتا ہے۔ جس سے آپ یہ جان سکیں گے کہ فلاں سال آپ کیلئے کیسا رہے گا؟ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ ایک نہایت ہی سادہ و آسان طریقہ ہے۔ اس سے فائدہ اٹھانے کیلئے آپ کو کوئی بہت زیادہ محنت بھی نہیں کرنی پڑے گی۔ آئیے ہم آپ

کو اس کا بنیادی اصول سمجھاتے ہیں۔

❁ ہر انسان کی زندگی پر کچھ اہم اعداد اثر انداز ہو رہے ہیں۔ جن میں سرفہرست اس کی تاریخ پیدائش کے اعداد ہیں اور اس کے بعد نام کے اعداد' تاریخ پیدائش کے اعداد کو ہم پہلے نمبر پر اس لئے رکھتے ہیں کہ یہ اللہ کی طرف سے مقرر کردہ ہوتی ہے۔ جبکہ نام انسانوں کا رکھا ہوا ہوتا ہے جسے تبدیل بھی کیا جاسکتا ہے۔ مگر تاریخ پیدائش کبھی تبدیل نہیں ہوسکتی۔

❁ اس کی ضرورت ہوگی۔ یعنی پیدائش کے دن کی تاریخ اور مہینہ چاہئے ہوگا کیونکہ تاریخ اور مہینے کے عدد کی حاصل جمع سے جو عدد حاصل ہوگا وہ اس طریقۂ کار میں کلیدی کردار ادا کریگا۔

❁ مثلاً آپ کی تاریخ پیدائش کسی بھی سال میں اگر 27 فروری ہے تو ہم 27 تاریخ کا مفرد عدد معلوم کرینگے جو 9=7+2 ہوگا۔ اب فروری کا عدد ہمیں معلوم ہے' 2 ہے۔ کیونکہ یہ سال کا دوسرا مہینہ ہے لہٰذا اسے بھی تاریخ پیدائش کے مفرد عدد میں جمع کرلیں گے اور 11=9+2 ہوگا۔ اسے ایک مرتبہ اور جمع کیا گیا تو 2=1+1 کا عدد حاصل ہوا۔ چنانچہ معلوم یہ ہوا کہ 27 فروری کو پیدا ہونے والے شخص کا کلیدی مقسومی عدد 2 ہے۔

❁ اب اگر ہم یہ معلوم کرنا چاہیں کہ فلاں شخص سے اس کلیدی مقسومی عدد کے مالک کے تعلقات یا مستقبل کی شراکت یا ازدواجی رفاقت کیسی رہے گی؟ تو اس کے نام کا عدد معلوم کریں۔ نام کا عدد نکالنے کا طریقہ ہم کئی بار لکھ چکے ہیں اور اس سلسلے میں اردو اور انگریزی کی جو ابجد استعمال ہوتی ہے وہ بھی کئی بار دے چکے ہیں.

❁ فرض کریں کہ جس شخص سے آپ اپنے تعلق کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں اس کے نام کا عدد "4" ہے تو اس عدد کو اپنے کلیدی مقسومی عدد میں جمع کردیں یعنی 6=2+4 ہوگا۔

❁ اب نیا عدد 6 سامنے آیا۔ یہی وہ عدد ہے جو اس شخص سے یعنی متعلقہ فریق سے آپ کے تعلقات کو ظاہر کریگا۔ چنانچہ عدد 6 کی خصوصیات اور منسوبات کا مطالعہ کیجئے۔ مختصراً یہ کہ 6 کا عدد دوستی تعلقات اور محبت کا عدد لہٰذا یہ شراکت یا تعلق خاصا جذباتی نوعیت کا ہوسکتا ہے اس کے علاوہ بھی عدد 6 کی خصوصیات کا تفصیلی مطالعہ اس تعلق کے دیگر پہلوؤں پر روشنی ڈالے گا۔ اسی طرح کسی بھی مکان' شہر' ملک' کاروبار وغیرہ سے متعلق عدد معلوم کرکے اپنے کلیدی مقسومی عدد میں جمع کریں اور پھر جو مفرد عدد حاصل ہو اس سے رہنمائی حاصل کریں۔

زندگی کا فلاں سال کیسا گزرے گا

❁ اگر یہ معلوم کرنا مقصود ہو کہ زندگی کا فلاں سال کیسا ہوگا تو اس سال کا عدد حاصل کریں مثلاً موجودہ سال 2006ء کا مفرد عدد 8 ہے۔ عدد 8 کو اپنے کلیدی مقسوی عدد میں جمع کرلیں اور پھر جو مفرد عدد ظاہر ہو اس کے نتائج دیکھیں لیکن اس کیلئے اعداد کی تمام خصوصیات زیادہ رہنمائی نہیں کرسکیں گی۔

❁ اس لئے ہم 1 سے 9 تک اعداد کی مخصوص خصوصیات دے رہے ہیں۔ جن سے آپ اپنی زندگی کے کسی بھی سال کے بارے میں جان سکتے ہیں کہ یہ کیسا ہوگا۔ یعنی اس سال میں کیسے حالات پیش آئیں گے اور آپ کو کس نوعیت کی کامیابیاں یا ناکامیاں پیش آسکتی ہیں۔ اس کے علاوہ ذاتی خوبیوں اور خامیوں کی صورتحال کیا ہوگا؟

❁ ہم یہاں 1 سے 9 تک تمام اعداد کے جو اثرات لکھ رہے ہیں وہ صرف مندرجہ بالا قاعدے کیلئے مخصوص ہیں۔ علم الاعداد کے کسی اور قاعدے کیلئے کارآمد نہ ہونگے۔ کسی بھی سال کے عدد اور اپنی تاریخ پیدائش اور مہینے کے عدد کے حاصل جمع سے جو مفرد حاصل ہوگا اس کے نتائج مندرجہ ذیل ہونگے۔۔۔

نمبر 1 کے تحت سال کا جائزہ

اس عدد کے تحت آپ کی خوداعتمادی اور حوصلے میں اضافہ ہوگا اور آپ کوئی نمایاں اور بڑا کام کرنے کے خواہش مند ہوں گے مگر ضروری ہوگا کہ مکمل غوروفکر اور منصوبہ بندی کے ساتھ کوئی قدم اٹھائیں اور اپنی توانائیاں اور صلاحیتوں کو کسی ایک ہدف پر مرتکز رکھیں۔ تب ہی یہ سال آپ کو کسی بڑی کامیابی سے ہمکنار کرسکتا ہے۔

اس سال آپ کیلئے یہی ضروری ہوگا کہ بعض معاملات کا ازسرنو جائزہ لیں اور بعض کاموں کو دوبارہ ابتدا سے شروع کریں۔ زیادہ بہتر یہ ہوگا کہ اپنے کام میں نیاپن لائیں اور کوئی نیا آغاز کریں اس سال کچھ نئے لوگ اور کچھ نئے راستے آپ کے سامنے آئیں گے لیکن آپ کسی شراکت کے موڈ میں نہیں ہوں گے بلکہ اکیلے ہی کام کرنا پسند کریں گے۔

اگر آپ کی تاریخ پیدائش 1، 10، 19، یا 28 ہے تو اس صورت میں یہ سال آپ کیلئے مزید اہمیت کا حامل ہوگا۔ آپ یقیناً کسی نئے کاروبار کی بنیاد رکھیں گے یا نئی ملازمت شروع کریں گے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ پہلے

سے اگر کسی منصوبے پر کام کر رہے تھے تو اس سال اسے پایہ تکمیل تک پہنچائیں گے۔ یہ سال ذاتی تعلقات کے حوالے سے بھی اہم ثابت ہوگا۔ آپ ایسے لوگوں سے ربط وضبط بڑھانا پسند کریں گے جو معاشرے میں کوئی اعلیٰ مقام اور مرتبہ رکھتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی اپنے سے چھوٹے لوگوں سے بھی بہتر تعلقات کی ضرورت محسوس کریں گے۔ اگر آپ کی زندگی میں اس سے پہلے کسی تعلق یا رشتے میں اختلافات اور تنازعات موجود ہیں۔ ان کا خاتمہ کرنے کے بارے میں سوچیں گے۔ ایسے اختلافات محبت کے سلسلے میں پیدا ہوئے ہوں یا کاروباری نوعیت کے ہوں۔

1 نمبر کے زیر اثر سال میں آپ کی ملاقات ایسے لوگوں سے ہوسکتی ہے جو برج حمل، اسد یا دلو سے تعلق رکھتے ہوں۔ یا پھر جن کے نام اور تاریخ پیدائش کا عدد 1، 4، 9، 10، 13، 18، 19، 22 اور 28 ہو۔

عدد 1 کے تحت یہ ایسا سال ہے جس میں آپ آزادی پسند ہونگے اور اپنے کیریئر کیلئے نئے اور تازہ منصوبوں کو اپنائیں گے۔ آپ کے ارادے اور حوصلے بلند ہونگے۔ اس سال کامیابی کیلئے ضروری ہوگا کہ آپ کسی معاملے میں پہل کرتے ہوئے ہچکچاہٹ کا مظاہرہ نہ کریں اور اپنے مفادات و مطالبات کے حصول کیلئے پوری خود اعتمادی کے ساتھ قدم آگے بڑھائیں۔ یہ بھی امکان ہے کہ اس سال آپ اپنے مقاصد و مطالبات کیلئے اتنے زیادہ پرجوش ہو جائیں کہ دوسروں سے جھگڑے مول لیں گے۔ بہرحال کوئی بھی صورت ہو آپ کامیاب رہیں گے اور دوسروں کو اپنی صلاحیتوں کے ذریعے متاثر کریں گے۔

نمبر 2 کے تحت سال کا جائزہ

نمبر 2 کے تحت اس سال تعلقات پر زور رہے گا اور آپ دوسرے لوگوں سے تعلقات قائم کرنے میں کوئی دشواری محسوس نہ کریں گے۔ آپ کیلئے یہ ایک ایسا سال ہے جو ڈپلومیسی کے ذریعے کامیابی کے راستے دکھائے گا۔ یعنی اس سال کو مصلحت آمیز دہرے پن، مفاہمت اور اپنی قابلیت سے کام لینا ہوگا۔ آپ نے گزشتہ سال جو بھی کام شروع کئے تھے انہیں تیزی سے آگے بڑھانے میں مدد ملے گی۔ مگر کسی معجزے کے انتظار میں نہ رہیں اچانک اس کی رفتار کم ہوسکتی ہے۔

دراصل عدد 2 تبدیلیوں کا مظہر ہے لہٰذا اس سال آپ کی زندگی میں کچھ نئی تبدیلیاں خصوصاً آپ کے کام یا رہائش

کے حوالے سے آسکتی ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ ایک جگہ سے دوسری جگہ ہجرت کر جائیں۔یعنی شہر یا ملک ہی تبدیل کرلیں یا اپنی کاروباری جگہ میں کوئی تبدیلی لائیں۔اس سال آپ کے روحانی جذبات واحساسات بھی عروج پر ہونگے۔مخالف جنس کی طرف سے آپ زیادہ کشش محسوس کریں گے۔محبت،منگنی اور شادی کے مسائل میں کامیابی ہوسکتی ہے اور آپ کو اپنے خوابوں کی پسندیدہ تعبیر مل سکتی ہے۔

اگر آپ کی تاریخ پیدائش 2،20 یا 29 ہے تو اس بات کا یقین کرلیں کہ اس سال آپ کی زندگی میں یقیناً کوئی بڑی تبدیلی یا بڑا واقعہ رونما ہوگا۔

جیسا کہ ابتدا میں ہم لکھ چکے ہیں کہ اس سال تعلقات کا موضوع زندگی میں زیادہ اہم ثابت ہوگا لہٰذا آپ دوسرے لوگوں سے گہرے اور جذباتی تعلقات قائم کریں گے۔مگر اسی وقت جب اس کی ضرورت محسوس ہوگی۔ خصوصاً محبت،دوستی اور کاروباری معاملات میں تعلقات کی اہمیت بڑھ جائے گی۔اس کے ساتھ ہی آپ کے معاملات میں جنس مخالفت کی مداخلت بھی بڑھے گی۔اس سال ایسے لوگوں سے آپ کی ملاقات ہوسکتی ہے جو برج سرطان،ثور یا میزان سے تعلق رکھتے ہوں۔اس کے علاوہ ایسے لوگ بھی زندگی میں آپ کے زیادہ قریب آسکتے ہیں جن کے نام یا تاریخ پیدائش کا عدد 2،6،7،11،15،20،24،25 یا 29 ہو۔

کام اور کیریئر کے حوالے سے یہ سال کسی بڑی تبدیلی کی نشاندہی کر رہا ہے ممکن ہے وہ تبدیلی عارضی طور پر آپ کیلئے سخت پریشانی کا باعث ہو مگر آپ کو یہ سمجھ لینا چاہئے کہ تبدیلیاں ہی ترقی کے نئے راستے کھول سکتی ہیں۔ اس سال اگر آپ کو ملازمت میں ٹرانسفر یا کاروبار میں کسی انقلابی اتار چڑھاؤ سے واسطہ پڑے تو تعجب کی بات نہ ہوگی۔بہرحال آپ کیلئے ضروری ہے کہ اپنی زندگی کو آسان بنانے پر توجہ دیں اور ایسے کام نہ کریں کہ مشکلات میں اضافہ لانے کا سبب ہوں۔کیونکہ اس بات کا قوی امکان ہے کہ آپ کچھ زائد ذمہ داریاں قبول کرلیں۔یا وہ آپ پر زبردستی ڈال دی جائیں۔ایسی صورت میں پسپائی اختیار کرنا بھی درست نہ ہوگا کیونکہ اس سے آپ کی ساکھ اور حیثیت کو دھچکا پہنچ سکتا ہے۔بہتر ہوگا کہ ایسے چیلنجوں کو قبول کرنے سے پہلے مستقبل کے فوائد کے بارے میں ضرور سوچ لیں۔اگر وہ معقول نظر آئیں تو پھر محنت سے نہ گھبرائیں۔باقی اعداد کے تحت سال بھر کا جائزہ انشاء اللہ آئندہ پیش کیا جائیگا۔

نمبر 3 کے تحت سال کا جائزہ

اگر آپ کی تاریخ پیدائش، مہینہ اور مطلوبہ سال مثلاً 2006ء کے اعداد کی حاصل جمع سے مفرد عدد 3 برآمد ہو تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ اس سال کے دوران میں آپ کی تخلیقی اور تصوراتی صلاحتیں عروج پر ہوں گی اور اپنے آپ کو وسعت دینے اور نکھارنے کے مواقع ملیں گے آپ گہرا تاثر دینے کیلئے یعنی دوسروں پر گہرا اثر ڈالنے کیلئے اپنی شخصیت کو نمایاں کر سکتے ہیں۔

جان لیجئے کہ آگے بڑھنے اور اپنے آپ کو وسعت وترقی دینے کی راہ پر ڈالنے کیلئے یہ ایک اچھا سال ہے۔ آپ کیلئے سماجی اور فنکارانہ فروغ دلچسپ اور سود مند ثابت ہوگا اور خوشیوں کے حصول میں مددگار ثابت ہوگا۔ آپ کے اندر اپنے آپ کو فروغ دینے یا اپنے امیج کو بہتر بنانے، اپنے وقار میں اضافہ کرنے یا اپنے ذہن کو نکھارنے کی زبردست خواہش جنم لے گی آپ کی مقبولیت میں بے پناہ اضافہ ہوگا اور آپ اپنی مقبولیت سے خوش ہوں گے۔ کسی تخلیقی کام سے وابستگی فائدہ مند ثابت ہوگی اور اس سے آپ کو ذاتی طور پر اطمینان وسکون حاصل ہوگا۔ لیکن بہر حال یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے مزاج کو خوشگوار رکھیں۔ اس سے لوگ آپ کی طرف متوجہ ہوں گے اور آپ کی تمام صلاحیتوں کو سراہا جائے گا۔ جو کام آپ نے دو سال پہلے شروع کئے تھے اس سال آپ اس کا پھل کھائیں گے۔

اگر آپ برج حوت یا قوس کے تحت پیدا ہوئے ہیں یا آپ کی تاریخ پیدائش 3، 12، 21 یا 30 ہے تو یہ سال آپ کی کامیابی کیلئے بالخصوص بے حد اہم ہوگا۔

کام اور کیریئر

جیسا کہ اوپر بیان کیا گیا ہے کہ یہ سال عدد 3 کے تحت آگے بڑھنے اور ذاتی فروغ کا ہے۔ لہذا کسی بھی نئی بات یا نئی چیز کیلئے تیار رہیں۔ اس میں کوئی تعجب نہیں کہ آپ کا کیریئر بہت روشن اور تابناک نظر آتا ہے۔ آپ یقیناً بہت پرعزم ہوں گے۔ اپنی سوچ مثبت رکھیں اور مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ اپنے فرائض سے نظریں نہ چرائیں۔ اس سال اپنے تمام فرائض اور ذمہ داریوں کا احساس پیدا کرنا بہت ضروری ہے۔

آپ کوئی نیا کورس شروع کر سکتے ہیں یا نئی ملازمت تلاش کر سکتے ہیں۔ اس سال جمعرات اور جمعہ آپ کیلئے اہم

دن ثابت ہوں گے۔ یہ دونوں آپ کے موافق اور بہترین دن ہیں۔خاص طور پر فروری، مارچ، جون، جولائی اور نومبر میں یہ دونوں دن نہایت مبارک ثابت ہونگے۔اپنی زندگی میں وسعت کی توقع رکھیں اور ان وقتوں میں کوئی چانس لیں۔

آپ کی صحت

چونکہ اس کا امکان ہے کہ آپ بہت مصروف ہوں گے لہذا کام کی زیادتی اور تھکن کے باعث صحت کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں لیکن یہ آپ کے کنٹرول میں ہوں گے۔البتہ اس کا بھی امکان ہے کہ کام کی زیادتی کے سبب آپ کے مزاج میں چڑچڑاپن آجائے اور کچھ جذباتی مناظر دیکھنے کو ملیں۔لیکن آپ اتنے ہوش مند ضرور ہوں گے کہ ایسی صورتحال کو شدت کو محسوس کرتے ہوئے ان پر قابو پانے کی کوشش کریں۔آپ کیلئے بہترین مشورہ یہ ہے کہ انتہا پسندی سے گریز کریں جو آپ کے جسم اور ذہن دونوں کو متاثر کر سکتی ہے۔جنوری، مارچ، جون اور اکتوبر میں اپنا زیادہ خیال رکھیں خاص طور سے سردیوں کے مہینوں میں۔

نمبر 4 کے تحت سال کا جائزہ

زندگی کے اس پہلو میں بھی ایک بار پھر ''خلاف معمول'' کا عمل دخل نظر آتا ہے۔آپ اپنی پرانی ڈگر پر چل رہے ہوں گے کہ اچانک جیسے بجلی کوند جائے اور آپ پر ہر طرف سے پیشکش کی بارش ہونے لگے گی۔آپ یقیناً اس صورتحال پر بوکھلا اٹھیں گے اور آپ کی سمجھ میں نہیں آئے گا کہ کیا کریں' کیا نہ کریں؟ جبکہ ایسا وقت بھی گزرے گا جب کسی بھی معاملے میں کوئی خاص پیش رفت نظر نہیں آئے گی۔مگر پھر اسی دوران اچانک آپ کا پروموشن یا کوئی سنسنی خیز چیلنج آپ کو ایک خوشگوار شہرت سے دو چار کر دے گا۔زندگی کے اس خاص چکر کے دوران میں آپ کے ساتھ عملی طور پر چھ بھی پیش آسکتا ہے۔نمبر 4 کے زیر اثر یہ سال آپ کو نئی ذمہ داری بھی سونپ سکتا ہے لیکن آپ کیلئے یہ بہت ضروری ہے کہ آپ وہ ذمہ داریاں دوسروں کے سر پر نہ تھوپ دیں یا ان سے بچ نکلنے کی کوشش نہ کریں کیونکہ آپ کو اس کا اضافی حصہ ملے گا اور اس سے نہ صرف آپ کے تجربات میں اضافہ ہوگا بلکہ آپے چل کر آپ کی ترقی کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

اگر آپ کسی قسم کی میٹنگ، گفت وشنید یا مذاکرے میں شرکت کرنا چاہتے ہیں یا کسی بھی قسم کی مراعات چاہتے ہوں تو اس کے بہترین نتائج کیلئے پیر یا بدھ کا دن مقرر کریں۔خاص طور سے جنوری، فروری، اپریل، اکتوبر اور نومبر وہ مہینے ہیں کہ جب آپ ہر صورت میں موقع پرستی کا ثبوت دیں اور دفتر میں یا اپنے کاروبار میں ہر کام انجام دینے کیلئے تیار رہیں۔انکار کرنا فائدہ مند نہ ہوگا۔

آپ کی صحت

اس سال آپ کو جن بڑے مسائل کا سامنا کرنا پڑے گا اس کا تعلق ذہنی تناؤ سے ہے لہذا آپ کیلئے بہت ضروری ہے کہ وقت پر کھانا کھائیں، الجھے ہوئے معاملات کو ذہن پر سوار نہ کریں اور خود کو بدلتے ہوئے حالات کے مطابق ڈھالنے کی کوشش کریں۔اس بات کا بھی امکان ہے کہ وہ لوگ بدکردار اور بددیانت ہوں جنہیں آپ اپنے تئیں بہت اچھا سمجھتے تھے۔یا جنہیں آپ اچھی طرح جانتے تھے۔چنانچہ کوئی ایسا انکشاف آپ کے قدم ڈگمگا دے گا۔

ڈاکٹر کے پاس جاتے ہوئے بھی احتیاط برتیں۔یاد رکھیں کہ ڈاکٹر بھی انسان ہوتے ہیں اور انسان ہونے کے ناطے وہ بھی غلطیاں کرسکتے ہیں۔جب تک آپ سو فیصد مطمئن نہ ہوں۔کسی اہم مسئلے پر آگے قدم نہ بڑھائیں۔دوبارہ غور وفکر کریں اور دوسروں سے تبادلہ خیال کریں۔خود اپنے بارے میں شک وشبہے کی گنجائش رکھیں اور بہت زیادہ پر اعتمادی کا مظاہرہ نہ کریں کیونکہ آپ معمول سے زیادہ متلون مزاج ہونگے۔فروری، مئی اور ستمبر آپ کی خصوصی توجہ چاہتے ہیں۔

نمبر 5 کے تحت سال کا جائزہ

تحت سال کا جائزہ

اس سال اگر آپ کلیدی مقسومی عدد 5 کے زیر اثر ہیں تو سمجھ لیں کہ یہ ایک غیر یقینی کیفیت کا حامل سال ہے۔بے شک آپ کے ارد گرد حالات وواقعات میں تیز رفتاری نظر آئے گی اور آپ کو نئے مواقع بھی ملیں گے۔مگر یہ مواقع ایسے ہوں گے جن سے آپ کی زندگی سنور بھی سکتی ہے اور بگڑ بھی سکتی ہے۔اب یہ آپ پر منحصر ہوگا کہ آپ اپنی

صلاحیتوں کا استعمال کس انداز میں کرتے ہیں ۔ یہ سال زائد سفر بھی لائے گا گویا آپ کو سال کے بڑے حصہ میں سفر سے متعلق مسائل کا سامنا رہے گا اور نئی تبدیلیوں کے عمل سے گزرنا پڑیگا۔

نمبر 5 کے تحت اس بات کا امکان موجود ہے کہ آپ کسی پرانی غلطی کو دوبارہ دہرائیں یا ماضی کے کسی ادھورے چھوڑے ہوئے کام یا منصوبے کی طرف متوجہ ہو جائیں ۔اس سلسلے میں آپ عملی قدم اٹھائیں گے ۔آپ نے اچھی طرح غور وفکر کے بعد قدم آگے بڑھایا اور ثابت قدمی سے مصروف عمل رہے تو یقیناً کامیابی آپکے قدم چومے گی ۔ خیال رہے کہ یہ سال مقبولیت اور شہرت کیلئے بھی بہتر ثابت ہوگا ۔آپ عام لوگوں کے درمیان زیادہ وقت گزاریں گے لہذا خیال رہے کہ عوامی مصروفیات ایسی نہ ہوں جن کی وجہ سے آپ کا قیمتی وقت برباد ہوا اور ضروری کام پڑے رہ جائیں ۔ دوسرے لوگ بھی چاہیں گے کہ آپ انہیں زیادہ سے زیادہ وقت دیں اورپ کو اپنی تقریبات اور دلچسپیوں میں شامل کریں ۔ایسی صورت میں یہ آپ پر منحصر ہوگا کہ آپ کام اور تفریح میں کس کا انتخاب کرتے ہیں ۔

اگر آپ کا شمسی برج جوزا یا سنبلہ ہے' یا آپ کی تاریخ پیدائش 5 '4 اور 23 ہے تو اس سال کی اہمیت مزید بڑھ جائے گی اور یہ سال آپ کیلئے فائدہ مند ثابت ہوگا۔

دوسروں سے تعلقات

محبت یا منگنی کے حوالے سے یہ سال خاصا دلچسپ ثابت ہوسکتا ہے آپ کے حلقہ احباب میں اضافہ ہوگا اور لوگ آپ کی طرف خود بخود متوجہ ہوں گے ۔جن غیر شادی شدہ لڑکے اور لڑکیوں کے رشتے میں رکاوٹ اور مسائل کا سامنا ہے ان کے رشتے طے ہوسکتے ہیں ۔لیکن اس معاملے میں احتیاط کی ضرورت ہوگی ۔کیوں کہ ایسے تعلقات میں خاصی جلد بازی کا مظاہرہ دیکھنے میں آئے گا ۔لہذا کوئی غلط تعلق بھی قائم ہوسکتا ہے ۔

تعلقات کے حوالے سے آپ کا رجحان زیادہ تر اپنے سے کم عمر یا برابر کی عمر کے افراد سے زیادہ رہے گا ۔ممکن ہے اس سال کوئی ثور'جوزا' سنبلہ اور میزان شخصیت خصوصیت سے آپ کی توجہ کا مرکز بن جائے ۔ یا پھر جن لوگوں کی تاریخ پیدائش یا نام کا عدد 2 '5 یا 6 ہوں آپ زیادہ کشش محسوس کریں ۔تعلقات کے حوالے سے اس سال کے اہم مہینے جنوری'مارچ'جون'اکتوبر اور دسمبر ہیں

جنوری، مارچ، جون، اکتوبر اور دسمبر ہیں۔

کام اور کیریئر

جیسا کہ ہم نے ابتداء میں بتایا ہے کہ اس سال بہترین مواقع آپ کے منتظر ہیں اور آپ بھی صرف اپنی ذات کی بہتری اور مفادات کی طرف توجہ دیں گے خاص کر پیشہ ورانہ معاملات میں ممکن ہے آپ کا رویہ خاصا خودغرضانہ ہو جائے جس کی وجہ سے کچھ لوگوں کو آپ سے چکایت بھی پیدا ہو سکتی ہے۔ بہرحال اس سال آپ کو ایسے مواقع مل سکتے ہیں جن سے فائدہ اٹھا کر آپ اپنے لئے بہتر مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ لوگ آپ کی کامیابی کو دیکھ کر حیرت کا اظہار کریں گے۔ گویا یہ سال آپ کے لئے اس اعتبار سے نہایت شاندار ہے کہ آپ خود کو دوسروں کی توجہ کا مرکز بنا سکیں اور انہیں متاثر کر سکیں۔

جمعہ اور بدھ کے دن کسی نئی مہم جوئی یعنی ملازمت کی تلاش یا ترقی کی کوشش کیلئے موافق ثابت ہوں گے۔ اس طرح مارچ، مئی، ستمبر اور دسمبر بھی موافق مہینے ہوں گے۔

آپ کی صحت

اچھی اور پرسکون نیند اس سال آپ کا سب سے بڑا مسئلہ ہوگا۔ کیوں کہ مصروفیات کی نوعیت اور زیادہ غور و فکر کی وجہ سے آپ بے خوابی یا نیند میں خلل سے دو چار ہو سکتے ہیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ آپ جلد یا درست وقت پر نہ سو سکیں۔ اور اس طرح ایک بھرپور نیند سے محروم رہیں جس کے نتیجے میں چڑچڑے پن اور کسی قسم کی الرجی وغیرہ کا شکار ہو جائیں۔ لہٰذا بہتر ہوگا کہ بیک وقت دو تین سمتوں میں یا دو تین کاموں میں خود کا نہ الجھائیں بلکہ مرحلہ وار کسی ایک کام پر بھرپور توجہ دیتے ہوئے اسے مکمل کرنے کی کوشش کریں۔ اپنے اوقات کار اور خوراک و آرام کے اوقات میں توازن کا خیال رکھیں یقیناً یہ سال آپ کو بہت متحرک اور تیز رو بنائے گا۔ مگر آپ کو توازن کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑنا ہے اس بات کا بھی امکان ہے کہ آپ اگر کوئی نشہ آور چیز مثلاً سگریٹ، پان یا مسکن دوا استعمال کرتے ہیں تو اس کی مقدار بڑھ جائے گی۔ لہٰذا احتیاط کی زیادہ ضرورت ہوگی۔

نمبر 6 کے تحت سال کا جائزہ

اگر اس سال آپ کا کلیدی مقسومی عدد 6 ہے تو سمجھ لیں کہ آپ کی نجی زندگی زیادہ اہمیت کی حامل ہوگی۔
اور آپ کا واسطہ نئی تبدیلیوں اور کچھ اضافی ذمہ داریوں سے پڑھے گا آپ کی زندگی میں دوستوں، عزیزوں اور محبت کرنے والوں کے مسائل اہمیت اختیار کریں گے اور آپ ان کی مدد کرنا اپنا فرض سمجھیں گے۔
اس سال آپ ایسی چیزوں کو اپنائیں گے جن کی طرف آپ کی دلی رغبت ہوگی اور جو آپ کی نظروں کو اچھی لگیں گی۔ دوسرے معنوں میں ان چیزوں یا شخصیات کی طرف آپ کا جھکاؤ ہوگا جو آپ کے لئے روحانی اور جذباتی سکون کا باعث ہو۔ محبت، زمین و جائداد، رہائش اور خاندان کے معاملات زیادہ آپ کی توجہ کا مرکز رہیں گے۔
اس سال چونکہ گھریلو معاملات پر زیادہ توجہ رہے گی لہٰذا اس بات کا بھی امکان موجود ہے کہ آپ رہائش کی جگہ تبدیل کریں یا پھر موجودہ رہائش گاہ کو زیادہ آرام دہ اور پر آسائش بنانے پر توجہ دیں۔ اعلیٰ تعلیم یا کوئی غیر معمولی کورس بھی آپ شروع کر سکتے ہیں۔ جس سے آپ کی حیثیت و عزت میں اضافہ ہو اور آپ کے ذہن کو وسعت ملے۔
یہ سال سماجی مصروفیات میں بھی اضافہ لائے گا۔ آپ تقریبات یا تفریحات میں زیادہ شرکت کریں گے۔ یا پھر سماجی نوعیت کے کاموں میں دلچسپی لیں گے۔ بہر حال اس قسم کی دلچسپیاں اور مصروفیات آگے چل کر آپ کے لئے فائدہ مند ثابت ہوں گی۔ اگر آپ کسی بھی مہینے کی 6 '15 اور 24 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں یا آپ کا برج ثور، سرطان یا میزان ہے تو یہ سال پ کے لئے توقع سے بڑھ کر مثبت تبدیلیاں لے کر آئے گا

دوسروں سے تعلقات

عدد 6 کے زیر اثر سال آپ کے لئے محبت، دوستی، منگنی یا شادی کی خوشیاں لا رہا ہے۔ مگر اس سال کا تعلقات کے حوالے سے ایک منفی پہلو بھی ہے۔ اگر آپ محبت، دوستی یا ازدواجی زندگی میں اپنے موجودہ تعلق سے مطمئن نہیں ہیں اور متنازعہ مسائل کا شکار ہیں تو پھر یہ سال علیحدہ یا طلاق کے خدشات ظاہر کر رہا ہے لہٰذا بہتر ہوگا کہ باہمی اختلافات کو دور کرنے اور تعلقات کو مزید بہتر بنیادوں پر استوار کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ اپنی فیملی میں اضافے کے خواہاں ہیں یعنی مزید اولاد چاہتے ہیں تو اس سال آپ کی یہ خواہش پوری ہو سکتی ہے۔

فروری، مئی، ستمبر اور نومبر اس سال کے اہم مہینے ثابت ہو سکتے ہیں جن میں آپ کو اپنی شخصیت کو نمایاں کرنے اور تعلقات کو وسعت دینے کے مواقع مل سکتے ہیں۔

کام اور کیریئر

یہ سال ماضی کی کارکردگی کی بنیاد پر ترقی کے دروازے کھولے گا، ایسے کاموں کا صلہ ملے گا جو آپ نے گزشتہ سالوں میں انجام دیئے تھے۔ ملازمت میں اگر آپ کی ترقی رکی ہوئی ہے تو اس سال آپ کو آگے بڑھنے کا موقع ملے گا۔ بہتر ہوگا کہ مایوسی اور ناامیدی کا شکار نہ ہوں جس طرح اب تک کام کرتے آئے ہیں اسی طرح اپنا کام جاری رکھیں اور اپنے فرائض کو پورا کرنے میں کسی کوتاہی کا مظاہرہ نہ کریں۔ یقیناً آپ کے اعلیٰ افسران یا باس یا ساتھ کام کرنے والے دوسرے افراد آپ کی کارکردگی اور ذمہ دارانہ رویے کو محسوس کریں گے اور سراہیں گے۔ اس کے نتیجے میں آپ کو اپنی محبت کا پھل ضرور ملے گا۔

اس سال کسی بھی مہینے کے پیر، جمعرات اور جمعہ موافق ترین دن ہوں گے۔ نئی ملازمت کی تلاش یا انٹرویو یا اہم لوگوں سے ملاقات کے لئے ان دنوں کا انتخاب کریں۔ اسی طرح فروری، اپریل، اگست، ستمبر اور نومبر کے مہینے نئے مواقع لائیں گے۔

آپ کی صحت

اس سال ناک، حلق اور گلے کے غدودوں سے متعلق تکالیف آپ کو پریشان کر سکتی ہیں۔ متوازن غذا، ورزش، دھوپ اور تازہ ہوا اس سال آپ کے لئے ضروری ہے۔ اس کے علاوہ آؤٹ اور تفریحات سے بھی آپ کی صحت پر اچھا اثر پڑے گا اور صاف پانی کا زیادہ استعمال بھی آپ کے لئے مفید رہے گا کیونکہ گردے اور مثانے سے متعلق شکایات بھی پیدا ہو سکتی ہیں۔ مارچ، جولائی، ستمبر اور دسمبر میں صحت کے معاملات پر زیادہ توجہ دیں۔

نمبر 7 کے تحت سال کا جائزہ

یہ باطنی فروغ کا سال ہے اور اس کا بھی کہ آپ کو کیا ناگوار گزرتا ہے اور آپ کس بات سے خوش ہوتے ہیں۔ اس انفرادی سال میں خود آگاہی اور دریافت پر بھی زور رہے۔

آپ کو اپنی ذاتی زندگی اور اپنی بہتری پر زور دینے کا پورا پورا موقع ملے گا ایسے بہت سے مواقع آئیں گے جب آپ اپنے پیچھے محرکات اور افعال کا تجزیہ کرسکیں گے۔ اور اپنی ذاتی ضروریات' اہداف اور خواہشات پر بھی زیادہ توجہ دے سکیں گے۔ اور ایسے بھی بہت سے مواقع آئیں گے جب آپ الجھنوں اور شور وغل سے نجات حاصل کرنا چاہیں گے۔ تنہائی میں گزارا جانیوالا وقت رائیگاں نہیں جائیگا۔ یہ آپ کو سوچنے اور غور کرنے کا موقع دیگا آپ اب تک ٹھیک کہاں تک پہنچے ہیں اور مستقبل میں کہا جانا چاہتے ہیں۔ یہ بہت اہم ہے کہ آپ اس کے بارے میں اپنا ذہن بنالیں کہ آپ اس مخصوص سال سے کیا چاہتے ہیں۔ کیونکہ آپ ایکمرتبہ ایسا کر کے اپنے وہ عزائم پورے کرسکتے ہیں۔ اس میں ناکامی کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ اپنے ہی سائے کا تعاقب کرتے ہوئے انجام کو پہنچ گئے اور یہ وقت اور توانائی کا سراسر ضیاع ہے۔ آپ پر اپنے راز بھی عیاں ہوں گے اور اس سال کے دوران دوسرے لوگ بھی نمودار ہو رہے ہوں گے۔ اگر آپ برج حوت یا سرطان کے تحت یا 7' 16 یا 25 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں تو یہ خاص طور پر ایک حیرت انگیز سال ہوگا۔

دوسروں سے تعلقات

یہ کہنا پڑتا ہے کہ محبت یا روحانی دلچسپی کے لئے یہ بہترین سال نہیں ہے۔ غور و فکر کرنے کی شدید ضرورت کا مطلب ہوگا کہ آپ کو تنہائی میں وقت گزارنا پڑے گا۔ اس سال اگر کوئی محبت پروان چڑھی بھی تو یہ آپ کی توقعات پر پوری نہیں اترے گی۔ لیکن اگر آپ اچھنبے میں پڑے بغیر معاملات کو جوں کا توں قبول کرلیں گے تو آپ کو دکھ نہیں ہوگا اور آپ لطف اندوز ہوں گے۔ فیصلہ کریں کہ آپ کے ذہن میں ٹھیک کیا ہے اور پھر اس کے حصول کی کوشش کریں۔ اس سال رومانی دلچسپی کا امکان ان لوگوں کے لئے ہے جو 2 4 یا 7 تاریخ کو یا برج سرطان یا حوت کے تحت پیدا ہوئے ہوں۔ رومانی یا شادی کے مواقع کے لئے جنوری' اپریل' اگست اور اکتوبر کو دھیان میں رکھیں۔

کام اور کیریئر

جب ہم اس مخصوص انفرادی گردش سے گزرتے ہیں جو نمبر سات کے زیر اثر ہے تو زندگی میں دو باتیں پیش آسکتی ہیں۔ شہرت سے کنارہ کشی اور عمومی سرگرمی میں کمی لوگ یا تو طویل رخصت پر چلے جاتے ہیں یا ازسرنو اپنی تربیت

کرتے ہیں ۔اس کا بھی امکان ہے کہ آپ اپنی پیشہ ورانہ مہارت اور اہلیت سے زیادہ آگاہ ہوسکیں گے ۔اپنی زندگی کے صحیح مقصد کو سمجھنے لگیں گے اور اپنے آپ کو پہلے سے زیادہ باشعور اور روشن خیال تصور کرنے لگیں گے ۔اگر آپ ادھر کچھ عرصے سے بھٹکتے رہے تھے تو وہ اہداف ایک بار پھر جی اٹھیں گے جنہیں آپ حاصل کرنے کے آرزو مند تھے ۔اس پورے سال آپ کا رویہ چھان بین کرنے والا ہونا چاہیئے آپ کو اپنے کام کے معاملے میں چھان بین کرنی پڑے گی ۔اگر آپ گفت وشنید یا انٹرویو یا میٹنگ کا اہتمام کرنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ‘سوموار یا جمعہ کا دن مقرر کریں ۔یہ دونوں دن آپ کے لئے مبارک ہیں ۔جنوری‘ مارچ‘ جولائی ‘اگست‘ اکتوبر اور دسمبر ذاتی ترقی کیلئے بالخصوص اچھے مہینے ہیں ۔

صحت کے مسائل

گزشتہ سالوں کے مقابلے میں یہ ایک پرسکون سال ہوگا۔صحت کے معمولی مسائل درپیش ہوں گے ۔بعض مسائل پریشانی اور چڑچڑے پن سے پیدا ہوں گے اور ان کے بچنے کا سب سے اچھا طریقہ یہ ہے کہ خاموش اور پرسکون رہیں ۔اس پرسکون ذہنی کیفیت سے اچھے نتائج برآمد ہوں گے ۔اس میں ناکامی سے غیر ضروری مسائل پیدا ہوں گے ۔جس سے آپ کے تصورات قابو سے باہر ہو جائیں گے ۔آپ کو غور وفکر کرنے اور اپنی صحت بحال کرنے کیلئے یہ سال مددگار ہے ۔اگر صحت میں کوئی تبدیلی واقع ہوئی تو فروری‘ جون‘ اگست اور نومبر میں ہوگی.

نمبر 8 کے تحت سال کا جائزہ

یہ کامیابی حاصل کرنے‘ اہم پیش رفت کرنے اور تبدیلیاں لانے کا سال ہے اور یہ ایک ایسا وقت بھی ہے جب آپ اختیارات حاصل کرسکتے ہیں اور آپ کی صلاحیتوں کو بھی تسلیم کیا جائے گا۔

یہ انفرادی سال آپ کو سوچنے کا زیادہ موقع دیتا ہے ۔یہ ایک ایسا وقت ہے کہ جب آپ شہرت‘ مقبولیت اور طاقت حاصل کرسکتے ہیں اگر آپ 8‘ 17 یا 26 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں یا برج جدی کے تحت آتے ہیں تو اس سال پر توجہ دیجیے اور اس امر کو یقینی بنائیے کہ اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھاسکیں ۔آپ کو چاہیئے کہ اپنے اندر اور بھی شعور اور اعتماد کا سچا احساس پیدا کریں وقت کی گردش کے اس حصہ کا تعلق کیریئر‘ عزم اور پیسے سے ہے لیکن پچھلے قرض

بھی چکانے پڑیں گے۔ مثال کے طور پر کوئی پرانی ذمہ داری یا قرض جسے ادا کرنے سے آپ پچھلے کئی برسوں سے گریز کرتے رہے ہیں۔ اب آپ کو پریشان کریں گے۔ بہر حال آپ ان بارہ مہینوں کے درمیان کچھ بھی کریں۔ عزم بلند رکھیں، اعلیٰ سوچیں، کامیابی کا سوچیں اور سب سے بڑھ کر یہ کہ مثبت سوچیں۔

دوسروں سے تعلقات

یہ وہ مخصوص انفرادی سال ہے جو پیدائش، طلاق اور شادی جیسی حقیقتوں سے جڑا ہوا ہے جن سے ہمیں گزرنا پڑتا ہے۔ محبت کی فہم رکھنے والے آپ سے زیادہ تجربہ کار، عمر کے لوگ یا اثر و رسوخ کے مالک یا اختیار اور طاقت ور اور دولت مند حضرات آپ کے لئے بہت پرکشش ہوں گے۔ اس سال ماضی کے پرانے دوستوں، ساتھیوں، شریک کاروں، رفیقوں سے رابطہ ہوگا۔ یہاں تک کہ پرانی محبتیں بھی ایک بار پھر نمودار ہوں گی اس سال رومانس کے حوالے سے آپ کو زیادہ پریشانیاں نہیں اٹھانی پڑیں گی۔ خاص طور سے اگر آپ کو برج جدی یا میزان والوں سے یا ان لوگوں سے معاملات کرنا پڑیں جو 68 اور 26 تاریخ کو پیدا ہوئے ہیں۔ محبت پروان چڑھانے کیلئے مارچ، جولائی، ستمبر اور دسمبر بہترین مہینے ہیں۔

کام اور کیریئر

نمبر 8 کے تحت سال پیسے کے معاملے میں سب سے اچھا سمجھا جاتا ہے۔ یہ تنخواہ میں اضافے یا پروموشن یا اختیارات کے مطالبے کے لئے بھی بہت اچھا ہے۔ یہ ترقی اور کامیابی کے زینے پر قدم رکھنے کا بھی سال ہے جو غالباً آپ کی پچھلی کوششوں کا نتیجہ ہے۔ آپ کو صلہ ملے گا۔ مالی کامیابی کی بھی ضمانت دی جا سکتی ہے بشرطیکہ آپ اپنے ارادوں پر قائم رہیں۔ یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے لئے اہم اہداف مقرر کریں۔ اور آہستہ آہستہ ان کی طرف بڑھیں۔ آپ یہ دیکھ کر حیران رہ جائیں گے کہ وہ منصوبے کتنی آسانی سے پورے ہوئے ہیں۔ اگر آپ کام کی تلاش میں ہیں تو انٹرویو یا میٹنگ وغیرہ کے لئے ترجیحاً سنیچر، جمعہ یا جمعرات کا دن مقرر کریں جو آپ کے لئے مبارک ترین دن ہیں۔ فروری جون، جولائی، ستمبر اور نومبر بھی آپ کے لئے قدرے بہتر ہیں۔

نمبر 9 کے تحت سال کا جائزہ

یہ کمر کسنے کا وقت ہے۔آرزوؤں کے پورے ہونے کا امکان ہے۔معاملات کا فوری نتیجہ برآمد ہوگا۔زیادہ سفر کا بھی امکان ہے۔

9 نمبر کے تحت سال شاید سب سے کامیاب سال ہے یہ معاملات کی تکمیل کی نمائندگی کرتا ہے۔چاہے ان کی نوعیت، کام کاروبار یا ذاتی معاملات کی ہو۔آپ میں عادتوں کو،لوگوں کو اور منفی حالات یا صورت احوال کو جو آپ کو روکے ہوئے تھیں نظرانداز کرنے کی اہلیت بہت پختہ ہے۔آپ کے کردار میں ہمدردانہ اور انسانیت کا پہلو بھی ابھرتا ہے۔اور آپ کسی صلے کی پرواکئے بغیر لوگوں کے کام آتے ہیں۔آپ جو بھی نیک کام کرتے ہیں اس سے آپ کو اطمینان قلب اور شاید مالی فائدہ بھی حاصل ہوگا۔اگر آپ برج حمل یا عقرب کے تحت یا مہینے کی 189 یا 27 تاریخ کو پیدا ہوئے تو یہ آپ کے لئے بہت اہم سال ہوگا۔

دوسروں سے تعلقات

9 نمبر کے تحت سال ایک ایسا چکر ہے جو کشش اور اس کے ساتھ ہی اثر پذیری عطا کرتا ہے۔لہٰذا اس کے سبب آپ صنف مخالف کے کسی ایسے فرد سے جذباتی طور پر وابستہ ہوں گے جو آپ کی برادری یا لسانی گروپ سے تعلق نہیں رکھتا۔اس کی وجہ یہ ہے کہ اس مخصوص عدد کا تعلق انسانیت سے ہے اور سو بات کی ایک بات یہ ہے کہ عشق نہ پوچھے ذات۔آپ پر یہ بھی عیاں ہوگا کہ حمل، اسد اور عقرب والوں کا اور اس کے ساتھ ساتھ 139 تاریخ کو پیدا ہونے والوں کا آپ کے گھریلو معاملات میں عمل داخل رہے گا۔تعلقات کے لئے فروری، جون، اگست اور نومبر اہم مہینے ہیں۔ یہ رومانی نقطہ نظر سے بہت مصروف اور معنی خیز ہوں گے۔اور ان اوقات میں آپ ہوش وحواس سے بیگانہ ہو جائیں گے۔یعنی رومانس کا جادو سر چڑھ کر بولے۔

کام اور کیریئر

یہ وہ سال ہے کہ جب آپ کے بہت سے خواب اور ارادے پایہ تکمیل کو پہنچیں گے۔مزید یہ کہ اگر آپ مارکیٹنگ سے وابستہ ہیں تو یہ کامیابی کا وقت ہے جس میں آپ اپنی صلاحیتوں، مہارتوں اور اہلیت کو بہت وسعت

دے سکتے ہیں ۔مثال کے طور پر آپ بیرون ملک کاروبار کو وسعت دینے کے بارے میں سوچتے رہے ہیں اور اگر ایسا ہے تو اچھی بات ہے ۔آپ یہ دیکھیں گے کہ اپنے رفیق اور شریک کاروں سے آپ کی ہم آہنگی پہلے سے زیادہ اور آسان ہے اور یہ آپ کے خوابوں اور عزائم کی تکمیل میں معاون ہوگی ۔انٹرویو یا میٹنگ وغیرہ کے لئے منگل اور جمعرات بہت مبارک دن ہوں گے ۔کوئی بھی کام شروع کریں تو ان 2 دنوں کو مدنظر رکھیں ۔جنوری، مئی، جون ،اگست اور اکتوبر کے دوران ملازمت یا کاروبار میں تبدیلیاں واقع ہو سکتی ہیں ۔۔

صحت کے مسائل

آپ کے ساتھ اس سال واحد جسمانی مسئلہ کسی حادثے کے نتیجے میں پیش آسکتا ہے ۔لہٰذا احتیاط برتیں ۔ لوگوں سے خواہ مخواہ الجھنے اور ذہنی تناؤ کا شکار ہونے سے بچیں ۔جب سڑک پر ہوں تو اپنا خاص خیال رکھیں ۔آپ خود اپنے بدترین دشمن کا کردار ادا کر کے ہی اپنے لئے مسائل کھڑے کر سکتے ہیں ۔کچن اور باتھ روم میں ہوں تو اپنا خاص خیال رکھیں ۔علم الاعداد پر کچھ مضامین تھے آپکو پیش کر دیے ہیں ۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل برائے تشخیص سحر

اگر جاننا ہو کہ مریض پر کسی بھی طرح کے سحر کا اثر ہے یا نہیں تو ایک گلاس پانی اپنے سامنے رکھیں

1) تین بار درود ابراھیمی پڑھیں

2) پھر نو بار سورہ ناس اس طرح پڑھیں کہ اسکے شروع میں بسم اللہ شریف نہ پڑھیں بلکہ ڈائریکٹ سورہ ناس پڑھنا شروع کر دیں

3) اسکے بعد نو بار سورہ فلق اس طرح پڑھیں کہ ہر بار سورہ فلق سے قبل بسم اللہ شریف لازم پڑھیں

4) پھر اکتالیس بار یہ سورہ یونس کی یہ آیات پڑھیں

فَلَمَّا اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِہِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰہَ سَیُبْطِلُہٗ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ (81) وَیُحِقُّ اللّٰہُ الْحَقَّ بِکَلِمٰتِہٖ وَلَوْ کَرِہَ الْمُجْرِمُوْنَ (82)

5) پھر دوبارہ تین بار درود ابراھیمی پڑھ کر پانی کے گلاس کو اپنے منہ کے قریب کر کے سات بار پھونک ماریں پھر مریض کو کہیں تین گھونٹ میں پانی پیئے۔

- پہلے گھونٹ کے بعد اگر مریض سے پانی نہ پیا جائے تو جنات وآسیب کا خلل ہوگا۔
- دوسرے گھونٹ کے بعد پانی نہ پیا جائے تو مخلوقات آسیب کی بجائے صرف نقوش و الواح طلاسم وغیرہ کے اثرات ہیں۔
- تیسرے گھونٹ پر پہنچ کر حالت غیر ہو جائے مثلاً الٹی محسوس ہونا، جسم سن یا بھاری ہونا، آنکھوں میں سرخی چڑھ جانا، دھڑکن تیز ہونا جسم میں شدید سردی یا گرمی محسوس ہونا، بدبو یا خوشبو محسوس ہونا جسم کا کانپنا دماغ کا سن ہو جانا اندھیرا چھا جانا بلڈ پریشر بہت زیادہ تیز یا کم ہو جانا وغیرہ کی علامات ظاہر ہو جائیں تو مریض مسحور یعنی جادو زدہ ہے۔

- اس مطابق تشخیص کر کے مریض کے احوال مطابق علاج کر سکتے ہیں۔
- یہ تشخیص سب کو تفویض ہے اس سے جتنی چاہیے تشخیص کر سکتے ہیں۔ مگر جس بھی مریض کی تشخیص کریں اسکو کہیں کہ تشخیص کا ہدیہ 313 روپے کسی مسجد میں یا فقیر کو دے دے۔

دور و نزدیک دونوں طریقوں سے تشخیص کر سکتے ہیں۔

دور کے مریض کو بذریعہ فون کال پانی پر دم کروا کر تشخیص کر سکتے مگر اس سے پہلے قریب کے مریضوں پر زیادہ پریکٹس کر لیجیے گا۔

عمل تشخیص

یہ عمل بہت محتاط یوز کریں۔

ایک کاغذ پر یہ حروف لکھیں

لھههههه لھههههه لھههههه لھهههه لھههههسسسلححح

ططططحح ال ل ہ ل ل ہ اا ہ ہ

ہ ل ہ ااا ل ل ہ ہ للھاھلہ

ابلیس نمرود فرعون شداد ھامان قارون سامری دجال شیطان لعین لعنت لعنت

لعنت لعنت لعنت لعنت

اس عبارت کو نیلے کاغذ پر لکھیں پھر مریض یا سائل کو کہیں کہ اس عبارت کو تین منٹ تک غور سے دیکھے اسکے بعد اس کاغذ کو مریض کے جسم پر پھیر کر جلا دیں۔

مریض کو اگر بہت تیز خوشبو آئے تو جناتی معاملات ہیں۔

اگر بہت سخت بدبو محسوس ہو تو جادو کے اثرات ہیں۔

اگر کچے گوشت کے سڑنے کی بدبو آئے تو مریض پر سفلی اثرات ہیں۔

اگر گیلی مٹی کی بو آئے تو مریض پر نظر بد و حسد کے اثرات ہیں۔

اگر مریض کو چکر آنے لگیں تو حروف و طلسمات سے متاثرہ ہے۔

اگر الٹی آئے تو بذریعہ پڑھائی اس پر سحر کیا جا رہا ہے۔

اگر مریض کا سر اور کندھے وزنی ہو جائیں تو مریض پر نوری علم کا اثر ہے۔

عمل تشخیص رقیہ شریعہ سے

دور سے مریض کی تشخیص کے لیے مریض (مرد ہو تو) ویڈیو کال کی صورت میں جبکہ عورت ہو تو آڈیو کال کی صورت میں اول آخر سات سات بار بلند آواز درود ابراھیمی کے ساتھ تین بار رقیہ پڑھیں پھر مریض پر تصور میں دم کریں.

نوٹ

مریض کو کہیے کہ وہ ہینڈ فری لگا کر دم سنے۔

دم کے دوران، شروع میں یا بعد میں درج ذیل علامات ظاہر ہوں گی اس سے آپ اندازہ لگا سکتے ہیں کہ مریض پر کس طرح کا روحانی مرض ہے اسی لحاظ سے آپ علاج معالجہ کیجیے۔۔۔

رقیہ دم کرنے سے یہ علامات ہوں تو اسکی مندرج معانی ہوں گے

1. سر درد، سر وزنی، جمائیاں آنا نیند آنے لگنا۔ علامت ہے نظر بد کی
2. آنکھوں میں اندھیرا چھانا. بہت تیز گھبراہٹ ہونا، رفع حاجت محسوس ہونا، پاؤں سن ہو جانا۔ علامت ہے جنات کے اثرات کی۔
3. سر بھاری ہونا آنکھیں بند و لال ہونا دماغ کو بجلی کی طرح جھٹکے لگنا۔ علامت ہے جنات مسلط ہونے کی۔
4. سینے پر جلن محسوس ہونا، جمائیاں آنا، ٹانگیں سن ہو جانا، دماغ میں سخت غصہ اور مزاج میں تیزی آجانا علامت ہے شیاطین مسلط ہونے کی۔
5. الٹی، چکر، ابکائی، متلی، پیٹ درد، سرسّن ہونا، پٹھوں کا جکڑ اجانا، دل کا تیز ہونا علامت ہے سفلی سحر کی۔
6. مریض کی پشت سن ہو جانا، گردن میں درد ہونا، سر بھاری ہونا، کندھوں پر درد یا وزن ہونا علامت ہے نوری علم سے متاثر ہونے کی۔
7. دوران دم دل کا گھبرا جانا علامت ہے بندش کی۔
8. دوران دم مریض کا رونے لگ جانا یا آنکھوں سے بے اختیار پانی نکلنے لگنا علامت ہے حسد و سفلی اثرات شیاطین کے۔

9. بلڈ پریشر کم ہو جانا، دوران دم بہت تیز بھوک لگ جانا، گوشت کھانے کو دل چاہنا یا ترش و تیز شے کھانے یا پینے کو دل چاہنا علامت ہے سحر مسلسل کی۔

10. دوران دم مریض کے دماغ کا سن ہو جانا , بھاری ہو جانا، کانوں میں گھنٹیاں بجنا علامت ہے مریض نفسیاتی مریض ہے مگر اسکی وجہ روحانی عوارض ہیں۔

11. دوران دم مریض کو آنکھوں کے سامنے مختلف پر چھایاں سائے اور ہیلوے نظر آئیں تو علامت ہے عامل جنات مسلط ہیں۔

12. دوران دم مریض صرف جمائیاں اور سست ہو جائے تو کوئی روحانی مرض نہیں مسلہ یا نفسیاتی ہے یا مریض بالکل تندرست ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

فتیلہ برائے تشخیص خاص جلالی

اس فتیلہ کی خاصیت یہ ہے کہ یہ مخصوص پڑھائی سے کام کرے گا۔

❁ ایک مرتبہ بطور تجربہ استعمال کی تمام احباب کو اجازت ہے ساتھ اپنے یا اہل خانہ کے یوز کے لیے اجازت ہے مگر اس سے مریضوں کی تشخیص کے لیے مبلغ 1700 ہدیہ لازم رکھا گیا ہے اس پر تا حیات اسکی اجازت ہوگی خواہ کسی پر بھی یوز کریں۔

❁ اسکا پرنٹ صرف میرے متعلقین دوست احباب شاگرد حضرات ہی یوز کر سکتے ہیں انکے علاوہ کوئی یوز کرے تو وہ لکھ کر کرے گا۔

طریقہ استعمال:

❁ مریض کو جسم پر پھیر کر دھونی لینے کا کہیں۔

جیسے ہی مریض دھونی لے تو یہ علامات ظاہر ہوں گی اس مطابق پتہ چل جائے گا کہ کونسا مرض ہے۔

فتیلہ جلا کر دھونی دینے سے یہ علامات ہوں تو اسکی مندرج معانی ہوں گے

1. سر درد، سر وزنی، جمائیاں آنا نیند آنے لگنا۔ علامت ہے نظر بد کی۔

2. آنکھوں میں اندھیرا چھانا، بہت تیز گھبراہٹ ہونا، رفع حاجت محسوس ہونا، پاوں سن ہو جانا۔ علامت ہے جنات کے اثرات کی۔

3. سر بھاری ہونا آنکھیں بند و لال ہونا دماغ کو بجلی کی طرح جھٹکے لگنا۔ علامت ہے جنات مسلط ہونے کی۔

4. سینے پر جلن محسوس ہونا، جمائیاں آنا، ٹانگیں سن ہو جانا، دماغ میں سخت غصہ اور مزاج میں تیزی آجانا علامت ہے شیاطین مسلط ہونے کی۔

5. الٹی، چکر، ابکائی، متلی، پیٹ درد، سر سُن ہونا، پٹھوں کا جکڑ اجانا، دل کا تیز ہونا علامت ہے سفلی سحر کی۔

6. مریض کی پشت سن ہو جانا، گردن میں درد ہونا، سر بھاری ہونا، کندھوں پر درد یا وزن ہونا علامت ہے نوری علم سے متاثر ہونے کی۔

7. دوران دھونی دل کا گھبرا جانا علامت ہے بندش کی۔

8. دوران دھونی مریض کا رونے لگ جانا یا آنکھوں سے بے اختیار پانی نکلنے لگنا علامت ہے حسد و سفلی اثرات شیاطین کے۔

9. بلڈ پریشر کم ہو جانا، دوران دم بہت تیز بھوک لگ جانا، گوشت کھانے کو دل چاہنا یا ترش و تیز شے کھانے یا پینے کو دل چاہنا علامت ہے سحر مسلسل کی۔

10. دوران دھونی مریض کے دماغ کا سن ہو جانا, بھاری ہو جانا، کانوں میں گھنٹیاں بجنا علامت ہے مریض نفسیاتی مریض ہے مگر اسکی وجہ روحانی عوارض ہیں۔

11. دوران دھونی مریض کو آنکھوں کے سامنے مختلف پر چھایاں سائے اور ہیلوے نظر آئیں تو علامت ہے عامل جنات مسلط ہیں۔

12. دوران دھونی مریض صرف جمائیاں اور سست ہو جائے تو کوئی روحانی مرض نہیں مسئلہ یا نفسیاتی ہے یا مریض بالکل تندرست ہے۔

منجانب:
مناظر اہلسنت و روحانی معالج
خادم غلام نبی قادری نوری
0306-5004800

عمل تشخیص خاص الخاص جلالی

❁ اس کے لیے مریض کا پاس ہونا ضروری ہے۔

نوٹ: اس عمل کو غیر عامل بالکل نہ کریں بس وہ حضرات کریں جو علاج معالجہ کرتے رہتے ہیں۔

❁ مریض کو سامنے بیٹھالیں اسکے گلے میں کوئی ڈوری تعویز دھاگہ ہوتو وہ اتروادیں

❁ مریض کو ایک سفید کاغذ پر یہ طلسمات لکھ کر دائیں ہاتھ میں مٹھی میں بند کروادیں

اهيوشٍ ليلاطوشٍ شمهورشٍ شغشاشٍ طيوشٍ طيوشٍ طيشٍ طيشٍ مانوشٍ مانوشٍ جاشوشٍ جاشوشٍ اجب يا سيد ميططرون ابانوخ ويا ميمون الصحابى ويا ميمون الغمامى ويا ميمون السياف احضروا احضروا احضروا بحرمة كهيعص حم عسق

❁ پھر مریض کے ماتھے پر دونوں آنکھوں کے درمیان شہادت کی انگلی رکھ کر سورہ ناس اس طرح پڑھیں

قل اعوذ برب الناس ناس ناس ملك الناس ناس ناس اله الناس ناس ناس

من شر الوسواس الخناس ناس ناس الذى يوسوس فى صدور الناس ناس ناس من الجنة والناس ناس ناس

❁ پھر 33 بار اسماء برھتیہ پڑھیں

بَرْهَتِيَّةٍ بَرْهَتِيَّةٍ كَرِيْرٍ كَرِيْرٍ تَتْلِيْهٍ تَتْلِيْهٍ طُوْرَانٍ طُوْرَانٍ مَزْجَلٍ مَزْجَلٍ بَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ تَرْقَبٍ بَرْهَشٍ بَرْهَشٍ غَلْمَشٍ غَلْمَشٍ خُوطِيرٍ خُوطِيرٍ قَلْنَهُوْدٍ قَلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ بَرْشَانٍ كَظْهِيرٍ كَظْهِيرٍ نَمُوشَلَخٍ نَمُوشَلَخٍ بَرْهَيُولا بَرْهَيُولا بَشْكَيْلَخٍ بَشْكَيْلَخٍ قَزْمَزٍ قَزْمَزٍ أَنْغَلَلِيطٍ أَنْغَلَلِيطٍ قَبَرَاتٍ قَبَرَاتٍ غَيَاهَا غَيَاهَا كَيْدَهُوْلا كَيْدَهُوْلا شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْهَاهِيرٍ شَمْهَاهِيرٍ بِكَهْطَهُوْنِيَةٍ بِكَهْطَهُوْنِيَةٍ بَشَارِشٍ بَشَارِشٍ طُوْنَشٍ طُوْنَشٍ شَمْخَابَارُوْخٍ شَمْخَابَارُوْخٍ

سات بار کہیں حاضر شود حاضر شود۔

پھر مریض کے ہاتھ میں دیے تعویز پر دم کریں ساتھ اسکے ماتھے اور آنکھوں پر پھونک ماریں۔

اس طرح ایک نشست پوری ہوئی۔

اسی طرح تین سے سات بار دم کریں

اس دوران جب مریض کی آنکھیں سرخ ہونے لگیں چکر آنے لگے غنودگی اور سر بھاری ہونے لگے تو مریض کے چہرے پر کپڑا ڈال دیں۔

مریض پر کلام سے متعلقہ تین خدام حاضر ہوں گے

هفاش قادہ اور یہودہ

تینوں سنسکرت و عبرانی کے علاوہ ہر زبان میں بات کرنے پر قادر ہیں۔

انکی حاضری ہو جائے تو پڑھائی روک دیں پھر انکو انتہائی ادب و احترام سے سلام بلائیں۔

- هفاش کی آواز باریک نسوانی ہے
- قادہ کی آواز عام انسانوں جیسی مگر تھوڑی رعب دار ہے
- یہودہ بھاری مردانہ آواز کا حامل ہے۔

الغرض جو بھی حاضر ہو اس سے سلام کے بعد اسکا نام لیں۔ یعنی تینوں نام دہرائیں مگر ان سے بالکل نہ پوچھیں کہ تمہارا نام کیا ہے۔ بلکہ تینوں نام لیتے جائیں اپنا نام سن کر وہ خود پوچھ لیں گے کہ بلوانے کا مقصد کیا ہے۔

اس سے فقیر کا نام لیں کہ استاد محترم غلام نبی قادری نوری کے تعلیم پر آپکو بلانے کی زحمت دی ہے یہ فلاں بن فلاں مریض ہے اسکے متعلقہ روحانی طور پر جامع رہنمائی فرما دیں اس پر کیا کیا معاملات درپیش ہیں۔

پھر اگر وہ بذریعہ کلام سب کچھ بول دے تو سہی ورنہ اسکو اصرار نہ کریں۔ تینوں خدام بزرگ و نیک اور مومن ہیں اگر وہ سوال کے بعد کچھ بولیں نہ تو عامل اپنی آنکھیں بند کر کے دل میں وہی سوال دہرائے۔ عامل پر نیم غنودگی

طاری ہوگی اسکو سب کچھ بتادیا جائے گا۔

❁ بس اس سے زیادہ بڑھنے کی کوشش نہ کریں جواب مل جانے کے بعد انکی خدمت میں مودب سلام عرض کریں پھر انکو رخصت ہونے دیں۔

جوانہوں نے بتادیا وہ تشخیص ہزار فیصد درست ہوگی۔وہی معاملہ ہوگا۔

❁ **چند اہم چیزیں:**

ایک دن میں یہ عمل بس ایک بار ہی کریں عمل کرنے سے قبل اور بعد میں ایک ایک گھنٹہ تک گوشت پیاز لہسن اور دودھ پینے سے گریز کریں۔

❁ جمعرات کو یہ عمل نہ کریں۔بقیہ پورا ہفتہ کرسکتے ہیں کسی نماز کے وقت بزرگوں کو نہ بلوائیں۔اس عمل کی تعلیم آگے میری اجازت کے بغیر کوئی بھی نہ کریں بصورت دیگر میری کسی بھی طرح کی ذمہ داری نہ ہوگی۔

❁ اس عمل کی عاملین کو اجازت ہے جو عامل دماغی نفسیاتی اور قلبی مضبوط ہیں صرف وہ انکو یوز کریں۔

❁ تشخیص کے علاوہ ان بزرگوں سے کوئی بھی بات نہ کریں کسی طرح کی دوسری بات مثلا پرائز بانڈ نمبر لاٹری سٹہ وغیرہ پوچھنے کی صورت میں ان بزرگوں کی طرف سے ہونے والے نقصان کو کوئی نہیں روک سکتا۔

❁ بس یہ عمل پیش کرنا تھا یوہی سمجھ لیجیے خون جگر پیش کیا ہے۔اسکی قدر نہ ہوئی تو بڑے اعمال دوبارہ نہیں پیش کیے جائیں گے۔اس کا فیڈ بیک تجربہ کرکے لازم دیجیے گا۔جو اس میں پرخلوص طریقے سے مکمل ظرف و ضابطہ سے کامیاب ہوئے انکو اس عمل کی خود پر حاضری کا طریقہ بھی سکھاوں گا بقیہ احباب اسکو بس عمل ہی سمجھیں۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

نورانی عملیات میں مداومت

تمام علماء کرام عاملین احباب متوجہ ہوں

میں جو بھی عملیات دوں گا ان سے کام لینے کے لیے یہ اسباق اپنے ورد میں رکھیے گا۔۔۔

(1) درود پاک

اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید المجید 3 بار

اللھم بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید المجید 2 بار

اس طرح سے درود پاک پڑھیں یہ ایک بار تصور کیا جاتا ہے۔۔۔

اول آخر سات بار یہ درود پاک

(2) حزب البحر 1 بار

(3) سورہ فاتحہ 7 بار

(4) حسبنا اللہ و نعم الوکیل 313 بار

(5) سورہ یسین شریف 1 بار

یہ ٹوٹل مجموعی مداومت ہے جس کو آپ اپنے معمول میں رکھیں۔۔۔

میرے جتنے بھی عملیات حب و بغض علاج معالجہ سمیت متفرق موضوعات پر ہوں گے سب کا اثر انھی پڑھائیوں میں موجود ہے۔۔۔۔ جو عاملین لمبے لمبے وظائف و اعمال۔ پڑھ رہے ہیں وہ۔ چاہیں تو سب ترک کر سکتے ہیں بس ایک مخصوص وقت رکھ کر یہی مداومت کیجیے۔۔۔

اور کوئی بھی عمل کیجیے ان شاء اللہ تعالیٰ سو فیصد تاثیر ظاہر ہو گی

راز کی باتیں

❁ اب اس سے متعلقہ متفرق اعمال پیش کروں گا مگر سب سے اول و آخری شرط یہ لازم ہے کہ ان اعمال کو خود چاہے لاکھوں بار یوز کریں مگر بلا اطلاع و اجازت وہ اعمال آگے کسی کو ہرگز ہرگز نہ سکھائیے گا۔ میرے پیش کردہ ہر عمل کے اثر اور قوت کے ظہور کا میں زمہ دار ہوں بشرط کہ میرے پیش کردہ طریقے اور شرط سے کم زیادہ اضافہ نہ کیا جائے۔

❁ سب سے پہلے بنیادی یہ بات سمجھ لیجیے کہ علم عملیات میں دو چیزیں بنیاد ہیں اول علم یعنی اصل طریقہ دوئم اجازت یعنی نسبت۔۔۔
ان دونوں کی موجودگی میں اثر پیدا ہوتا ہے ان مین سے کسی ایک کی غیر موجودگی بھی کامیاب نہیں ہونے دیتی۔

❁ بس سب سے بڑا یہی راز ہے جو عاملوں اور کتابی معالجوں کو نہ سمجھ آتا ہے اور نہ ہی اس متعلقہ کہیں پر رہنمائی موجود ہے۔۔۔اس لیے ایسے رازوں کو بزرگان دین اہلوں کے سواء نااہلوں سے پوشیدہ رکھتے آئے ہیں۔۔۔
بقیہ جائز و ناجائز وغیرہ سب شرعی اصطلاحات ہیں عملیات کے اثر سے انکا کوئی تعلق نہیں۔۔۔۔

❁ یاد رکھیں فن عملیات میں اعمال کے سہی وزن یعنی طریقے اور اجازت ہی مین سب کچھ ہے۔۔۔دونوں مرحلے موجود ہیں تو ہزار فیصد اثر ہونا اٹل ہے ایسا ممکن نہیں کہ کوئی عمل اپنا اثر ظاہر کیے بغیر رہے۔۔۔خواہ نتیجہ کیسا ہی نکلے پر اثر لازم ملزوم ہوتا ہے۔

❁ یہ سب وہ باتیں ہیں جو عملیات کرنے سے پہلے عاملوں کو معلوم نہیں ہوتیں پھر دوران عملیات یہ

سوالات دل میں اٹھیں بھی تو جواب نہ ملنے کی وجہ سے انسان بد دل ہونا شروع ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

❁ تشخیص پر میں علمی باتیں کرنے کی بجائے وقتاً فوقتاً آپکو عملیات وطلسمات پیش کرتا رہوں گا مگر آپکو سب سے زیادہ عملیات ہی پیش کروں گا۔۔۔۔ساتھ عملیات پر رہنمائی کرتا جاوں گا کہ کونسا عمل کب اور کہاں یوز کرنے والا ہے۔۔۔جس چیز کے متعلقہ سمجھ نہ آئے وہ آپ کسی وقت کال فرما کر سمجھ سکتے ہیں۔

1) سب سے پہلا مرحلہ روحانی معالجے میں جادو بندش تعویزات کے علاج کا ہوتا ہے۔۔۔

2) دوسرا مرحلہ جنات شیاطین اور آسیب کے علاج کا ہوتا ہے۔

یاد رکھیں کہ جادو بندش اور تعویزات کی بنیاد ایک ہی ہوتی ہے اس لیے اسکا علاج الگ ہوتا ہے

❁ جبکہ وہ روحانی مسائل جس میں بالمشافہ یا بلامشافہ کسی روحانی مخلوق کا عمل دخل ہو اسکا علاج الگ سے ہوتا ہے ایسے امراض کو جنات وشیاطین یا اسیبی مسائل کہا جاتا ہے۔

❁ اس بنیاد کو زہن میں رکھیے گا پھر آپکو علاج معالجے میں اعمال استعمال کرنے مین اسانی ہوگی۔۔۔۔
کیونکہ ننانوے فیصد عاملوں کو علم نہیں ہوتا کہ کونسا عمل کہاں لگانا ہے اسی وجہ سے وہ بے چارے ایک عمل کو ہر جگہ یوز کرتے ہیں نتیجتاً نقصان اٹھاتے ہیں۔

❁ آپ میں سے اکثر عاملین کا تجربہ رہا ہوگا کہ عاملین نے جن جن اعمال کی زکاتیں ادا کی ہیں وہ کچھ عرصہ بہت چلتے ہیں پھر ٹھنڈے ہوجاتے ہیں اسکے بعد اثر ختم ہوجاتا ہے ساتھ عامل کے اپنے ساتھ جسمانی روحانی نفسیاتی اور معاشی کشیدگی کے معاملات شروع ہوجاتے ہیں۔۔۔۔۔کتنے احباب کو یہ تجربہ ہوا؟

❁ بہرکیف یہ جو اوپر معاملے بیان کیے ہیں یہ عاملوں کے ساتھ اس لیے ہوتے ہیں کہ بعض اوقات امراض آسیبی یا جناتی شیاطینی ہوتی ہیں جبکہ اس پر روحانیت سحر بندش تعویزات کے اعمال کو ختم کرنے والی یوز

ہورہی ہوتی ہے۔۔۔

اب کلام کوئی بھی ہو عامل کی توجہ یا اجازت کی نسبت سے اثر ہر معاملے میں کر جاتی ہے مگر بہت جلد قوت ختم ہو جاتی ہے نتیجتا مخالف مخلوق اپنا وار کرتی ہے ۔۔۔ایسے ہی جیسے AKM میں 9MM کی گولی فائر کی جائے ۔۔۔گولی تو چل جائے گی مگر چند راوند فائر کرنے کے بعد گن خراب ہو جائے گی۔

❀ اسکا تدارک نہ کیا جائے تو مختلف مریضوں پر غلط فائز یوز کرنے یعنی غلط اعمال سے علاج کرنے کی وجہ سے عامل کا مثالی جسم یعنی Spiritual Oura کمزور سے کمزور ہوتا چلا جاتا ہے یہاں تک کہ روحانیت اتنی کمزور اور زخمی ہو جاتی ہے کہ ہر عمل الٹ اثر کرنے لگا ہے کاموں میں رکاوٹ صحت خراب اور ہزاروں طرح کے معاملوں میں پھس جاتا ہے خصوصا جناتی دشمنی کی زد مین آجاتا ہے عامل پھر خود کو مصیبتوں سے نکالنے کوئی ورد وظیفہ علاج معالجہ خود کرے تو مزید معاملات خراب ہونا شروع ہو جاتے ہیں روحانیت کی قوت برداشت ہی نہیں ہوتی۔

❀ یہ ساری وہ باتیں ہیں جو آپکی فیس کی وجہ سے خاص طور پر آپکو عملیات سے قبل تعلیم کی جارہی ہیں ورنہ یہ علم نہ عامل آگے منتقل کرتے ہیں اور نہ ہی آج تک ایسے معاملات پر کتب لکھی گئی ہیں ۔۔۔

❀ ساری بات کا خلاصہ یہ ہے کہ بنیاد کو جو جو سمجھ جائیں وہ ان سب معاملات میں پھسنے سے بچ سکتے ہیں ورنہ علاج بہت مہنگا پڑ سکتا ہے ۔۔۔میں نے کئی عاملین کے علاج پر کئی ماہ اور بعض کے معاملات پر سالوں بھی سر کھپائی کی ہے. نتیجتاً یہی نکلا کہ پرہیز علاج سے بہتر ہے۔۔۔۔

❀ کل کی نشست میں چند اہم راز کی باتیں احباب کی خدمت میں پیش کیں تھی اب اس سے اگلا حصہ عرض کرنے لگا ہوں جو کہ ننانوے اشاریہ نو فیصد عاملین کے وہم و گمان سے بھی باہر کی باتیں ہیں اس جانب توجہ و علم نہ ہونے کی وجہ سے عاملین بڑے بڑے خمیازے بھگتے ہیں اور علاج معالجہ یا ہلکا پھلکا دم تعویز کرنے سے قبل بھی یہ چیزیں جاننا لازم ہیں جواب عرض کرنے جارہا ہو۔

❀ عاملین کے نظریے کے مطابق کسی بھی عمل کام یا دم تعویز سے پہلے ہر طرح کے مضر اثر سے بچنے کے لیے حصار لازم ہے ۔۔۔عاملین یا عام عامۃ الناس اسی نظریے پر قائم بڑے بڑے حصاروں اور حفاظتی اعمال کی

زکوٰتوں کے پیچھے بھاگتے اور کوشش کرتے ہیں قوی سے قوی حصار ہو۔اسکے باوجود بھی عام یا غیر عامل کا حصار ٹوٹ جاتا ہے اور اس کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

❁ جبکہ حقیقت یہ ہے کہ حصار مرحلہ دوئم کی بات ہے اُس سے پہلے جو اپنی حفاظت یا شر کی قوت پر غالب رہنے کی بنیاد ہے وہ ریاضت/ مداومت ہے۔۔۔

❁ ایک مداومت وہ ہوتی ہے جو ہم کسی عمل کے جاری رکھنے کے لیے کرتے ہیں جبکہ دوسری مداومت وہ ہوتی ہے جو محض رضائے الٰہی اور حصول برکت کے لیے بطور وردِ ذکر یا تسبیح اپنے معمول میں رکھی جاتی ہے۔۔۔ اس مداومت سے روحانیت میں قوت پیدا ہوتی ہے۔کیونکہ بنیادی وجہ یہ ہے کہ عامل یا غیر عامل رضائے الٰہی سے کم ہی ذکر کرتے ہیں زیادہ تر ورد و وظائف یا اعمال کی مداومت اپنے مقاصد کے لیے کرتے ہیں تو اسکی روحانیت اسی ضمن میں محفوظ ہوتی رہتی ہے.اُس سے روحانیت میں اضافہ یا قوت روحانیت میں اضافہ نہیں ہوتا۔

❁ دوسری اہم چیز یہ کہ روحانیت کی ترقی وقوت اور قرب الٰہی کے لیے جو ورد مدامت میں رکھا جاتا ہے وہ بزرگوں کی نسبت سے بااجازت ہونا چاہیے تاکہ اس میں بزرگوں کی نسبت سے برکت حاصل ہوتی رہے۔

❁ یہ اصول عاملین کا نہیں بلکہ کاملین و ماہرین کا ہے اسی کی بدولت آج تک کوئی کامل کسی رجعت کا شکار نہیں ہوا اور نہ ہی فن عملیات کی دنیا میں پریشان نظر آیا ہے۔

❁ اب اس طرح مداومت سلسلہ کو رضائے الٰہی اور قرب الٰہی کی غرض سے اپنے معمول میں رکھا جائے پھر حصار لگایا جائے تو دنیا کوئی سفلی نوری ناری کرنے والا عامل تو کیا کوئی روحانی مخلوق بھی اُس حصار کو نہیں توڑ سکتی اور نہ ہی عامل کو نقصان پہنچا سکتی ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

روحانی طاقت بحال رکھنے کے لیے خاص اوارد

1) فجر کے بعد 313 بار درود پاک اور 1000 بار یا اللہ الصمد

2) عصر کے بعد سوئم کلمہ 70 بار

3) عشاء کے بعد سورہ یسین مبین درمبین ایک بار

اور درود پاک

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

1000 بار

۞ یہ اوارد رضائے الٰہی قرب الٰہی اور خالصتاً اللہ کے لیے اپنے معمول میں رکھنے والے اشخاص کو کبھی روحانی کمزوری نہیں ہوتی۔ مگر شرط یہی ہے کہ صرف اور صرف رضائے الٰہی کے لیے پڑھا جائے۔

یہ اذ کار مسنون وثواب و برکت کی نیت سے ہمیشہ اپنے معمول میں رکھنے چاہیے۔ اسباق وغیرہ کی مداومت اس سے الگ ہے۔

آج میں دو خاص الخاص حصار پیش کروں گا جو ایک عامل کے لیے ہر طرح کافی وشافی ہوں گے

۞ پندرہ دن میں دو اعمال کافی ہوں گے بقیہ پورا ماہ خصوصی راز و نیاز پر بات چیت کیا کریں گے۔ کیونکہ اعمال کی قوت تکا نیک سے منسلک ہے جو جس قدر تکا نیک کا علم جانتا ہے وہ اتنا ہی ماہر عامل بن سکتا ہے۔

۞ صرف عملیات دینا سب پر زیادتی ہوگا۔ عملیات کے ساتھ ہر عمل کا عمل اور جتنا ضروری ہوگا اتنا ساتھ طریقہ بیان کرتے رہیں گے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

آج کچھ اعمال حصار پر اور ساتھ عامل کی اپنی حفاظت و صفائی پر گفتگو کریں گے

❁ سب سے پہلے آپ احباب نے وہ تمام ضروری باتیں جانیں جو عملیات میں بہت اہم ہیں جن پر غور نہ کرکے اکثر ایسا خمیازہ بھگتنا پڑتا ہے کہ ایک عامل اپنے اعمال کی زد میں اپنی روحانی صحت تو خراب کرتا ہی ہے ساتھ جسمانی اور دنیوی معاملات بھی ابتری کا شکار ہو جاتے ہیں۔

❁ روحانی ترقی کے کئی راستے ہیں مگر سب محنت اور سخت جانفسانی طلب ہے۔ان میں سے ایک سب سے آسان راستہ اہل اللہ کی نسبت ہے۔آپ جس بھی سلسلے میں جس بھی شیخ کے مرید/ طالب ہیں ان سے روحانی تعلق /نسبت اور وابستگی گہری رکھیں ساتھ جو از کار آپکی خدمت میں پیش کیے ہیں انکو معمول میں رکھیں ان شاء اللہ تعالی روحانی کمزوری نہیں ہوگی۔

حصار نمبر (1)

صبح شام اول آخر بانوے بار درود ابراھیمی پڑھ کر

313 بار

بِسۡمِ اللّٰهِ الَّذِی لَا یَضُرُّ مَعَ اسۡمِهٖ شَیۡءٌ فِی الۡأَرۡضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیعُ الۡعَلِیۡمُ "

پڑھ لینا یہ ہر طرح کے روحانی وار سے تحفظ روحانی ترقی کے لیے معاونت اور قوی ترین حصار ہے۔مگر یہ صبح شام کرنا چاہیے۔

حصار نمبر (2)

تہجد کے وقت دو رکعت نفل ادا کریں

پھر ایک گلاس پانی پر 70 بار آیت الکرسی اس طرح پڑھیں کہ ہر بار آیت الکرسی شروع کرنے سے قبل بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھیں۔

جب 70 بار پڑھ لیں تو پہلے اپنی ٹانگوں کو پھونک ماریں پھر پیٹ کو پھر سینے کو اسکے بعد ہاتھوں پر پھونک مار کر سر پر مل لیں پھر پورے جسم پر ہاتھ پھیر لیں

پانی کو تین گھونٹ میں پی لیں۔۔۔

یہ چوبیس گھنٹوں کے لیے روحانی جسمانی نفسیاتی حصار ہو جائے گا۔

❁ یہ دونوں حصار کُل علوم روحانیت کا نچوڑ ہیں۔ اس کی صرف تشریح کروں تو ایک مکمل کتاب لکھ سکتا ہوں اختصاراً یہی ہے کہ ان حصاروں کی قوت کے سامنے نظر بد، جادو جنات بھوت پریت آسیب تعویز دھاگہ عفریت شیاطین سب کی قوت بالکل صفر ہے

ایک وقعہ عرض کرتا ہوں تا کہ احباب اس کی اہمیت سمجھ سکیں۔

2018 میں یہودیوں کی ایک کمیونٹی جو ایلومناتی کہلاتی ہے جس کے بارے میں معروف ہے کہ وہ دجال سے سحر کی قوت لیتی ہے اسکے بڑے پاپس کے ساتھ ایک روحانی مقابلہ ہوا تھا۔

مخالفین کی تعداد آٹھ تھی جبکہ وہ ماہر وظالم بھی تھے۔ انکا کام یہ تھا کہ جب انکو موقعہ ملے وہ مجھ پر اٹیک کردیں مگر یہ دونوں حصار اتنے سخت قوی تھے کہ صرف ان حصاروں کی بدولت انکا کیا ہوا ہر عمل ناکارہ ہو جاتا تھا۔

❁ برصغیر پاک وہند میں سفلی اور کالے جادو سے زیادہ کوئی سخت علم نہیں ہے۔۔۔ مگر مغربی ممالک میں قبالہ اور یہود کے دیگر سحر اس سے بھی زیادہ مہلک ہیں

❁ قبالہ سحر ایسا سحر ہے جس کے بارے میں حقیقت یہ ہے کہ اگر یہ کسی پر کر دیا جائے تو اولیاء اللہ کے علاوہ اسکا تدارک کسی عامل کے بس کی بات نہیں یعنی کوئی عامل اسکی روک تھام نہیں کر سکتا اسقدر مہلک اور سخت اثر کا حامل ہے۔

❁ مگر یہ حصار اُس سحر کو بھی ایسا کیلتے تھے کہ وہ یہودی ساحر سحر کرنے کے لیے بیٹھ ہی نہیں پاتے تھے۔

ان میں سے ایک بندے کے ساتھ جب بعد میں بات ہوئی تو اس نے انکشاف کیا کہ ہم جب آپ پر عمل پڑھتے تھے تو وہ عمل گم جاتا تھا یعنی سمجھ نہیں آتی تھی کہاں جاتا تھا۔ جب تشخیص کے لیے موکلات سے کام لینے کے لیے انکو روانہ کرتے تو کوئی بھی موکل واپس نہیں آتا تھا۔

ان حصاروں سے دو طرح کی روحانیت متحرک ہوتی ہے۔

عملیاتی روحانیت اور نورانیاتی روحانیت۔

دونوں کی نسبت سے عامل یا حصار کرنے والے کے مثالی جسم یعنی روحانی باڈی کے ارد گرد نور کی فریکونسی بہت بڑھ جاتی ہے جس سے عالم غیب سے تعلق رکھنے والی اشیاء مثلاً ارواح نیک جنات و ملائک کشش کرنے لگتے ہیں اس طرح جس قدر روحانی مخلوقات کی کشش رہتی ہے اُسی قدر شر کی مخلوقات دور رہتی ہیں۔

❁ جب کوئی عمل کریں۔ کسی کو دم کریں کسی کے لیے نقش لکھیں کسی مریض کی تشخیص کریں کسی جگہ چیک اپ کے لیے جائیں یا روحانی معاملات سے متعلقہ کچھ بھی کریں تو اس امر کو لازم ملحوظ خاطر رکھیں کہ آپ کا حصار ہونا لازم ہے۔ بلا حصار کبھی دم بھی نہ کریں

(3) عمل حصار کبیر

❁ یہ طریقہ آج تک عمومی طور پر پوشیدہ ہی رہا ہے اسکی تعلیم نہ کرنے کی کئی وجوہات ہیں مگر یہاں سب متعلقین کو اس عمل کا طریقہ تعلیم کیا جا رہا ہے۔ یہ طریقہ مکمل طور پر جناتی پہرہ بندی کا حامل ہے اس لیے اس طریقے سے کام لینے کے لیے اپ کو کسی بھی ایک طرح کے عمل کا زکات کبیر کا حامل عامل ہونا لازم شرط ہے۔

❁ جس بھی عمل کی زکات کبیر آپ نے ادا کر رکھی ہے آپ اسی کے ذریعے اس عمل کو کر سکتے ہیں طریقہ سب اعمال کا ایک ہی ہوگا مگر میں اسکو اپنے طریقے کے مطابق عرض کرتا ہوں۔

افادیت

❁ اس عمل کو وہاں کیا جاتا ہے جہاں بار ہا ایک ہی مریض پر کئی طرح سے سحر کیا جا رہا ہو دشمن بار بار باز نہ آئے علاج معالجے کے بعد بھی مریض پر سحر کروایا جائے یا جناتی خلل ہوں ایسی صورت میں مریض کو ایک سال چھے ماہ یعنی اٹھارہ ماہ کا حصار جناتی لگایا جاتا ہے جس میں ایک سال چھے ماہ تک عمل کے تابع خدام اور انکی قوت سے متعین جنات اس بات پر پابند ہو جاتے ہیں کہ وہ معینہ مدت تک متعلقہ مریض پر پہرہ دیں اس پر کسی طرح کا کوئی وار نہ چلنے دیں۔

طریقہ عمل

1) سب سے پہلے مریض کو اسکا وزن تولنے کو کہیں۔ مریض کا جتنا وزن ہو اس مطابق ایک یا دو بکرے منگوائیں جن

کے صافی گوشت کا وزن مریض کے وزن جتنا ہو یا اس سے زیادہ بھی ہو جائے تو حرج نہیں مگر کم نہیں ہونا چاہیے۔

2) مریض کے نام مع والدہ کے اعداد نکال کر ان میں 8387438 اعداد کو جمع کریں

3) پھر اس کو مثلث آتشی مقلوبی چال سے پر کر کے جتنے بکرے لائے ہوں انکے گلے میں نقوش الگ الگ بنا کر ڈال دیں۔

4) اسکے بعد ان بکروں کو روزانہ ایک پاؤ چارا ایسا کھلائیں جس پر نمک چھڑکا ہوا ہو۔ سات دن تک انکو ایسا چارا کھلانا ہے۔

5) اس طرح سات دن روزانہ عشاء کے بعد کسی ویران مقام پر جا کر اپنا بدنی حصار کر کے مریض کی نیت رکھ کر حصار کی غرض سے حزب البحر پڑھیں مگر حزب البحر سے وہ کام لیں جنکی زکات کبیر ادا ہو۔

۱ پہلے دن 133 بار

۲ دوسرے دن 128 بار

۳ تیسرے دن 121 بار

۴ چوتھے دن 111 بار

۵ پانچویں دن 101 بار

۶ چھٹے دن 70 بار

۷ ساتویں دن 41 بار

اس طرح حزب البحر کی تعداد مقرر کریں

❁ ہر دن حزب البحر اول آخر تین تین بار درود پاک کے ساتھ پڑھ کر بغیر اشارات و تکرار پڑھیں اسکے بعد حکم یوں لگائیں!

اے ان اسماء و دعوات کے تابع خدام آپ کی روحانیت کے توسل سے میں فلاں بن فلاں (مریض کا نام مع والد) پر قبائل مومنین جنات کو مقرر کرتا ہوں کہ وہ فلاں بن فلاں کا جسمانی روحانی نفسیاتی ظاہری باطنی حصار کریں ہر طرح کے علوی سفلی نوری ناری خاکی آتشی بادی سحر بندش سمیت جمیع آسمانی زمینی اثرات بد و مضر سے تحفظ فراہم کریں۔

6)اسکے بعد بکرے کو دم کر دیں۔ یاد رہے پڑھائی کے وقت ایک یا دو جتنے بھی بکرے ہوں آپکے سامنے ہونے چاہیے۔

7)اسی طرح عمل کی تکمیل کر کے پھر دعا مانگ کر اٹھ جائیں۔

8)ساتویں دن جب عمل مکمل ہو جائے تو جتنے بھی بکرے ہوں ان کو ذبح کیجیے۔جو نقوش انکے گلے میں تھے وہ محفوظ اتار کر بکرے کے منہ میں رکھ دیں۔

9)سری اتار کر سیاہ کپڑے میں باندھ کر قبرستان میں دفن کر دیں

10)اگلی دونوں ٹانگوں کو اسی قبرستان میں کسی درخت کے نیچے دفن کر دیں جبکہ پچھلی دو ٹانگوں کو قبرستان سے باہر کسی ویران جگہ دفن کر دیں۔

11)بقیہ گوشت کی تین ڈھیریاں کرلیں

تینوں ہم وزن ہونی چاہیے

12)ان پر ختم خواجگان وختم قادریہ دلوائیں اسکے بعد

1)ایک حصہ آبی اور زمینی جانوروں کو خود ڈالیں۔

2)پھر دوسرا حصہ مدرسہ میں بچوں کو تقسیم کر دیں۔

3)تیسرا حصہ غربا یتما اور مساکین میں تقسیم کر دیں۔

عمل مکمل شود سات دن کی محنت ہے مگر مریض پر ایک سال چھے ماہ کا ایسا قوی حصار قائم ہو جائے گا کہ ان شاء اللہ اس دوران کسی کا باپ بھی مریض پر سحر نہیں کر سکے گا۔

۞ اس عمل کو کرنے سے قبل اجازت لازم لے لیجیے گا.

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

حصار و حجاب

❁ علم عملیات کی دنیا میں ہر شخص کی خواہش ہوتی ہے کہ اس کے پاس جو قوت یا روحانیت ہے وہ پردہ میں رہے کوئی بندہ کسی بھی علم حساب کتاب یا اندازے سے اس کے بارے میں نہ جان سکے۔ اسی مقصد کے لیے آپ سب کی خدمت میں ایک خاص الخاص حصار و حجاب پیش کر رہا ہوں اسکو اپنا معمول بنانے والے اشخاص کے بارے میں انسانی علوم سمیت جنات و شیاطین بھی عاجز ہی رہیں گے کہ وہ بھی نہ جان پائیں گے کہ بندہ کس لیول کا ہے

يَا حَمِيدَ الفِعَالِ يَاذَا المَنِّ عَلٰى جَمِيعِ خَلْقِهٖ بِلُطْفِهٖ

اس حصار و حجاب کو 360 بار عشاء کے بعد پڑھ کر اپنے دل پر پھونک ماریں۔ ہر روز یہ معمول رکھیں یہ حصار و حجاب چوبیس گھنٹوں کے لیے کام کرتا ہے۔

نورانی حصار

1) اللّٰهُ (3000) بار

2) اَھْطَمُفَشَنُ (1000) بار

3) بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَ رُسُلِيْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ (66 بار)

4) سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ (818 بار)

5) نَحْنُ فِيْ جَاهِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ (1000 بار)

❁ اس نورانی حصار کی روزانہ مداومت سے عامل کے اندر عجیب قسم کا نور آجاتا ہے جس کی وجہ سے جنات جادو اثر نہیں کرتا اور لوگوں میں مقبولیت بڑھتی ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

اب آپ احباب کی خدمت میں سب سے پہلا قائدہ پیش کرتا ہوں جس کا عملیات میں چار حصے عمل دخل ہے۔۔

اسکو کہتے ہیں بندش لگانا

بندش

یہ علم عملیات میں بہت ہی ضروری شے سمجھی جاتی ہے۔اس کے ہزاروں بلکہ لاکھوں طریقے ہیں۔

بنیادی طور پر عملیاتی اصطلاح میں بندش ایسے عمل کو کہتے ہیں جس کے ذریعے کسی چلتے کام یا شے میں رکاوٹ پیدا کی جائے۔۔۔۔

مثلاً گاڑی چل رہی ہے سڑک پر سپیڈ بریکر اتے ہیں تو گاڑی اپنی رفتار سے کم ہو جائے گی اس طرح گاڑی کے لیے سپیڈ بریکر بندش کا کام کریں گے

❁ لوگ سمجھتے ہیں کہ بندش ایسے عمل کو کہتے ہیں جس سے کسی متحرک / جاری شے کو جامد/ روک دیا جائے۔۔۔

جبکہ ایسا نہیں ہے۔کسی چلتی شے کو روکنا سلب کہلاتا ہے بندش نہیں۔

بندش کا مطلب روکاوٹ پیدا کرنا۔کام مشکل کر دینا۔درمیان میں الجھا دینا۔۔۔۔

❁ اس سارے مدعے سے آپکو سمجھ آجانا چاہیے کہ بندش کے تمام اعمال صرف معاملوں کو تاخیر کا شکار کرنے، مشکل بنانے، رکاوٹ پیدا کرنے وغیرہ کے لیے ہوتے ہیں۔پھر فطری اصول ہے کہ جب کسی کام میں بار بار رکاوٹ آ رہی ہو تو وہ خود بخود ہی رک جائے گا۔

❁ عملیات میں بندش عامل تب کرتا ہے جب اس نے کسی کام میں رکاوٹ ڈالنا ہو۔۔۔۔

مثلاً میاں بیوی میں طلاق ہو رہی ہو تو درمیان میں بندش لگا دی جاتی ہے تا کہ فوری طلاق نہ ہو درمیان میں رکاوٹیں بنیں جتنی زیادہ رکاوٹیں ہوں گی اتنا ہی اچھا ہو گا کہ طلاق ملتوی ہو جائے گی۔

یہ ایک مثال دیکر سمجھایا ہے۔

بالکل اسی طرح سارے بندش کے کام ہوتے ہیں۔۔۔۔

❁ بندش لگانے کے کاموں کی طرف جانے سے پہلے چند اہم راز جس سے ہر عامل کو واقف ہونا

چاہیے۔۔۔۔

1) بندش تب لگانی چاہیے جب اسے کھولنا نہ ہو یعنی ہمیشہ کے لیے بندش لگانا ہو تب ہی بندش کا کام کرنا چاہیے۔

2) بندش کے اعمال کو خوب سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے سو کاموں میں سے صرف ایک دو ایسے کام ہوتے ہیں جو واقعی کرنے لائق ہوتے ہیں باقی سب محض ایموشنل ڈیمج ہیں۔ ہر جگہ بندش لگانے والا عامل بہت برا پھنستا ہے۔

3) بندش کے عمل سے قبل اُس عمل پر ہر طرح سے کامل علم ہونا چاہیے جس سے بندش لگا رہے ہیں کیونکہ اگر زرہ برابر بھول چوک ہو جائے تو بندش کا عمل خطاء ہو سکتا ہے جس کے اثرات خطرناک حد تک برے ہو سکتے ہیں۔

4) عامل کو حتی الامکان کوشش کرنی چاہیے کہ بندش کے اعمال سے کوسوں دور رہے بالفرض کوئی باامر مجبوری کرنا بھی پڑ جائے تو بہت کم قوت کا کرنا چاہیے تا کہ نقصان کا اندیشہ کم سے کم ہو۔

5) بندش کے اعمال کرنے سے پہلے اور بعد میں اپنا بدنی صدقہ ضرور ادا کرنا چاہیے۔

6) کسی پر بھی ناجائز بندش لگانے سے ہمیشہ گریز کرنا چاہیے کیونکہ بعض اوقات ناجائز عمل کسی کی بے بسی کی قوت سے رجعت کر سکتا ہے جو عامل کی زندگی بھر کی قوت کو منٹوں میں خاک میں ملا سکتا ہے۔

7) بندش کے کام ہمیشہ رات کو یا عصر کے بعد کرنے چاہیے۔ فجر سے عصر تک کبھی کوئی بندش کا عمل نہ کریں

8) اول تو کبھی بندش کی طرف آئیں ہی نہ لیکن اگر باامر مجبوری ضرورت پڑ جائے تو پھر ایک عمل کی بجائے ایک ہی مقصد کے لیے دس یا بارہ طریقوں سے بندش کیجیے مگر خوب سوچ بچار کر کے عمل کریں تا کہ کوئی عمل دوسرے عمل کا مخالف نہ ہو۔

❁ ہر وہ بندہ جو عملیات سے وابسطہ ہے اسکے پاس بندش کے تقریباً ننانوے کام آتے ہیں۔۔ یا یوں کہہ سکتے ہیں کہ ننانوے کاموں میں اسکو بندش کی ضرورت ہوتی ہے۔

❁ تو آج آپکی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ بندش بنیادی طور پر لگتی کن کن چیزوں سے ہے۔۔۔

1. بندش بذریعہ جنات

2. بندش بذریعہ علم الحروف

3. بندش بذریعہ تنتر منتر جنتر ینتر

4. بندش بز ریعہ اعداد

5. بندش بز ریعہ پڑھائی/علم الوظائف

6. بندش بذریعہ سحر

7. بندش بذریعہ نظر بد

یہ سات بنیادی مرکز ہیں جن سے بندش لگتی ہے

پاکستان میں زیادہ تر بندش بذریعہ سحر، طلسمات اور اعداد ہی عام رائج ہے

بندش سحر علم الحروف علم الوظائف نظر بد آسان ہیں۔

سب سے خطرناک ترین بندش بذریعہ جنات ہوتی ہے جس کا علاج سالوں پر محیط ہو سکتا ہے

❁ کتابوں میں دو طرح کی بندشوں کے طریقے عام ہیں۔ ایک عملیات یعنی تعویز دھاگے طلسمات سے دوسرا اشتر منتر پڑھائیوں سے۔۔۔

❁ سفلیات کرنے والے بندش کا کام بذریعہ جنات و شیاطین لیتے ہیں۔ اس لیے ایسے کیسز میں بندش بہت زیادہ خطرناک ہو جاتی ہے۔۔۔

آپ سے مختلف اقسام اور انکے علاج پر بات چلتی رہے گی مگر آپکو دو طریقے تعلیم کروں گا جن سے جائز امور میں بندش کا کام لیا جا سکتا ہے۔

اول:

بندش بذریعہ پڑھائی

دوئم:

بندش بذریعہ طلسمات و حروف

عمل بندش بذریعہ پڑھائی

نمبر1: عمل بندش

۞ اگر کسی چیز کی بندش لگانے کا ارادہ ہو تو یہ عمل کیجیے۔

دن: منگل، بدھ، ہفتہ

عمل

سورہ فیل کو بغیر درود پاک و بغیر بسم اللہ ننانوے کیلوں پر پڑھیں

یعنی ننانوے عدد کیل لیں۔ ہر کیل پر ایک بار سورہ فیل پڑھیں اور دم کرتے جائیں۔

پھر ان کیلوں کو کسی کانٹے دار درخت مثلاً کیکر، ببول وغیرہ پر ٹھوک دیں۔

جس بھی مقصد کی غرض سے پڑھ کر دم کریں گے اس پر بندش ہو جائے گی۔

نمبر2: عمل بندش

۞ زبان بندی، لڑائی کی بندش، مخالفت کی بندش سمیت ہر وہ چیز جس کا تعلق دماغ اور زبان سے ہے اسکو باندھنے کے لیے اکسیر اعظم عمل ہے۔۔

دن: منگل، بدھ، ہفتہ

ایک بکرے کی سیاہ سری لیجیے

7 عدد کیل لیجیے۔

پھر سورہ یسین پڑھیں۔

ہر مبین پر پہنچ کر 313 بار یہ آیت پڑھیں

وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

پھر ساتوں کیلوں پر پھونک ماردیں

اسی طرح ہر مبین پر یہ آیت 313 بار پڑھ کر ساتوں کیلوں کو دم کرتے جائیں

جب ساتوں مہینوں پر دم کرلیں تو سورہ یسین مکمل کر کے مقصد کے متعلقہ دعا مانگیں

اسکے بعد کیلوں کو بکرے کے سر پر ٹھوک دیں اور جس چیز کی بندش کرنی ہے اسکا مقصد ذہن میں رکھ کر 903 بار یاقابض پڑھ کر سری پر دم کریں

پھر بکرے کی سری کو سیاہ کپڑے میں لپیٹ کر قبرستان میں دفن کروادیں۔

جامع انداز سے بندش ہو جائے گی۔

نمبر 3: سخت ترین عمل بندش

❁ ایک بانس کا ٹکڑا لیں اسکو درمیان سے خالی کرلیں۔۔

41 عدد کالی مرچ کے دانے لیں۔

ہر دانے پر 33 بار سورہ فیل پڑھیں اور دم کریں جس چیز یا کام پر بندش کرنا ہو اسکا تصور ذہن میں رکھیں۔

اسی طرح 41 عدد دانوں پر 33,33 بار سورہ فیل پڑھ کر دم کرتے جائیں۔جب سارے دانوں پر دم کرلیں تو اسکو بانس کے ٹکرے میں ڈال دیں پھر دونوں طرف قبرستان کی مٹی بھر دیں۔

اُس بانس کے ٹکرے کو کسی ویران جگہ یا کسی پرانے درخت کے نیچے یا قبرستان میں دفن کردیں۔۔

اس عمل سے شدید سخت بندش قائم ہو جائے گی۔

نمبر 4: عمل بندش سخت

کسی ظالم و جابر سود خور مخالف کا کاروبار باندھنا۔

❁ اگر کوئی ایسا شخص ہو جو ظالم و جابر سود خور وغیرہ ہو اور اپنی بربریت سے مخلوق خدا کو نقصان پہنچاتا ہو تو سات یوم تک عشاء کے بعد کسی ویران جگہ بیٹھ کر کسی ذبح شدہ جانور کی ہڈی پر 99 بار سورہ فیل پڑھ کر دم کریں پھر ہڈی جلادیں جب پوری ہڈی جل جائے تو راکھ محفوظ کر کے رکھ لیں اسی طرح ہر دن ایک جگہ ایک وقت پر نئی ہڈی پر دم کر کے ہڈی جلا کر راکھ محفوظ کرلیں۔

❁ ساتویں دن ساری راکھ کو مکس کرلیں پھر اسکی سات عدد پڑیا بنالیں

پھر ایسے قبرستان جائیں جو غیر مسلموں کا ہو یعنی عیسائیوں کے قبرستان میں وہ سات پڑیا رکھ سات الگ الگ قبروں کے قریب دفن کر دیں۔

واپس آ کر سوا سات کلو گوشت صدقہ کر دیں۔

۞ یہ ایسا سخت عمل ہے جس کو کبھی بھی ناجائز نہ کیجیے گا اسکی رجعت آدھے گھنٹے میں ہو جاتی ہے۔۔۔

جائز جگہ عمل لگا دینے سے ان شاء اللہ ایک ہی دن میں ظالم و سود خود شخص کی حالت ابتر ہو جائے گی۔۔۔اسکا توڑ صرف اہل اشخاص کو ہی بتایا جا سکتا ہے۔

۞ چلیے پھر سب وقتاً فوقتاً ایکٹو رہیے گا۔ پہلے کم قوت کے اعمال پیش کروں گا پھر متوسط درجہ پھر انتہائی قوت کے اعمال۔

۞ شرائط یہی ہیں کہ میری اجازت کے بغیر عمل کہیں شیئر نہ کیجیے گا اور کسی کو تعلیم نہ کیجیے گا ساتھ ہر عمل کو بخوبی سمجھ کر کیجیے گا ان شاء اللہ کبھی عمل خطاء نہیں جاتا مگر ساتھ میرے بتائے اسباق معمول میں لازم رکھیں

ہزاروں منتر مندرے میرے علم میں ہیں مگر میرے نزدیک وہ سب فضول ہیں ان سے لگنے والی بندشیں اور انکی تاثیرات سب باطل ہیں وقتی ہیں انکا توڑ محض معوذتین سے ہی ہو جاتا ہے۔

اس سے خود اندازہ لگائیے کہ ان اعمال کی وقعت کیا ہو سکتی ہے۔

عمل ایسا ہونا چاہیے کہ اگر کوئی ایک بار کرے تو اسکا توڑ کرنے والے عامل کو لینے کے دینے پڑ جائیں۔

۞ بڑے سے بڑا مندرہ یا منتر خواہ کسی بھی مقصد کے لیے یوز کر کے دیکھ لیں اسکی قوت توڑنا چند منٹوں یا گھنٹوں کا کام ہے۔ جبکہ اعمال علوی کی قوت توڑنا چھوٹے موٹے عامل کی بس کی بات نہیں۔

۞ اس لیے مندروں منتروں کے پیچھے اپنا وقت ضائع مت کیجیے گا کیونکہ ان سے ٹکا بھی حاصل نہیں۔ روحانی قوت ضائع لازم ہوتی ہے۔

علوی اعمال کی خاصیت یہ ہے کہ مقصد مطابق اسکی قوت بڑھائی یا کم کی جا سکتی ہے۔

اسکی مثال ایسے ہے کہ میں اگر نوے دن لگا کر کسی پر بندش قائم کر دوں تو اسکو کھولنے کے لیے نوے دن نہیں بلکہ

نوے سال درکار ہوں گے۔

جبکہ کسی سفلی مندرے یا منتر سے خواہ پانچ ماہ لگا کر بندش یا کوئی بھی کام کیا جائے تو اسکی قوت توڑنے کے لیے زیادہ سے زیادہ اکتالیس دن کا علاج کافی ہوگا۔

❁ عملیات قوتوں کا کھیل ہے اس میں علم تکنیک صبر وتحمل اور دور اندیشی ہی کامیابی ہے۔

جس میں جتنی زیادہ قوت ہے وہ اتنا ہی بڑا شاہسوار ہوگا۔۔۔۔

آپ احباب کو جتنے بھی اعمال پیش کیے جائیں انکو محفوظ کرتے جائیے گا۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل بندش بذریعہ جنات

لوازمات

1) ایک عدد خوب تندرست بکرا جس کا رنگ سیاہ ہو۔

2) چار عدد موم بتیاں

3) ہینگ سات تولہ، جائفل سات تولہ، لوبان سات تولہ، سنگ یہود سات تولہ

4) ان سب اشیاء کو پیس کر بخور بنالیں

5) اونٹ کی دو عدد ہڈیاں جو ایک ہی سائز کی ہوں۔

طریقہ:

1) منگل کی شب شروع کریں جس شخص یا گروہ یا مخالف پر جس طرح کی بندش بھی قائم کرنا ہو اسکی تصویر پرنٹ نکلوائیں۔

2) پھر رات کے عین بارہ بجے تصویر کو زمین پر رکھ کر اسکے چار کونوں پر موم بتیاں رکھ کر روشن کریں۔

3) موم بتیوں پر یہ اسماء سوئی سے لکھیں

ارقیاطیوشِ ھطھطیوشِ شغغیوھارشِ

ہر موم بتی پر یہ اسماء سوئی یا پینسل سے لکھ سکتے ہیں۔

4) چاروں کونوں پر ایک ایک موم بتی رکھ کر روشن کریں۔

5) پاس بیٹھ کر سورہ یسن پڑھیں۔

ہر مبین پر پہنچ کر سورہ جن کی ابتدائی 5 آیات پڑھیں

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا (1) يَّهْدِيْ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ-وَ لَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَا اَحَدًا (2) وَّ اَنَّهُ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّ لَا وَلَدًا (3) وَّ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا (4) وَّ اَنَّا ظَنَنَّا اَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْاِنْسُ وَ الْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا (5)

پھر آگے سورہ یسن پڑھیں۔

6) اسی طرح سورہ یسین کی ہر مبین پر سورہ جن کی پہلی پانچ آیات پڑھتے جائیں جب سورہ یسین کی ساتوں مبینوں پر پڑھائی مکمل ہو جائے تو تصویر پر دم کر دیں یا اشارے سے پھونک ماریں تا کہ موم بتیاں نہ بجھ جائیں۔
عمل مکمل کر کے تصویر کو آگ لگا دیجیے۔

7) اسی طرح ہر روز مقررہ وقت پر بیٹھ کر نئی موم بتیوں پر طلسم لکھ کر یہی پڑھائی کیجیے ساتھ بخور جلائیں جو بنایا تھا۔

8) ساتویں دن بکرا بیمار ہو جائے گا

9) عمل مکمل کر کے بکرا ذبح کیجیے۔

10) بکرے کی سری، پائے اور کلیجی چلتے پانی میں بہا دیں گوشت فقراء اور مساکین میں تقسیم کر دیں۔۔۔
یہ ایسا قوی عمل ہے کہ جس کام کے لیے کیا جائے گا اسکا ہونا سو فیصد یقینی ہے۔۔۔

11) اونٹ کی ہڈیاں تصویر کے پاس رکھنی ہیں جب پڑھائی کر رہے ہوں۔ ساتوں دن بس تصویر کے قریب ہی رکھنی ہیں۔ جب بکرا ذبح کر لیں اور اسکے لوازمات پانی میں بہانے لگیں تو ساتھ ہی اونٹ کی ہڈیاں بھی بہا دیجیے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

بندش سفر

اگر آپ کسی کو سفر سے روکنا چاہتے ہیں تو اسم قطمیر کو ایک کاغذ کے درمیان میں میم کا دائرہ بڑا کر کے لکھیں اور اس میم کے جوف میں مطلوب کا نام لکھیں اور قطمیر کے ارد گرد یہ آیت دائرے کی شکل میں لکھیں۔

وَلَوْ أَرَادُوا الْخُرُوجَ لَأَعَدُّوا لَهُ عُدَّةً وَّلٰكِنْ كَرِهَ اللّٰهُ انْبِعَاثَهُمْ فَثَبَّطَهُمْ وَقِيْلَ اقْعُدُوْا مَعَ الْقَاعِدِيْنَ

اور پھر اس کو مطلوب کے بستر کے نیچے دفن کر دیں مطلوب سفر کا ارادہ ترک کر دے گا۔

حروف صوامت کیا ھیں؟ تعارفی بنیادی پوسٹ!

صوامت صامت کی جمع ہے جس کے معنی چپ گپ اور خاموشی کے ہیں۔ ابجد میں ان تیرہ حروف کو جو بے نقطہ ہیں حروف صوامت کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

یہ عقود کے امور میں کام آتے ہیں عقود جمع عقد کی ہے عقد کے معنی باندھنا کے ہیں۔ عقد اللسان، عقد النوم، عقد الشہوت، عقد النکاح، عقد الزنا کے علاوہ بہت سے ایسے کام ہیں جن کا تعلق عقود سے ہے وہاں ان حروف سے کام لیا جاتا ہے۔ باندھنا اور روکنا صرف انہیں سے ممکن ہے۔ انسانی ضروریات میں چوتھائی کام ان حروف سے کئے جا سکتے ہیں اساتذہ نے یہ تقسیم ابجد شمسی سے مقرر کی ہے کیوں کہ شمس سریع الاثر ہے نیز اس کی تاثیر ایک منٹ سے چوبیس گھنٹہ کے اندر ظاہر ہوتی ہے اسی لئے اساتذہ نے اسی سے کام لیا ہے مگر جو طلسمات یا نقوش وضع کئے جاتے ہیں وہ ابجد قمری کے حروف شامل کر کے تیار کرتے ہیں۔ ان کا استعمال نہایت سادہ اور آسان ہے علاوہ ازیں

دیگر اعمال بخورات ولوازمات سے تقریباً کوئی سروکار نہیں۔ان سے اعمال کسی گرہن، ہبوط قمر، یا قرآن شمس وقمر، یا تحت الشعاع میں تیار کرتے ہیں نقش عموماً خاکی رفتار سے لکھے جاتے ہیں اعمال کی تیاری کے وقت تنہا پاک و صاف جگہ جوخوب معطر ہو باوضو ہو کر تیار کرتے ہیں۔دوران تیاری عمل گفتگو منع ہے اگر کوئی مخاطب کرے تو خاموش رہیں۔ورنہ عمل باطل ہو جائے گا عمل تیار کرنے کے بعد سائل کو حسب توفیق شیرینی لیکر فاتحہ دلا کر معصوم بچوں میں تقسیم کرنے کی ہدایت کریں۔

صوامت کے تیرہ حروف یہ ہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ

زکوۃ کا طریقہ

❁ علمائے روحانیات و بزرگان نے بہت سے طریقے استخراج فرمائے مگر معروف طریقوں میں شمسی وقمری ابجدی طریقے کی زکات مشہور ہے۔

یہ علم از قبیل کرامات ہے یہاں یہ وضاحت بھی کر دیں کہ آپ اپنی زندگی کے اس مخدوش دور میں تمام جائز ضرورتمندوں کو ضرور فائدہ پہنچائیں لیکن غیر ضروری اور غیر شرعی امور کے لئے ان سے کام نہ لیں اور نہ ہی بات بات پر لوگوں کی زبان بندی، کاروبار کی بندش یا انہیں سزا دیں۔ہاں جب معاملہ سر سے گزر جائے تب بے شک ان سے اپنے تحفظ کا انتظام کریں ان سے فوری ضرورت کے اعمال ہر وقت تیار کئے جاسکتے ہیں بے شمار مقاصد کے لئے یہ سطور ہیں۔

❁ آدمی کا باندھنا، زبان بندی تا کہ مخالفت نہ ہو، چور باندھنا تا کہ چوری نہ کر سکے، کان باندھنا تا کہ سن نہ سکے، ہتھیار باندھنا تا کہ آپ کو نقصان نہ دے سکے، کھیتی باڑی باندھنا، کاروبار باندھنا، جہاز باندھنا تا کہ بندرگاہ میں داخل نہ ہو سکے، دودھ باندھنا، طلاق باندھنا، نکاح باندھنا، مار پیٹ باندھنا، سماع باندھنا، روح باندھنا تا کہ کسی انسان یا گھر میں داخل نہ ہو سکے، مشینری باندھنا، تبدیلی باندھنا، قبضہ باندھنا، حمل باندھنا تا کہ ساقط نہ ہو، ہمہ قسم کا نشہ باندھنا (شراب، ہیروئین، افیون، چرس وغیرہ)۔محبت میں خرد باندھنا، نیند باندھنا، انزال و احتلام باندھنا، باہر

رہنے والے کے قدم باندھنا، گھر شہر یا ملک کے باہر جانے والے کے قدم باندھنا، بواسیر باندھنا ایسے عظیم کام ان حروف سے ہی لئے جاسکتے ہیں جو صرف اعلیٰ قدر کی قوت رکھنے والوں کی کرامت ہوتے ہیں۔

یاد رہے سطر عمل تیار کرتے وقت نام مع والدہ کا استعمال ضروری ہے اس سے قبل کہ ہم وہ سطور بیان کریں بندش کے لئے عموماً فارسی کا لفظ بستم یا عربی کا عقد استعمال کرتے ہیں جس غرض یا مقصد کے لئے عمل کرنا مقصود ہو اس کی سطر انتہائی مختصر مگر جامع ہونی چاہیئے جو نفی و اثبات کی صورت کو بھی پورا کرتی ہو۔ طلسمی سطر قائم کرکے خود یا کسی دوسرے کو دینا مطلوب ہے تو استخراج شدہ عمل کے کاغذ یا لوح کو کسی اندھیری کوٹھری میں وزنی پتھر کے نیچے رکھیں تاکہ پورا بوجھ اس کاغذ یا لوح پر پڑے۔

1) اعمال زبان بندی: طالع برج جوزا، عقرب یا حوت ہو۔ قمر و زہرہ سعد نظرات رکھتے ہوں۔ دن بدھ اور عطارد کی ساعت ہو۔

2) جاری چیز کو باندھنا مطلوب ہے مثلاً احتلام باندھنا، خون بواسیر باندھنا، زنا وغیرہ تو قران قمر و زہرہ، یا زہرہ برج میزان یا ثور میں ہو یا قمر ہبوط میں ہو تو تیار کریں یا قمر و مریخ میں مقابلہ یا تربیع کا وقت بھی موثر ہے۔

3) قدم، قبضہ، مکان، جائداد، ملازمت یا طلاق باندھنا ہو تو ساعت زحل میں یا ہبوط قمر ہو

4) عقد و بستگی قوت مردانہ کو باندھنا مطلوب ہو تو طالع برج ثور ہو، زہرہ برج میں یا برج اسد کے درجہ پر ہو۔

5) قاطع اولاد و بانجھ پن پیدا کرنے کے لئے ہبوط قمر ہو، یا قمر و شمس کا قران ہو یا مریخ بحالت رجعت مغرب میں غروب ہو رہا ہو۔

بعض اعمال میں بعض منازل قمر بھی ان سے مخصوص ہیں

یاد رہے کہ غفرہ، زبانہ، برج میزان سے۔

الغائم برج قوس سے متعلق ہے۔

ہقعہ ،ہنفعہ اور زراعہ برج جوزا سے تعلق رکھتی ہیں۔

ان میں زراعہ طلسمات کا کام دیتی ہے یہی کام ہنفعہ سے بھی لیا جاسکتا ہے۔

علمی طور پر تو اتنی باریکیوں میں ضرور جانا چاہئے۔ ورنہ صرف ساعت ہی کام دیگی۔

❁ عطارد سے بندش کے اعمال کو نہ سمجھیں۔قمر و عطارد کی نظر یا صرف عطارد کی ساعت زبان بندی، جاری چیزوں کو باندھنے کے لئے ہے علاوہ ازیں عطارد کا تعلق نطق و تحریر سے بھی ہے اس طرح قمر و زحل کی نظر یا زحل کی ساعت میں قدم قبضہ ایسے امور کے باندھنے کے لئے ہے۔

❁ مشتری میں روپیہ پیسہ مال کی بندش کی جاتی ہے اسی طرح قمر پانی ،خون اور جاری اشیاء مثل بخار وغیرہ سے متعلق ہے۔

❁ زہرہ کا تعلق عورت سے ہے۔

❁ مریخ کا تعلق مرد اور اسلحہ اور اس سے متعلقہ اشیاء سے ہے۔

اس میں اسلحہ کو باندھا جاسکتا ہے تاکہ کوئی وار نہ کرسکے ،تلوار، توپ ، بندوق ، چاقو، چھری، سب اسی سے باندھتے ہیں۔

❁ شمس کا تعلق صحت سے ہے، نیز حکام اور امراء سے بھی ہے۔

❁ زحل زمین مکان قدم، قبضہ جائداد سے متعلق ہے۔

اسی طرح بعض اباجد بھی مختلف امور میں کام دیتی ہیں ان اباجد کے نقشہ جات اس وقت ہمارا موضوع نہیں مگر یہاں ضمناً بیان کئے دیتے ہیں تاکہ صاحب ذوق اور اہل علم حضرات کو یہ معلوم ہوسکے کہ یہ موضوع کتنا وسیع و دقیق ہے۔

☆ تعویذات اگر ہو چکے ہوں تو ان کے اثرات کو باندھنا

☆ قدیم دوست کی دوستی باندھنا تاکہ دوستی نہ رہ سکے

☆ قیدی کی قید باندھنا۔ ☆ آزاد کو قید کرنا۔

☆ عامل کا عمل باندھنا۔

☆ کیمیا گر کی کیمیا گری باندھنا

☆ بیماریوں کو باندھنا

☆ ماں باپ سے تعلقات کو باندھنا

☆ حاکم سے تعلقات باندھنا

☆ ملازمت باندھنا

☆ شراکتی امور باندھنا وغیرہ وغیرہ دیگر اباجد سے بھی ممکن ہے۔(اقتباسات مختلف کتب و جرائد)

عمل بندش بذریعہ علم الحروف

۞ علم الحروف میں بندشوں کی بہت ساری اقسام ہیں مگر علمائے روحانیات میں مقبول طریقہ حروف صوامت سے بندش لگانے کا ہے۔

۞ حروف صوامت کے بارے میں معروف محاورہ ہے کہ اس سے سوئی کی نوک سے لیکر جہاز کے پر کو بھی باندھا جاسکتا ہے۔

۞ حروف صوامت حروف تہجی کے وہ حروف ہیں جن پر کوئی نقطہ موجود نہیں۔

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ

ان حروف کو حروف صوامت کہا جاتا ہے۔

۞ یہ تیرہ حروف ہیں جو بندشوں کے سرتاج ہیں۔ان تیرہ حروف سے عاملین دنیا کا ہر کام لے سکتے ہیں۔

انکی زکات کے مختلف طریقے ہیں جو آسان بھی ہیں اور مشکل بھی۔

۞ حروف سے بندشیں لگانا ایک ایسا عمل ہے جو جنات کے لیے بھی مشکل ہوتا ہے۔یعنی حروف سے لگی بندش جنات بھی نہیں کھول پاتے یہ زاتی تجربہ ہے۔

۞ عمومی طور پر کئی کتب حروف صوامت پر یعنی ان تیرہ حروف پر منظر عام پر موجود ہیں مگر یہاں آپکو وہ اصول پیش کروں گا جن کی مدد سے آپ خالصتا ان حروف کی قوتوں سے کھیل سکیں گے۔

۞ کھیلنے کا لفظ میں نے اسی لیے یوز کیا ہے کیونکہ عملیات قوتوں کا ہی کھیل ہے۔اور قوت علم سے منسلک ہے جو جس

قدر علم جانتا ہو وہ ویسا ہی اچھا کھیل سکتا ہے یعنی اس میں قوت کو اجاگر کرنے کا ویسا ہی عظیم فن ہوگا۔

❁ سب سے پہلے حروف صوامت کی زکات پر بات کرتے ہیں۔

1) مروج طریقوں میں اسکی زکات کے طریقے یہ ہیں کہ چاند یا سورج گرہن کے وقت خاموشی کے ساتھ ان حروف کو کسی سفید کاغذ پر 543 بار لکھ کر خوشبو لگا کر سیاہ کپڑے میں باندھ کر زمین میں دفن کر دیں پھر روزانہ تیرہ بار انکو لکھتے رہیں۔

2) حروف صوامت کو تیرہ سال تک روزانہ تیرہ بار لکھیں زکات ادا ہو جائے گی۔

3) حروف صوامت کو تیرہ ماہ تک 543 بار لکھیں زکات کبیر ادا ہو جائے گی۔

4) حروف صوامت کو تیرہ دن تک روزانہ 543 بار لکھنے سے زکات صغیر ادا ہو جائے گی۔

5) حروف صوامت کو 90 دن تک 543 بار لکھنے سے زکات متوسط ادا ہو گی۔

اسی طرح مروج طریقے بہت سارے ہیں مگر میں ان میں سے کسی بھی طریقے پر مطمئن نہیں ہوں کیونکہ حروف کی قوت کا تعلق نسبت سے ہوتا ہے۔کسی صاحب نسبت سے اجازت لیکر استعمال کیا جائے تو تاحیات زکات و ریاضت کی ضرورت نہیں پڑتی۔

❁ زکاتوں پر مختصر میں نے عرض کر دیا ہے اب اس سے کام لینے پر آپکو کچھ معروضات پیش کرتا ہوں۔

حروف صوامت کے تیرہ حروف کے تعارف پر عرض کرتا ہوں کہ کونسا حرف کس نوعیت کا ہے

1.حرف: الف: غلبہ و تسخیر مظاہر قوت کا حرف ہے۔

2.حرف: ح: امور خیر قوت ضبط کا حرف ہے۔

3.حرف: د: حب و تسخیر کا حرف ہے۔

4.حرف: ر: تکریم انسانی، تونگری، غنا، ترقی رزق، حصول مال، ترقی نفع کثیر کا حرف ہے۔

5.حرف: س: سقوط قوت، عجز و انکساری پر لانے والا ، بندشوں کا حاکم اور انکی قوتوں کو کنٹرول کرنے والا حرف ہے، امن و سکون بھی اسکا خاصہ ہے۔

6.حرف: ص: قوت نطق قوت عقل و خرد فہم و فراست کا منبع، نفع کثیر کا مخزن حرف ہے۔

7.حرف: ط: شفائے امراض اور اصلاح احوال کا حرف ہے۔

8.حرف: ع: حب وتسخیر، جلالی امور میں بغض وعداوت اور جمیع امور جلالی اور اعمال شر کی کنجی کا حرف ہے۔

9.حرف: ک: حرف بست وکشادہ یعنی باندھنے اور کھولنے والا حرف ہے۔ترقی وعلم ومعرفت کے حصول کے لیے اکسیر صفت ہے۔

10.حرف: م: قوت وطاقت کا مظہر، ترقی وجلال کا حرف شان وشوکت عروج وترقی کا حرف ہے۔

11.حرف: و: حرف حب وتسخیر ہے۔

12.حرف: ھ: حرف عداوت وترک عادت اور قوتوں کو توڑنے والا حرف ہے۔

13.حرف: ل: ترقی وعلم کے حصول کے لیے اکسیر صفت ہے۔

❁ پوری حروف تہجی کے حروف پر ان شاء اللہ جدول پیش کردوں گا مگر یہ صرف حروف صوامت کے متعلقہ ایک پہلو سے جاننے کا جدول پیش کیا ہے جس سے جاننے میں آسانی ہوگی کہ ایک حرف کی قوت کس کس امر میں مداخلت وتصرف کرسکتی ہے۔

❁ اب جن لوگوں نے حروف صوامت کو پہلے پڑھا یا جانتے ہیں انکے لیے حروف صوامت کا دائرہ وسیع ہوگیا کیونکہ انکے علم میں یہ آگیا کہ کس حرف کا کیا کام ہے۔

اس نظریے سے دیکھیں تو تیرہ حروف صوامت سے کام لینے کے تیرہ ہزار طریقے ہیں۔

کام لینے کے طریقوں پر بات کرتے ہیں۔

❁ سب سے پہلے جو عام مروج طریقہ ہے اس میں یہ کیا جاتا ہے کہ ایک مقصد کی عزیمت (عبارت) بنائی جاتی ہے پھر اُس عبارت کے حروف کو بسط حرفی (الگ الگ حروف کی شکل میں) لکھا جاتا ہے۔جتنے حروف مقصد کی عبارت کے ہوں اُتنے ہی حروف صوامت نیچے لکھے جاتے ہیں پھر ایک حرف صوامت اور ایک حرف مقصد کی عبارت کا ملا کر آپس میں جوڑتے جاتے ہیں دو دو یا چار چار حروف کا جملہ بناتے جاتے ہیں وہ جملے طلسم کہلاتے ہیں اور جملے ملانے کو امتزاج کہا جاتا ہے۔

بس وہ طلسمات یوز کیے جاتے ہیں جن سے بندش قائم ہوتی ہے

اسکی ایک سادہ مثال بیان کر کے دکھاتا ہوں۔

ہمارے مقصد کی عبارت یہ ہے کہ

زید بن بکر کا سر درد بند ہو

اسکو بسط حرفی کیا تو اس طرح لکھا جائے گا۔

ذ ی د ب ن ب ک ر ک اس ر د ر د ب ن د ھ و

اب ان حروف کو گنا تو اسکی تعداد بنی 20 حروف۔

اب نیچے بیس حروف ہی صوامت کے لکھے مثلا

اح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ اح د ر س ص ط۔

اب ایک حرف نیچے سے صوامت کا اٹھایا اور دوسرا اوپر مقصد کی عبارت کا اٹھایا ان دونوں کو ملا کر طلسم بنانا ہے مثلا

اذ ی د د ر ب سنصب طلعر کک لا مسو ر ہدا رحد د ب رنسد صھطو

یہ چار چار حرفی طلسم حروف صوامت کا طلسم بن گیا۔

❁ اس مثال سے سب کو سمجھ آ گیا ہوگا کہ کس طرح حروف صوامت کے ساتھ مقصد کی عبارت کو امتزاج دیا جاتا ہے۔ اب میں گروپ میں ایک مقصد کی عبارت پیش کرتا ہوں جو جو احباب فری ہیں وہ اسکا طلسم بنا کر دیجیے پھر آگے چلوں گا تاکہ مجھے علم ہو سکے کہ احباب کو بنیادی طریقہ سمجھ آ گیا ہے۔

❁ یہ جو طریقہ پیش کیا گیا تھا یہ عام کتب رسائل و جرائد میں بھی موجود ہے اس سے بندش 13 فیصد ہی لگ سکتی ہے۔ یعنی سو میں سے تیرہ فیصد چانس ہوتے ہیں کہ بندش کام کرے گی۔

کیونکہ تیرہ حروف کی قوت کو یکجا کر کے مقصد پر غالب کرنا ہر ایک کے تصرف میں نہیں ہوتا۔

❁ بندشوں کے سلسلے میں ایک راز کی بات عرض کرتا چلوں کہ علم العزائم یعنی عزیمت بنانے کا علم سب سے اہم ہے۔ عزیمت روح عمل ہوتی ہے۔ عزیمت ہی اصل اساس ہوتی ہے جس پر بندش نے کام کرنا ہے تو جب بھی حروف صوامت سے کوئی بندش کا علم بنائیں تو ان چند چیزوں کا دھیان لازم رکھیں:

1) مقصد کی عبارت میں جو حاجت ہو اسکو مختصر مگر جامع لکھیں۔

2) عزیمت بناتے وقت کوشش کریں کہ عزیمت کو عربی یا فارسی میں بنائیں۔

3) عزیمت میں نقطوں والے حروف کم سے کم استعمال کریں۔

4) عزیمت میں اپنے مقصد کا خلاصہ جامع انداز سے لکھیں کہ کس چیز پر بندش لگانی ہے اور کس چیز کی بندش لگانی ہے

5) عزیمت میں دیھان رکھیں کہ نفی اور اثبات یعنی ہاں اور نہ دونوں ہونے چاہیے۔

❁ آپ سب نے عمومی طریقہ سیکھ لیا کہ مقصد کی عبارت کو کس طرح حروف صوامت سے امتزاج دیکر طلسم بناتے ہیں۔

اب چلتے ہیں مخصوص طریقے کی طرف

حروف صوامت بنیادی طور پر تیرہ ہیں یعنی

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ھ

انکو حروف صوامت کہتے ہیں لیکن علماء روحانیات ان حروف کو حروف بست وکشادہ کہتے ہیں۔

کیونکہ ان سے بندشیں لگتی بھی ہیں اور کھلتی بھی ہیں۔

❁ سارے حروف صوامت کو اگر ملفوظی لحاظ سے دیکھیں تو یہ صامت یعنی نقطے والے نہیں بلکہ اکثر حروف نقطے والے ہیں۔ جیسا کہ

الف: سین: عین: کاف: میم:

جبکہ ان میں آٹھ حروف صامت در صامت ہیں

حا دال را صاد طا لام واو ھا

ح د ر ص ط ل و ھ

یہ حروف صامت در صامت ہیں۔

اصل بندش کی قوت ان میں ہے۔

اس میں ع ک م حرف بست وکشادہ ہیں یہ بندش لگانے اور توڑنے دونوں کے کام آتے ہیں۔

❁ اب حروف صوامت کا سب سے بڑا اور طاقتور ترین نکتہ آپکی خدمت میں پیش کرنے جا رہا ہوں امید ہے

اسکی قدر فرمائیں گے۔

1) جب کوئی بندش لگانا ہو تو سب سے پہلے مقصد کی عبارت/عزیمت بنائیں

2) پھر اسے بسط حرفی کر کے گن لیں کہ کتنے حروف ہیں اُتنی بار حروف صامت درصامت یعنی ح د ر ص ط ل م و ھ لکھیں

3) پھر انکو آپس میں امتزاج دے دیں۔

4) اُس امتزاج کے بعد طلسمات پانچ پانچ حروف کے بنائیں۔

❁ وہ طلسمات بندش کے لیے اکسیر اعظم ہوں گے جس چیز کے لیے بندش بنائی گئی ہو گی چند ہی گھنٹوں میں اسکا نتیجہ نکل آئے گا۔

❁ یہ بندش تب بنائیں جب کھولنا نہ ہو یعنی جس کو مستقل باندھنا ہو اسکے لیے اس عمل کو کیجیے۔ کوئی حرف و امتزاج کی غلطی نہ ہو تو یہ عمل پتھر پر لکیر کی طرح اثر ظاہر کیے بنا نہیں رہتا۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

بندش لگانے کی کچھ عزیمتیں

سر درد باندھنا

بستم سر درد فلاں بن فلاں

خون جاری ہونے سے حمل گرنے کا خطرہ ہو تو بندش اس کی بنائیں

عقدالدم رحم والحمل لا یدموا

دو فریقین آپس میں زنا کرتے ہوں تو انکو باندھنا

عقدالزناء مابین فلاں و بین فلاں لا تنزنی ابدآ

میاں بیوی کو مزید اولاد نہ چاہیے ہو تو اسکو باندھنا

ضبط نطفہ فلاں بن فلاں حمل قرار نہ یابد

کسی کا عہدہ یا تبدیلی ملازمت باندھنا

بستم ملازمت فلاں در دفتر فلاں نہ تبدیل دفتر نہ عہدہ

حمل کو ساقط ہونے سے باندھنا کہ ساقط نہ ہو

عقدالساقط الحمل فلاں لا السقد والسقط

کسی کی مجامعت باندھنا

عقدالتعلق زن وشو لا مجامعت ابدا

محبت میں عقل وخرد باندھنا

عقد العقل والخرد فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فہم لا یعقلون

کسی بندے کو کسی جگہ جانے سے روکنا

بستم قدم فلاں بسوئے خانہ خانہ فلاں تا نتواند رسد

دو افراد کے درمیان محبت کو ختم کرنا

بستم رغبت دل فلاں در محبت فلاں تا محبت نہ شود

گھر سے باہر رہنے والے کے قدم باندھنا

بستم قدم در ایں مکاں فلاں بن فلاں بیرون قرار نہ یابد

مخلوق کی زبان بندی کرنا

عقد السان کل مخلوق معلوم وغیر معلوم فی حق فلاں

کسی مرد یا عورت کا رشتہ مخصوص جگہ باندھنا کہ اُس کے علاوہ کہیں نہ ہو سکے

بستم نکاح ونسبت فلاں ماسوائے فلاں

شراب پینے کی عادت باندھنا

بستم عادت شراب نوشی فلاں بن فلاں ترک شراب ابدا

گھر زمین یا مکان کا قبضہ باندھنا کہ کوئی قبضہ نہ کر سکے

بستم دوکان/گھر/ زمین فی حق مقبوضہ فلاں تا طلب خالی کردن نہ کنند

دو افراد کے درمیان محبت باندھنا

بستم قلب فلاں در محبت فلاں فلاں تا رجوع نہ کنند

دو افراد کے درمیان عشق و تعلق باندھنا

بستم عقد التعلق عاشقی فلاں مابین فلاں لاتنزنی

کسی کی زبان بندی کرنا

بستم زبان در غرض وحق فلاں کبھی خلاف نہ بولے

میاں بیوی کے درمیان لڑائی بدزبانی باندھنا

ختم اللہ علی قلوبھم وعلی ابصارھم فلاں فی المحبت والمودۃ فلاں

کسی کو اپنی محبت میں باندھنا

عقد العقل والخرد وہوش وحواس ظاہری و باطنی قلب و دماغ دست وچشم لب وگوش زبان و بینی و شش وشصت رگ بدن فلاں بن فلاں فی غرض وحق فی المحبت والمودۃ فلاں بنت فلاں

کوئی لڑکا یا لڑکی بضد ہو کسی جگہ رشتہ کروانے کے لیے تو انکا رشتہ باندھنا کہ انکا نکاح ورشتہ نہ ہو سکے

بستم نسبت ونکاح فلاں بن فلاں مابین فلاں بنت فلاں تا درمیان ہر دو را نسبت ونکاح ہرگز ہرگز نہ شود

اب جامع انداز سے طریقہ ملاحظہ فرمائیں

1) سب سے پہلے مقصد کی عبارت بنائیں۔

2) پھر اسے بسط حرفی (الگ الگ حروف بنائیں) کریں

3) پھر جتنے حروف آپکی عبارت کے ہوں اتنے ہی حروف صامت در صامت لیں۔

4) اسکے بعد انکو امتزاج دیں اور پانچ پانچ حرفی طلسم بنائیں۔

یہاں تک کام ہوگیا۔

5) اب اگلا مرحلہ یہ کریں کہ جو طلسمات بنائے ہوں وہ ابجد قمری میں ڈال کر ان سب کے اعداد نکالیں اور مثلث خاکی چال سے پُر کر دیں۔

6) پھر نقش کے چاروں طرف ایک ایک بار وہ طلسم لکھیں جو بنائے تھے۔

اس طرح ٹوٹل چار عدد نقوش بنالیں

7) انکو موم جامہ کر کے بند کرلیں

1: ایک نقش کو وزن کے نیچے دبا دیں

2: دوسرے نقش کو نمی والی مٹی میں دبا دیں

3: تیسرے نقش کو کسی درخت سے باندھ دیں

4: چوتھے نقش کو گرم جگہ رکھ دیں۔

جس کام کے لیے آپ نے نقش بنایا ہوگا ان شاء اللہ چند ہی گھنٹوں میں اس میں تحریک دیکھنے کو مل جائے گی۔

اسکی مثال یوں ہے۔

مقصد عبارت:

ذید بن بکر کا دل و دماغ ھوش و حواس بستم شود فی حق و غرض احمد بن علی کے خلاف ایک لفظ نہ بول سکے۔

اب اسکو بسط حرفی کیا تو اس طرح ہوگا۔

ذ ی د ب ن ب ک ر ک ا د ل و د م ا غ ھ و ش و ح و ا س ب س ت م ش و د ف ی ح ق و غ ر ض ا ح م د ب ن ع ل ی ک ے خ ل ا ف ا ی ک ل ف ظ ن ہ ب و ل س ک ے۔ 70 حروف بنے۔

اب نیچے ستر حروف ہی صوامت درصوامت لکھیں گے۔

ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل و ھ ح د ر ص ط ل.

اب انکو امتزاج دیں گے۔

امتزاج کا قائدہ یاد رکھیں پہلا حرف نیچے سے لینا ہے دوسرا حرف اوپر سے۔ پھر پانچ پانچ حروف ملا کر انکے طلسمات بناتے جائیں گے

جوکہ یہ بنیں گے۔۔۔

حذدیرد صبطن لبوکھ رحکد اردصلط ولدوم ھاحغد ھروصش طولحو وھاحس دبرسص تطملش ووھدح فدیرح صقطول غورھض حادحر مصدطب لنوعھ لحیدک رےصخظ للاوف ھاحید کرلصف طظلنو ھھجو دلرسص کطے۔۔

اب ان طلسمات کے اعداد قمری ابجد سے نکالیں گے

جوکہ بنتے ہیں

10809

اب جو اعداد قمری ابجد سے نکالے ہیں ان کو مثلث خاکی چال سے پر کریں گے۔

❁ ایک نقش کے گرد چار بار لکھیں یعنی ایک بار اوپر ایک بار نیچے ایک بار دائیں ایک بار بائیں۔ اس طرح ایک نقش تیار ہوگا اسی طرح ٹوٹل چار نقوش تیار کرنے ہیں۔

یہ بندش کے اکسیر اعظم نقش ہیں۔ جس پر اس طرح سے بندش قائم کر دیں گے ان شاءاللہ کوئی نہ کھول سکے گا۔

طریقہ بندش حروف صوامت

اگر کوئی بندش لگانا مقصود ہو تو ان اوقات میں بندش کے اعمال کرنے چاہیے،

1. قمر در عقرب میں
2. چاند یا سورج گرہن میں
3. ہفتہ و منگل یا بدھ کو
4. محبت کے اعمال سوموار یا جمعہ کو کریں
5. ترقی فتوحات مرتبہ بلندی کے اعمال اتوار کو کریں
6. رزق وغیرہ کے اعمال جمعرات کو

❁ ساعات میں اہم ساعات یہ ہیں۔

1. محبت و عشق وغیرہ کے اعمال مشتری یا زہرہ کی ساعت
2. زبان بندی و دماغ بندی کے اعمال مریخ زحل یا عطارد کی ساعت میں
3. روحانی معاملات میں بندش وغیرہ قمر کی ساعت میں

بندش کا طریقہ

اگر کوئی مخصوص کیس آجائے جس میں رزلٹ جلد لینا مقصود ہو تو سب سے پہلے کیس کی نوعیت دیکھیں۔

❁ حب کے کیسز چاند کی دو تاریخ سے دس تک کریں

❁ علاج معالجہ گیارہ سے لیکر بیس تک

❁ اور اعمال شر بغض و عداوت بیس سے لیکر تیس تک کریں۔

بندش بنانے کا ایک جفری طریقہ عرض کرتا ہوں

❁ سب سے پہلے مقصد کی عزیمت/عبارت بنائیں اسکے بعد اسکو ان حروف سے امتزاج دیں

احدلررسصصططعکللموهه

جب امتزاج دے لیں تو اسکو سات سات حروف پر مشتمل طلسم بنا کر الگ رکھ لیں۔

❁ اسکے بعد دوبارہ سے مرکزی عبارت/عزیمت کو حرف (ط) کے ساتھ امتزاج دیکر سات سات حروف کے طلسمات بنا کر الگ رکھ لیجیے۔

❁ اب ٹوٹل آٹھ تعویز بنانے ہیں۔

❁ چار تعویز حروف صوامت سے امتزاج کے طسلمات کے۔

❁ اور چار تعویز حرف ط سے جو امتزاج دیکر طلسمات لکھے تھے انکے بنانے ہیں۔

یہ عمل انتہائی جلالی بن جائے گا۔

❁ اس طرح جوڑے بنالیں یعنی ایک حرف ط کے طلسمات والا اور ایک صوامت کے امتزاج والا نقش

چار جوڑے بن جائیں گے۔

1: ایک جوڑا نمی والی جگہ دفن کردیں

2: دوسرا جوڑا تیس کلو سے زائد وزنی شے کے نیچے دبا دیں

3: تیسرا جوڑا درخت کے ساتھ باندھ دیں

4: چوتھا جوڑا یا سائل کو پاس رکھنے کو دیں یا کسی گرم جگہ کے قریب رکھ دیں

❁ سائل کو کہیں کہ باجرہ اور چینی مکس کرکے آبی جانوروں کو صدقہ کرے۔

❁ ان شاء اللہ چند ہی گھنٹوں میں عمل کا اثر ظاہر ہونا شروع ہو جائے گا۔

عمل خاص زبان بندی

✿ زبان بندی کے لیے حروف صوامت کا خاص الخاص ایک عمل یاد آیا وہ نوٹ کر لیں۔

قمر درعقرب ہو، چاند یا سورج گرہن ہو یا کوئی بھی نحس نظر بن رہی ہو تب یہ عمل کریں پتھر پر لکیر کی طرح کام کرے گا۔

1) سیسہ چاندی اور تانبہ پگھلا کر ایک چار انچ لمبی چار انچ چوڑی تختی بنوائیں۔

2) عین مرکزی وقت میں اس پر مربع آتشی چال سے یہ حروف لکھیں

حرطه صادولك مسع

3) نقش کے چاروں طرف آیت لکھیں:

وَجَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ أَيْدِيهِمْ سَدًّا وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَأَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ

4) اس لوح کی پشت پر یہ حروف چار کونوں کی طرف لکھیں

احمدك صل عروس طه

5) درمیان میں یہ عزیمت لکھیں

بستم بستم بستم زبان وکلام عقل وفہم جمیع مخلوقات جن وانس فی حق غرض فلاں بن فلاں (اسکا نام مع والدہ لکھیں جس کے لیے لوح بنا رہے ہیں)

✿ یہ ایسی پتھر توڑ زبان بندی کی لوح بن جائے گی کہ جس کے لیے بنائی ہوگی اسکے مخالف کوئی ایک لفظ بھی نہیں بول سکے گا۔ جب بھی کوئی اسکی مخالفت کرنا چاہے گا مخالف کو ذہنی کمزوری ہو جائے گی۔

✿ اس لوح معظمہ کی قوت بہت طریقوں سے بڑھائی جا سکتی ہے مگر یہ طریقہ تعلیم کرنا ہی کافی ہے کیونکہ مقصد صرف زبان بندی ہی ہے۔

✿ دھاتوں کو ذہن نشین رکھیں کہ بہت سی دھاتوں کا تعلق انسانی جسم، روح اور سات بروج سے ہوتا ہے۔ جب قائدے کے مطابق ان پر کوئی عمل استخراج کر دیا جائے تو وہ کبھی فیل نہیں ہوتا۔

عمل بندش کامل برائے مخالف

اس عمل سے زبان ہی نہیں پورا مخالف بندھ جاتا ہے

بستم بستم بستم دل و دماغ ھوش وحواس بستم عقل وفہم بستم خرد و دھن بستم علم وعمل بستم ادراک وخیال بستم توجہ و حال بستم بستم زبان وکلام و دھن بستم تین سوساٹھ اعضائے رگ و ریشہ (مخالف کا نام مع والدہ یا والد لکھیں اگر والدہ والد کا نام نہ پتہ ہو تو مکمل تعارف لکھیں مثلاً۔ ذید بن بکر ایڈوکیٹ ہائیکورٹ لاہور فلاں گلی فلاں چیمبر) فی حق وغرض فلاں بن فلاں (اپنا نام مع والدہ) کے خلاف ہرگز ہرگز ہرگز نہ بول سکے و کچھ نہ کر سکے بحق اھرطال حطسام کلطی صدعوحرطہ صادولک مسع وبحق احمدک صل عروس طہ وبحق ھرطوس ھرطوس ھرطوس طھرطھوس طھاساروس سھاروس

1) اسی عبارت کو ان حروف کے ساتھ امتزاج دیں

ح درص طل وھ

2) جب امتزاج دے لیں تو پھر پانچ پانچ حروف کا طلسم بنالیں۔۔۔

ساری عبارت کے طلسمات بن جائیں

3) اُن طلسمات کے اعداد شمسی ابجد سے نکالیں پھر اس کو مثلث آتشی میں پُر کر دیں۔

4) اب مثلث نقش تین الگ الگ کاغذوں پر لکھیں جب یہ کام کرلیں۔

5) تو اگلا کام یہ کریں کہ تین کاغذوں پر جو مثلث بنائی تھی اسکے اوپر نیچے ان طلسمات کو لکھ دیں۔

6) تعویز بنا کر موم جامہ کرلیں

ایک نقش زمین میں دفن کر دیں۔

دوسرا نقش وزن کے نیچے رکھ دیں۔

تیسرا نقش بوتل لیں

اس پر اندر بجری و سیمنٹ بھریں درمیان میں تعویز رکھیں پھر دوبارہ بجری سیمنٹ بھریں جیسا کہ اکثر دیواروں کو

بھرنے کے لیے کیا جاتا ہے۔اب اُس بوتل کو زمین میں گہرا کرکے دفن کردیں۔

❁ بس عمل مکمل شود۔۔۔۔۔

یہ عمل شدید سخت ترین ہے بلا عذر شرعی نہ کریں۔

بندش عورت

بِمَائِلُ	آسَائِلُ	دَکَائِلُ
	رَصَائِلُ اعقدوا فرج (کذاوکذا) عن (کَذَاوکَذَا)	
مَعْیَائِلُ	بَذَائِلُ	جَبَائِلُ

❁ جس عورت کو بندش لگانی ہو کہ کوئی مرد اس پر قادر نہ ہو سکے تو اس کے لئے عورت کا کپڑا حاصل کریں نہیں تو کاغذ پر مندرجہ بالا طلسم کو کالی سیاہی سے زحل ساعت میں لبان اور گوگل کا بخور روشن کر کے لکھنا ہے پھر اس پر عزیمت 21 بار پڑھنی ہے پھر اس عورت کی چوکھٹ یا کسی ایسے راستے پر دفن کریں جہاں سے عورت اسی کے اوپر سے گزر کے جائے پھر اس کے بعد اس کو وہاں سے اٹھا کر پرانی قبر میں دفن کر دیں۔

عزیمت یہ ہے:

دَکَائِلُ بِمَائِلُ رَصَائِلُ جَبَائِلُ مَعْیَائِلُ بَذَائِلُ آسَائِلُ تَوَکَّلُوْا یَا خُدَّامُ هٰذِهِ الْاَسْمَاءِ وَاعْقُدُوْا فَرَج کَذَا کَذَا (عورت کا نام) عَنْ جَمِیْعِ الرِّجَالُ وَاَنْ تُغَوِّرُوْهَا تَغْوِیْرًا

بندش مرد

اگر کسی مرد کی بندش لگانی ہو کہ وہ عورت پر قادر نہ ہو سکے تو مندرجہ ذیل کو لکھ کر اس کے گھر میں دفن کر دیا جائے۔ نحس وقت اور دن میں:

فما استطاعوا ان یظھروہ وما استطاعوا لہ نقبا قال ھذا رحمۃ من ربی فاذا جاء وعد ربی حقا ککککک لہ ع ر ح ع م م ہ لعاد

عمل برائے بندش

یہ لوح موت کے علاوہ ہر حاجت کیلئے

یعنی اسم اعظم کی لوح معظمہ

یہ لوح بہت زیادہ جلالی ترین اور خاص الخاص ہے اسکا بنیادی کلیہ اور پس منظر یہ ہے کہ جنات نے اسکو مرتب کیا تھا اور علمی اعتبار سے یہ لوح معظمہ محمد بن قاسم سمیت بڑے بڑے امراء و وزراء بادشاہوں کی حرز خاص رہی ہے۔

اپنی اصل شکل میں یہ لوح معظمہ کہیں بھی موجود نہیں ہے بہت سے محققین و کتب میں اسکو کئی اشکال میں دیا گیا

ہے بزرگان دین نے از خود اسکو پوشیدہ کر دیا تھا کیونکہ اسکی تاب لانا ہر ایک کے بس کی بات نہیں۔

❁ ابوالعباس بونی ؒ امام سیوطی سمیت بڑے بڑے جید محققین نے اس لوح معظمہ کو خاص رکھا۔ یونانیوں کے پاس اپنا بہت علم ہے مگر قدیم یونانیوں نے اس لوح معظمہ پر اپنے علوم کے قواعد سے۔ بہت بڑے بڑے فائدے اٹھائے ہیں۔

ایکو اصل بات بتاتا ہوں کہ یہ لوح معظمہ بندش کی نہیں بلکہ موت کے علاوہ ہر حاجت کی ہے۔ یعنی اسم اعظم کی لوح معظمہ ہے۔ اس پر حجاب در حجاب سر الاحجاب طلسمات جنات مومنین ہیں

❁ اب طریقے پر منحصر ہے کہ جس بھی طریقے سے اسکو یوز کیا جائے اس سے وہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے

❁ آپ لوگوں میں اکثر معالج ہیں اس لیے اسکے حتی الامکان وہ طریقے اور راز کھول دیتا ہوں جس کی اجازت ہے۔ ورنہ یہ ایک لوح معظمہ ہی ہزاروں عملوں اور عاملوں سے بھاری ہے

پہلا مرحلہ

❁ دنیائے عملیات میں کسی بھی عمل کی قوت کو بڑھانا ہو تو اسکے ساتھ یہ لوح معظمہ دے دی جائے یا جس نقش تعویز طلسم کا اثر آگ کرنا ہو یعنی برق رفتار کرنا ہو یا شدید کرنا ہو تو اسکی پشت پر یہ لوح معظمہ بنا کر دی جائے عمل گولی کی طرح اثر کرے گا بعض اوقات ایسا سخت کہ برداشت ہی نہیں ہو پائے گا۔

❁ اب اس سے اشارہ سمجھ جائیں۔ حب بعض بندش عداوت علاج معالجہ تحفظ حفاظر حصار حجاب خواہ کچھ بھی ہو۔ اسکی قوت کو سینکڑوں سے ہزاروں۔ ہزاروں سے لاکھوں اور لاکھوں سے لامحدود گنا تک بڑھانے کا بہت خاص الخاص فارمولا ہے۔ سینے کا راز اپ سب کے لیے نثار ہے

اگلا مرحلہ

❁ جب اس لوح معظمہ کو کسی خاص مقصد کے لیے بنائیں تو نیت کا عمل دخل ہوتا ہے۔ اس لوح میں کوئی ترمیم نہیں کرنی بس نیچے مقصد لکھ کر دے دینا ہے۔

❁ بہت سے احباب اسکی چال کے بابت پوچھیں گے تو عرض ہے کہ سر الاحجاب کی کوئی چال نہیں ہوتی انکا اثر

نسبت و اجازت سے ہی ہوتا ہے ورنہ نہیں۔ اس لیے جیسے چاہیں جہاں سے چاہیں لکھنا شروع کریں اثر ہونا پتھر پر لکیر ہے۔

منسوبات جو تجربات و علمی اعتبار سے کامل ہیں وہ لکھ دیتا ہوں

❁ ہمہ قسم کی تسخیر عوام و خاص رعب و دبدبہ، ہیبت، جلال و قوت غلبہ اور مدارج میں ترقی کے لیے اسکا منسوب شمس اور دھات سونا ہے خالص سونے کی ڈیڑھ تولہ تختی پر بنا کر دیں جو افوڈ کر سکتا ہو پھر دیکھیں دیکھتے ہی دیکھتے کیسے اس کے نام کا طوطی بولتا ہے

❁ اب اس دور میں سونا مہنگی دھات ہے تو اسکے متبادل سنہری کاغذ جو بھاری ہو اس پر زعفران سے بنا سکتے ہیں۔

❁ شفاء امراض کے سلسلہ میں قمر اسکی دھات چاندی ہے

کسی کو روحانی جسمانی نفسیاتی کسی طرح کا بھی مرض ہو اسکو سوا چار تولہ چاندی کی دھات پر بنا کر دیں۔ ہر روز عصر اور فجر کے بعد پانی میں ڈال کر دس منٹ رکھے پھر پانی پی لے۔

ان شاء اللہ بیماری دور ہونا الگ مرحلہ ساتھ قوت دن بہ دن اتنی ہوتی جائے گی کہ دوبارہ بیماری پیدا ہی نہیں ہوتی بشرطیکہ آزمائش یا عذاب نہ ہو۔

❁ چاندی پر نہ بن سکے تو آسمانی رنگ کے کاغذ پر نوے دن تک ہر روز نئی لکھ کر پلائیں۔

❁ باقی سب اہل علم ہیں جانتے ہیں کس سیارے کی منسوب دھات کونسی ہے بس اسی مطابق حاجت جیسی بھی ہو اس دھات یا کاغذ پر لکھ دیں پاس رکھنے کو۔ اگر مرض ہو تو پینے کو۔ ان شاء اللہ ایسے عجائب و غرائب معاملات سامنے آئیں گے کہ عقل حیران رہ جائے گی۔

اب میں آپ سب کو آخر میں ایک خاص الخاص تحفہ بتاتا ہوں اسی کے متعلقہ

❁ اگر کوئی آپکا بہت خاص الخاص بندہ ہو جس پر ہر طرح سے دنیوی دینی روحانی نفسیاتی اعتبار ہو کہ بندہ برا نہیں ہے سب سے پہلے تسلی کریں یعنی اپکو اس پر قلبی اطمینان ہو جائے۔

پھر اسکو یہ لوح معظمہ بنا کر دے سکتے ہیں۔

شرف قمر شرف شمس شرف زہرہ تثلیث قمر و عطارد تثلیث شمس و زحل رجعت زحل اوج زہرہ عطارد مریخ

❁ یہ وہ اوقات ہیں جو اکثر تھوڑی دیر بعد مل جاتے ہیں۔

حساب کر کے دیکھ لیں کہ کب وقت میسر ہو رہا ہو۔

❁ جس بندے کے لیے لوح بنانی ہو اسکے جمیع مسائل سنیں۔ دنیوی دینی روحانی معاشی جسمانی نفسیاتی الغرض موت کے علاوہ کوئی بھی مسلہ ہوان سب کو ابجد شمسی میں لکھتے جائیں۔

❁ سب مسائل کے اعداد نکال کر الگ لکھ لیں

❁ پھر اس میں 8367492 اعداد جمع کر لیں۔ اب جو حاصل شدہ اعداد ہیں ان سے مربع آتشی چال میں نقش لکھ کر الگ رکھ لیں نقش کے چاروں طرف یہ اسماء لکھیں۔

هطحشهورش ططططلحح سزاعيو لزرعي جوسا يتصوما منوعا حي قيوما

❁ چاروں طرف ایک ایک بار لکھ لیں

❁ یہ رف کام وقت آنے سے پہلے کر لیں۔

❁ اب کسی خرادیے یا سنار کے پاس از خود بیٹھیں اور کامل دیھان رکھیں کہ سنار کوئی چول نہ مارے خالص ترین دھاتیں یوز کرے۔

1) سوا چار تولہ چاندی پگھلا کر الگ رکھ لیں
2) ایک تولہ گولڈ الگ پگھلا کر رکھ لیں
3) ایک رتی سیسہ پگھلا کر الگ رکھ لیں
4) ایک رتی پیتل الگ رکھ لیں
5) ایک رتی تانبہ الگ پگھلا کر رکھ لیں

❁ اب ان سب دھاتوں کو الگ الگ رکھیں

❁ ہر دھات پر باوضو 196 بار یہ حروف مقطعات پڑھیں

الم طسم المص الر حم عسق یا مستطیعُ

❁ ایک دھات پر دم کر کے سنار کو کہیں کہ وہ مکس کر دے
❁ پھر اگلی دھات پر دم کریں پھر مکس کروا دیں اسی طرح ہر دھات پر پڑھ کر دم کرتے جائیں اور مکس کرتے جائیں۔
❁ جب ساری دھاتیں مکس ہو جائیں تو اگلا کام یہ کریں فوری دھات کو عرق گلاب میں بھگو دیں۔
❁ اسکو پاس گھر لے آئیں کسی پاکیزہ برتن میں رکھیں ہر دن فجر کے بعد پہلی ساعت میں اس پر سورہ طه اور سورہ زلزال پڑھیں ایک ایک بار پڑھ کر دم کرتے جائیں۔
❁ ساتویں دن اس دھاتی تختی پر سب سے پہلے آج والی لوح لکھیں اور بیک پر وہ نقش لکھیں جو پہلے سے بنا کر رکھا ہوا تھا۔
❁ بس کام ختم شود۔اسکو زعفران کا بخور دیکر سبز کپڑے میں محفوظ کر لیں۔
❁ اب بندے کو دے دیں کہ وہ روزانہ اس پر وہی حروف مقطعات 196 بار روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے۔
❁ پھر لوح ہاتھ میں لیکر دعا مانگ لیا کرے۔
❁ یاد رکھیں علم نجوم اور قدیم یونانی علوم کی بنیاد پر یہ وہ اکسیر اعظم بن گئی جس کا اثر ایک بندے پر نہیں بلکہ نسلوں تک چلتا ہے بشرطیکہ لوح گنوا نہ دی جائے۔
❁ بندے کو اشٹام لکھ دیں جس وقت یعنی جس تاریخ کو لوح بنا کر دی تھی آئندہ سال اسی تاریخ تک بندہ امیر کبیر ہو جائے گا اگر معاملہ معاش کا ہے۔اسکو سمجھ ہی نہ آئے گا کہ رزق آتا کہاں سے ہے۔
❁ یہ بس ایک مثال عرض کی ہے الغرض دنیا کے کسی بھی مقصد کے لیے دی گئی تو باذن اللہ پتھر پر لکیر تجربات ہیں کہ اسکا اثر اٹل ہے۔
❁ بزرگان دین نے اسکو چھپا کر رکھا ہی اس لیے ہے کہ اسکی آزمائش یہی ہوتی ہے کہ بندہ بہک نہ جائے۔
❁ میں نے بہت ہی احتیاط سے ممکنہ حد تک جو رموز ہیں اپکو ہدیہ کر دیے ہیں۔اسکا اہل آپکو زندگی میں کم ہی ملے گا۔اصل شئی ظرف ہوتا ہے۔
❁ میں نے اپنی زندگی میں یہی تجربہ کیا ہے کہ جب علم ہو یا دولت صحت ہو یا قوت کم ظرف کو ملتے ہی گمراہ ہو جاتا

ہے۔کسی بھی صورت میں کسی کی گمراہی کا سبب ہرگز نہ بنیے گا۔دنیا میں پکڑ ہو یا نہ مگر آخرت تباہ ہو جاتی ہے۔

❁ بس ہر عمل تعویز طلسم کو اللہ کا امر و فضل ہی سمجھنا چاہیے تا کہ عامل بھی نہ بہکے۔

❁ ہاں اکثر یہ ہوتا کہ عملیاتی میدان میں چیلنجز اور معاملات ایسے آجاتے ہیں جہاں کام کرنا از حد ضروری ہو جاتا ہے پھر وہاں ایسے اعمال کو یوز کرنا چاہیے۔

❁ زندگی کے کسی بھی شعبہ میں اتنی احتیاط ضروری نہیں جتنی عملیات کے شعبہ میں ہے۔اللہ کا فضل حضور ﷺ کی رحمت اور بزرگوں کی نسبت نہ ہو تو واللہ میں نے مشاہدہ کیا ہے کہ بڑے بڑے نامور دیندار بھی گمراہی کے اس دلدلے میں پھنسے کہ نکل نہ پائے اور وقت مرگ اسلام سے پھر گئے۔

❁ اس لیے اپنے وقت آخر کو بالکل نہ بھولیں۔بالکل بھروسہ نہیں ہے ایک لمحے کا بھی۔اور بلآخر موت تو لازم امر ہے اس سے فرار ممکن نہیں ہر لذت کو توڑنے کا نام موت ہے۔

❁ اس لیے عملیات میں تو خوب خوب اپنی آخرت کا دیھان رکھیں۔

❁ پھر اگلے کی آخرت کا بھی دیھان رکھنا مومن کی زمہ داری ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل خاص برائے زبان بندی

❁ سرخ کاغذ یا کپڑے پر عطارد کی ساعت میں یا قمر در عقرب میں یہ اسماء لکھیں

شلعٍ شلعٍ قلعٍ قلعٍ خسعٍ خسعٍ

توکل یا بکوكٍ بعقد لسان فلاں بن فلاں (جس کی زبان بندی کرنی ہے اسکا نام مع والدہ) الوحا الوحا العجل العجل الساعة الساعة

یہ لکھ کر ایک شیونگ بلیڈ ساتھ رکھ کر اسکو بند کریں اور پر سیاہ کپڑا چڑھا دیں۔ پھر یہی اسماء 99 بار پڑھ کر دم کریں

شلعٍ شلعٍ قلعٍ قلعٍ خسعٍ خسعٍ

❁ پھر اپنے دائیں بازو کے ساتھ باندھ لیں۔ جس شخص کے لیے یہ عمل کریں گے خواہ کتنا بھی بڑا مخالف ہو گا ان شاء اللہ تعالیٰ آپکے حق میں اسکی زبان فوری بند ہو جائے گی

حمل کی بندش کا نقش

لبثوا فی کہفهم ثلاث مائة سنین وازدادوا تسعا

ولد وما کان معه من اله اذا الذهب کل اله بما خلق ولعلا بعضهم علی بعض سبحان الله عما یصف

یختصمون ما اتخذ الله من

۴	▲	۲
۳	اللهم اعقد رحم فلانه بنت فلانه علی الولادة	۲
۱	B	۷

❁ اس نقش کو نحس ساعت میں لکھیں اور درمیان میں خاتون کا نام لکھیں جو نہیں چاہتی کہ اس کا حمل ہو۔ اور ایک دانہ زمین میں پھینکیں اور وہ دانہ گندم کا ہو جب چیونٹی اسے اپنے منہ میں لیکر لے جانا چاہے تو اس چیونٹی کا سر بمع اس دانے کے اس نقش میں لپیٹ کر اس خاتون کو دو، وہ پہن لے جب تک اس کے پاس ہو حمل نہ ہو گا۔

زبان بندی ہمزاد

بہت سے جادوگر اور ہمزاد کے عامل ہمزاد کے ذریعے آپ کی معلومات لے لیتے ہیں اور اس کو آپ کے خلاف استعمال کرتے ہیں اپنے ہمزاد کو کسی اور کو آپ کی خاص معلومات دینے سے روکنے کے لئے 7 دن تک ایک روٹی کو 4 حصوں میں تقسیم کریں اور ہر حصے پر لاہوری نمک ڈال دیں تھوڑ سا، اور ہر ایک ٹکڑے کو جس کمرے میں آپ سوتے ہیں کونے میں رکھ دیں۔ ہر ٹکڑا ہر کونے میں، پھر ایک کلو اصلی شہد پر سورہ بقرہ پڑھ کر دم کریں اور آدھا شہد نہر میں پھینک دیں اور آدھا روزانہ جب بھی صبح نیند سے بیدار ہو کھالیا کریں اتنا کھانا ہے کہ سات دن میں ختم ہو اور روزانہ روٹی کے ٹکڑوں کو نہر میں پھینک کر آنا ہے۔

بندش نیند ظالم

یاد رہے کہ اس عمل کو صرف ظالم کیلئے استعمال کریں مظلوم کے اوپر استعمال کرنے کی اجازت نہیں اور کرنے والا اپنی حالت کا خود ذمے دار ہوگا۔ ایک لال رنگ کا ریشمی دھاگہ لیں اور آیت الکرسی 7 بار پڑھ کر گرہ لگائیں دم کرکے، اس طرح سات گرہ لگانی ہے اور ہر گرہ پر سات مرتبہ آیت الکرسی اور اس کے بعد یہ توکیل پڑھنا ہے:

تَوَكَّلُوْا یَاخُدَّامَ هٰذِهِ الْاٰیَةِ بِعَقْدِ نَوْمِ فلان بن فلانہ بَارَكَ اللّٰهُ فِیْكُمْ وَعَلَیْكُمْ

اس کے بعد اس دھاگے کو ہوا میں لٹکانا ہے ہلنے کے لئے اور عمل عشاء کے بعد کرنا ہے اور بخور جاوی کا جلانا ہے وقتِ عمل۔

زبان بندی عجیب

اس طلسم کو ہفتے کے دن آخری ماہ ساعت زحل میں لکھنا ہے اور ایسے بچے کی قبر میں دفن کرنا ہے جو بولنے سے پہلے مرا ہو۔

قَالُوْا یٰذَا الْقَرْنَیْنِ اِنَّ یَاْجُوْجَ وَ مَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِی الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰۤی اَنْ تَجْعَلَ بَیْنَنَا وَ بَیْنَهُمْ سَدًّا۔ صُمٌّ صُمٌّ صُمٌّ بُكْمٌ بُكْمٌ بُكْمٌ عُمْیٌ عُمْیٌ عُمْیٌ فَهُمْ لَا لَا لَا وَ جَعَلْنَا مِنْۢ بَیْنِ اَیْدِیْهِمْ سَدًّا وَّ مِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا لَا لَا یَوْمَ یَقُوْمُ

الرُّوۡحُ وَ الۡمَلٰٓئِکَۃُ صَفًّا لَا لَا لَا یَتَکَلَّمُوۡنَ لَا یَتَکَلَّمُوۡنَ لَا یَتَکَلَّمُوۡنَ

دائرے میں جہاں فلاں لکھا ہے وہاں مطلوب کا نام ہوگا۔

سحر روکنے کا عمل

❁ مجھے کسی نے سحر روکنے کے لیے صوامت کا پوچھا تھا کل گروپ میں تو اس متعلقہ حروف صوامت سے ایک خاص طریقہ پیش کرتا ہوں۔

❁ جب آپ کے پاس ایسا مریض آئے جس پر بار بار مخالفین سحر کروا رہے ہوں یا سحر مسلسل ہو رہا ہو کہ مخالفین باز نہ آئیں تو اسکو یہ عمل بنا کر دیں۔

مگر یاد رکھیں لوح معظمہ تب بنائیں جب آپ ساتھ علاج کر رہے ہوں لوح سے علاج ممکن نہیں بلکہ صرف تدارک یعنی روک تھام کی جاتی ہے۔

❁ کسی سنار سے کہہ کر چار تولہ چاندی ایک تولہ سونا (بامر مجبوری تانبہ) اور ایک ماشہ سیسہ پھگلا کر چار انچ لمبی چار انچ چوڑی تختی تیار کروائیں اسکے بعد اس پر عطر کستوری لگا کر مسلسل تین دن تک کھلے آسمان کے نیچے محفوظ جگہ رکھ دیں تین دن کے بعد زحل یا مریخ کی ساعت میں اسکی فرنٹ سائڈ پر وہ تمام حروف مقطعات لکھیں جن پر نقطہ نہیں ہے:

الم المر المص حم طسم طہ طس

پھر نیچے آیت لکھیں

وَّ اللّٰهُ مِنۢ وَّرَآئِهِمۡ مُّحِيۡطٌ

پھر سورہ اخلاص کو حروف کی شکل میں مکمل لکھیں یعنی

ق ل ھ و ا ل ل ہ ا ح د ا ل ل ہ ا ل ص م د ل م ی ل د و ل م ی و ل د و ل م ی ک ن ل ہ ک ف و ا ا ح د

لوح کی پشت پر پہلے چاروں طرف یہ حروف لکھیں

اهرطال حطسام كلطى صدعو

پھر اسکے نیچے چاروں طرف یہ درود لکھیں

احمدك صل عروس طه

پھر اسکے نیچے چاروں طرف اس طرح حروف صوامت لکھیں

احدرسصطعكلموه

پھر درمیان میں عزیمت لکھیں

بسمك اللهم ابطلتُ جميع الاسحار

بحرمتہ ایں لوح فلاں بن فلاں پر جو

جو سحر کرے اس پر واپس پلٹے وہ وہ مرے بحق یا قابضُ

بس لوح معظمہ تیار ہے

- مسلسل سات دن مریخ کی ساعت میں اُس لوح معظمہ پر 543 بار کلمہ شریف پڑھ کر دم کریں
- ساتویں دن سرخ رنگ کے کپڑے یا کاغذ میں بند کر کے مریض یا مطلوبہ شخص کو دے دیں۔

اسکو کہیں روزانہ اپنے جسم پر پھیر کر اپنے پرس یا سرہانے کے نیچے رکھ دیا کرے۔

- ان شاء اللہ جب تک اسکے پاس لوح رہے گی دنیا کا کوئی جادوگر یا مخالف اس پر قابو نہیں پا سکے گا یہ تجربہ شدہ عمل ہے۔
- مجھے یہ عمل بہت بڑے بزرگ سے ملا تھا جسکو میں نے آج تک کبھی کہیں نہیں لکھا البتہ جتنی بار بھی آزمایا ہزار

فیصد مجرب پایا۔ یہاں تک کہ کالے جادو سمیت یہودیوں کے قبالہ کو بھی یہ روک دیتا ہے۔

❁ میں عددی نقوش پر زیادہ اعتماد نہیں رکھتا کیونکہ میرے نزدیک عددی نقوش کی بجائے حروف وکلمات پر مشتمل نقوش والواح وطلاسم زیادہ قوی ہوتے ہیں۔

اس لیے میں احباب کو نقوش کی ترغیب نہیں دیتا۔

❁ ایک قائدہ ہے کہ سب سے قوی پڑھائی ہوتی ہے کیونکہ وہ عالم مثال سے متحرک ہو کر نتیجہ دیتی ہے۔

اسکے بعد وہ نقوش وطلاسم والواح ہوتی ہیں جو حروف علامات اشکات یا کلمات وغیرہ سے بنی ہوں

اسکے بعد قوت اعداد کی آتی ہے۔

اعدادی نقوش ابتدائی مرحلے میں ہیں اس لیے میری توجیہہ ہمیشہ یہی ہے کہ آپ احباب بھی عددی نقوش کی بجائے حرفی نقوش کو ترجیع دیا کریں کیونکہ حرفی نقوش کا اثر ہونا یقینی ہوتا ہے۔

اسرار حروف صوامت

❁ علم حروف صوامت میں ایک نیا طریقہ آپ علماء کرام وعاملین احباب کی خدمت میں پیش کرنے جا رہا ہوں۔

❁ عام طور پر عاملین میں یہ تصور پایا جاتا ہے کہ حروف صوامت صرف بندشوں اور باندھنے کے کاموں میں ہی استعمال ہوتے ہیں مگر ایسا ہرگز نہیں ہے بلکہ یہ بھی ابجد کے دیگر حروف کے لیے لاکھوں کروڑوں چیزوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں۔

اس میں سے میں آپ کو طاق حروف یعنی حروف صوامت سے کام لینے کا خاص الخاص علم پیش کر رہا ہوں

حروف صوامت کے تیرہ حروف یہ ہیں

ا ح د ر س ص ط ع ک ل م و ہ

اب یہی تیرہ حروف تیرہ ہزار قسم کے علم ہیں

❁ مگر چونکہ ہم مسلمان ہیں لہذا ہمیں دیگر غیر شرعی اور مکروہ طریقوں پر عمل کی بجائے پاکیزہ ومبارک طریقوں کو اپنانا چاہیے تاکہ عملیاتی کام کریں تو بھی آخرت کے لیے نیکیاں بنتی جائیں۔

یہ تیرہ حروف یعنی

اح در س ص ط ع ک ل م و ھ

اس لیے حروف صوامت کہلاتے ہیں کیونکہ ان پر نقطہ کوئی نہیں یہ چپ ہیں خاموش ہیں اس لیے انکو صوامت کہا جاتا ہے۔ اب بغیر نقطہ ہونے کی وجہ سے ان میں کسی بھی چیز کو روکنے کی لامحدود طاقت موجود ہے۔

اسی لیے علماء و عاملین روحانیات ان سے زیادہ تر بندش لگانے کا کام لیتے ہیں۔

❁ میں آج چند ایسے قاعدے پیش کرنے جا رہا ہوں جس سے آپکو علم ہو جائے گا کہ انھی حروف سے آپ کس طرح دیگر علوم کے مدمقابل کئی طرح کام لے سکتے ہیں۔

قاعدہ نمبر 1

❁ حروف صوامت سے بننے والے وہ اسماء الٰہیہ جن میں نقطہ نہ ہو

وہ اسمائے صوامت کہلاتے ہیں مثلاً:

اسے۔ اللہ۔ ح سے۔ الحی۔ د سے الدائم ر سے الراحم، ص سے الصادر، ط سے الطاہر، ع سے العالم، ک سے الکامل، ل سے الاول، م سے المالک، و سے الواحد، ھ سے الھادی

اللہ الحی الدائم الراحم الصادر الطاہر العالم الکامل الاول المالک الواحد الھادی

یہ تیرہ حروف اور اس طرح وہ تمام حروف جن پر نقطہ نہیں ہے وہ سب کے سب اسمائے صوامت کہلاتے ہیں

جب بھی کوئی حاجت ہو تو پہلے قاعدے کے مطابق آپ اپنی حاجت کی ایک عبارت بنائیں یعنی

زید بن بکر کو نوکری مل جائے

اس میں طالب کے نام مع والدہ اور مقصد کو جمع کر کے عبارت بنائی ہے۔ آپ بھی اسی طرح مختصر مگر جامع کوئی بھی عبارت بنا سکتے ہیں۔

❁ اسکے بعد اُس عبارت کے اعداد ابجد قمری سے نکال لیں۔

جیسا کہ میری عبارت کے اعداد قمری 1394 بنے

❁ اب میں تیرہ اسمائے الہیہ لوں گا جن پر کوئی نقطہ نہ ہو مثلا

اللہ الحی الدائم الراحم الصادر الطاہر العالم الکامل الاول المالک الواحد الھادی

❁ انکے بھی اعداد نکالوں گا جو کہ 1638 ہے

❁ یہ اعداد ان سب اسماء کے نکل آئے اب مقصد کی عبارت اور اسمائے الہیہ کے اعداد اپس میں جمع کریں گے۔ تو جواب آئے گا 3032

اب ان اعداد کو مفرد کر کے دیکھا تو اس طرح 3+0+3+2=8

آٹھ جواب آیا۔

❁ اس طرح معلوم یہ ہوا کہ 8 دن تک 3031 مرتبہ یہ اسماء پڑھنے سے زید بن بکر کو نوکری مل جائے گی۔

❁ آپ کے پاس جب بھی کوئی سائل آجائے جس کو آپ نے دنیا کی کسی بھی حاجت کے لیے وظیفہ تجویز کرنا ہو تو ہمیشہ یہ طریقہ استعمال کریں۔ اس طرح دن اور تعداد دونوں پتہ چل جاتی ہے۔

اور ان شاء اللہ تعالی اسکا کام بھی پتھر پر لکیر کی طرح سو فیصد گارنٹی سے ہو گا کیونکہ اسمائے الہیہ سے کام لیا جا رہا ہے۔

❁ یہ میں نے قاعدہ میں طریقہ مختصر اور جامع بیان کیا ہے۔ آپ اس قاعدے کو یوز کرتے ہوئے دنیا بھر کے کاموں کے متعلقہ وظیفہ تجویز کر سکتے ہیں۔

❁ یہ قاعدہ عاملین اور علماء کرام کے لیے ہے کہ آپ کے پاس جب سائل آئے تو کس طرح اسکو پڑھائی تجویز کرنی ہے۔ اب اگلا قاعدہ ہے کہ آپ نے از خود کس طرح کام لینا ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

قاعدہ نمبر 2

وہ قاعدہ جس سے حساب لگایا جاتا کہ کام کتنے دن میں ہوگا

❁ یہ قائدہ جلالی اعتبار سے بہت ہی زیادہ سخت اور محنت طلب ہے مگر جس کے لیے کر دیں گے اسکا اثر ہونا ہزار فیصد یقینی و مجرب ہے امر الہی نہ ہو تو دنیوی کوئی ایسی وجہ نہیں کہ اس قاعدے سے اثر نہ ہو۔

طریقہ:

یہ ہے مقصد کی عبارت بنائیں مثلا بندش کا کام آیا ہے کہ زبان بندی کرنی ہے۔

سمجھانے کے لیے میں نے مقصد کی عبارت یہ بنائی۔

❁ بستم بستم بستم زبان ذید بن بکر فی حق علی بن احمدؐ کے خلاف نہ بول سکے

❁ اب اس عبارت کو حروف صوامت سے امتزاج دیا تو اس طرح طلسم بنے۔

ابحس دترم سبصس طتعم کبلس متوم هزاب حادن رذسی صدطب عنکب لکمر وفهی اححق دعرل سیصب طنعا کحلم مدوك هے اخ حلدا رفسن صهطب عوكل لسمك و ےه

❁ اب یہ جو طلسم بنے ان کے اعداد قمری نکالے جو کہ یہ بنے 6063

❁ اب ان اعداد میں تیرہ اسمائے الہیہ کے اعداد جمع کیے تو ٹوٹل بنے 7701

❁ اب ان اعداد کو مفرد کیا تو کچھ یوں ہوئے۔

15=1+0+7+7

❁ معلوم یہ ہوا کہ یہ نقش پندرہ دن اثر کرے گا یعنی اسکا مکمل اثر پندرہ دن میں ظاہر ہو جائے گا یا کام پندرہ دنوں میں مکمل ہو جائے گا۔

طلسم استعمال کا طریقہ:

کام کا طریقہ یہ ہوگا کہ جو طلسم بنائے تھے ان طلسمات کو کاغذ پر لکھ کر تعویز بنائیں اور اسمائے الہیہ کو ان پر 7701 بار پڑھ کر دم کریں۔

❁ اسکے بعد نقش سائل کو دے دیں۔ یہ اتنا سخت ترین جلالی نقش بن جائے گا جس کا اثر ایک ہی گھنٹے میں شروع ہو جائے گا اور پندرہ دنوں میں حاجت پوری کر دے گا۔

❁ یہ وہ علم ہے جس سے عمل کے کام کرنے کے دنوں اور قوت دونوں کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ورنہ کسی عمل کے بارے میں اندازہ لگانا ممکن ہوتا ہے کہ اس سے کام کب تک ہو جائے گا۔

یہ راز بہت ہی نایاب اور بزرگوں کے سینوں سے منتقل ہونے والا ہے جو آپکو آج پیش کیا گیا ہے۔

پھر اس قاعدے سے کام لے لیا گیا تو اُس کام کی کاٹ اور مقابلہ کوئی ہر گز نہیں کر سکے گا۔یعنی عامل نے جس کے لیے یہ محنت کر دی اسکے لیے تادم مرگ مہر ثبت ہوگئی کہ کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکے گا۔

بس میرے خیال سے اتنی قوت برداشت کر لینے والا ہی عامل کامل کہلاتا ہے اس سے زیادہ جلالی لکھنا مناسب نہیں سراسر حماقت ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

سحر کی کاٹ

یہ موضوع بہت ہی باریک بین اور غور طلب ہے معالجین اس میں بہت ساری غلطیاں کرتے ہیں جس وجہ سے نوے فیصد عاملین کا معالجہ فن ادھورا رہتا ہے مریض علاج کے بعد بھی متاثر ہی رہتا ہے۔اس پر ہم مفصل و جامع گفتگو کریں گے ساتھ کاٹ کے طریقوں پر بات کریں گے۔

سب سے پہلے سمجھنے والی چیز یہ ہے کہ کسی بھی جادو کی کاٹ ایک رات یا ایک نشت سے نہیں ہو سکتی۔

کاٹ کا مطلب ہے سحر کے زور کو قطع کر دینا روک دینا اسکا رابطہ مریض سے منقطع کر دینا۔

ہر مریض پر مرض مطابق کاٹ ہوتی ہے بعض جادو اس طرح کے ہوتے ہیں جو محض دو دن توجہ سے کاٹ کرنے کے ساتھ ختم ہو جاتے ہیں جبکہ بعض جادو اس قدر پچیدہ ہوتے ہیں کہ ان کے لیے کم از کم نوے دن کی اور زیادہ سے زیادہ ایک سو بیس دن کی کاٹ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔

کاٹ کرنے کا تعلق عامل کی دماغی قوت، قلبی قوت، یکسوئی اور عمل کی قوت سے منسلک ہوتا ہے۔

جب عامل کو دماغی کمزوری یا قلبی کمزوری یا ذہنی انتشار کا شکار ہو گا تو اس کا کوئی بھی عمل کارگر نہ ہو گا کیونکہ اعمال عامل کے یکسوئی کے محتاج ہوتے ہیں۔اس لیے کاٹ کرنے میں بنیادی اصول ذہن میں رکھیں کہ جب آپ معالجہ کا کام کریں تو آپ کے ذہن پر کوئی دباو ڈپریشن فکر یا دل میں کسی طرح کا منفی جذبہ مثلاً غصہ نفرت عداوت وغیرہ نہ ہو۔دل و دماغ دونوں ایلفا سٹیٹ میں ہونے ضروری ہیں۔

ایلفا سٹیٹ سے مراد مکمل سکون کی حالت میں

قدرت نے رات کے وقت میں بہت قوت رکھی ہے رات کے وقت فضاء میں بہت ساری ایلفا فریکونسیز ٹریول کر رہی ہوتی ہیں جو ہمارے دماغ کے نیوروٹرانسمیٹر ز کو 133Hz کی فریکونسی مہیا کرتی ہے اسی کی وجہ سے ہم پر غنودگی اور نیند طاری ہوتی ہے۔اس طرح معالجین کو چاہیے کہ وہ کاٹ کرنے کے لیے رات کا وقت منتخب کریں۔

اگر کوئی عامل ہر وقت ایلفا سٹیٹ میں رہنے لگے تو اسکے عمل کی قوت سے توجہ اتنی مضبوط ہو جاتی ہے کہ

وہ دن یا رات جب چاہے چند منٹ مراقبہ کر کے عالم روحانیت میں جھانک سکتا ہے۔

کاٹ دو طرح کی ہوتی ہے:

1) کاٹ بذریعہ اعمال

2) کاٹ بذریعہ مخلوقات مثلاً جنات ارواح نیک موکلات وغیرہ

❁ کاٹ بذریعہ اعمال تقریباً سبھی کرتے ہیں یعنی کسی مریض کی کاٹ کی نیت سے کوئی عمل پڑھا۔
مگر کاٹ بذریعہ خدام تھوڑی محنت طلب ہوتی ہے. طریقہ وہی ہے کہ اعمال پڑھ کر کاٹ کی جائے مگر اعمال کے موکلات کو متحرک کرنے کے لیے بخور، صدقات ساعات سمیت دیگر لوازمات کو ملحوظ خاطر رکھا جاتا ہے۔

❁ ایک عامل جب تقریباً سو بار مریضوں کی کاٹ بذریعہ خدام کر لیتا ہے تو باطنی طور پر کئی مخلوقات اس سے مانوس ہو جاتی ہیں پھر اسے زیادہ محنت کی ضرورت نہیں پڑتی۔

اب سب سے مزیدار بات یہ ہے کہ کاٹ بذریعہ اعمال سے جادو کی کاٹ صرف تیس فیصد ہوتی ہے ستر فیصد جادو باقی رہتا ہے۔

کاٹ بذریعہ مخلوقات سے جادو نوے فیصد تک ختم ہو جاتا ہے۔

دس فیصد جسمانی علاج معالجہ ساتھ کیا جاتا ہے

یہ سب وہ باتیں ہیں جو جاننا ضروری ہیں۔۔۔۔۔

اب اگلے مرحلے کی طرف چلتے ہیں.

جو عاملین حضرات پہلے کاٹ کر چکے ہیں یعنی انھیں کاٹ کرنے کا تجربہ ہے وہ تو با آسانی کر لیں گے مگر جو احباب بالکل ہی واقف نہیں انکے لیے میں بنیاد سے چیزوں کو سمجھاتا ہوں۔

❁ کاٹ عمومی دو طرح کی ہوتی ہے دور سے کاٹ اور نزدیک سے کاٹ۔

❁ ویسے یہ کوئی پروفیشنل قائدہ نہیں بلکہ سمجھنے کے لیے بنایا گیا ہے

❁ کاٹ ایک ہی ہوتی ہے خواہ دور۔سے ہو یا نزدیک سے۔

❁ اصل چیز عمل کی قوت اور عامل کی یکسوئی و علم ہوتا ہے۔

❁ اگر عامل اپنے عمل کی فریکونسی کو تیز کر لے تو دور دراز تک مار کر سکتا ہے جبکہ یکسوئی و قوت کم ہو تو نزدیک ہی عمل چلتا ہے۔

پریکٹیکل کے لیے احباب کی خدمت میں کاٹ کے طریقہ پر بات کرتا ہوں۔

❁ سب سے پہلے خود پر حصار کریں:

جو دو حصار میں نے پیش کیے تھے ان میں سے کوئی ایک یا دونوں بھی کیے جا سکتے ہیں۔

❁ ذہن نشین رہے کہ وہ حصار صرف آپکے نہیں بلکہ اپکے ساتھ سب گھر والوں کا ہو جاتا ہے یہاں تک کہ جس جگہ بیٹھ کر حصار کیا جاتا ہے وہاں سے مشرق مغرب شمال جنوب چاروں اطراف چالیس چالیس گز تک جو زی روح آجائے اسکا بھی حصار ہو جاتا ہے۔

❁ علاوہ ازیں میرے متعلقین دوست احباب کو فکر کرنے کی کوئی ضرورت نہیں۔آپ کے ساتھ ایک نسبتی تعلق ہے میں ہر دن اپنے تمام متعلقین کا حصار روحانی بلاناغہ کر دیا کرتا ہوں۔۔۔۔اس کا کم یا زیادہ فائدہ ہر ایک کو محسوس ہوتا ہے جو احباب زیادہ رابطے میں رہتے ہیں انکو زیادہ محسوس ہوتا ہے

❁ مگر یہاں کاٹ سے پہلے وقتی حصار پیش کرتا ہوں۔

یہ بزرگوں سے نسبت میں ملا ہے اسکی ریاضت کوئی نہیں بس سلسلہ نسبت میں اجازت سے ہی چلتا ہے۔میری طرف سے تمام اہلیان گروپ کو اسکی اجازت ہے ہر عمل سے قبل یہ کیا کریں۔

طریقہ:

1) اکیس بار درود ابراھیمی

2) سورہ فلق سات بار

3) سورہ ناس سات بار

4) آیت الکرسی سات بار

5) سورہ اخلاص 33 بار

6) سورہ فاتحہ تین بار

7) درود ابراھیمی اکیس بار

پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے پورے جسم پر مل لیں اسکے بعد دعا مانگیں جملہ کلام کا ثواب حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیہ کریں پھر خلفاء راشدین کی ارواح کو ایصال کریں پھر غوث اعظم شیخ عبد القادر جیلانی رضی اللہ عنہ پھر سیدنا داتا گنج بخش علی ہجویری پھر خواجہ معین الدین چشتی اجمیری پھر امام ابو الحسن شاذلی رضی اللہ عنہ پھر امام احمد رضا خان بریلوی رضی اللہ عنہ پھر خواجہ نور محمد مہاروی رضی اللہ عنہ پھر شاہ بو علی قلندر رضی اللہ عنہ اسکے بعد میاں شیر محمد شر قپوری رضی اللہ عنہ کی روح کو ایصال ثواب کر دیں

بس آپکا وقتی حصار ایسا ہوگیا کہ دوران کاٹ آپکو مشکلات سے نجات رہے گی ساتھ بزرگوں کی توجہات نصیب ہوتی رہیں گی۔

- حصار کے بعد کاغذ پر سائل / مریض کا نام مع والدہ لکھیں اور سامنے رکھ لیں.
- سب سے پہلے دعا مانگیں کہ اے اللہ میں فلاں پر مسلط امراض روحانیہ کا علاج کرنے کی غرض سے پڑھنے لگا ہوں میری پڑھی کلام کو اپنی بارگاہ مقدس میں قبول فرما کر مخلوقات غیب کے زریعہ سے میری مدد فرما۔

اسکے بعد کاٹ اس طریقوں سے کیجیے جو ابتدائی طور پر بتانے لگا ہوں۔۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

کاٹ

مریض یا سائل کی تصویر دیکھیں تا کہ اسکا چہرہ اپکے زہن میں بطور تصور پختہ ہو جائے ۔۔۔۔پھر جس معاملے کی کاٹ کرنی ہو وہ ذہن میں لائیں مثلاً کسی پر سحر کے اثرات ہیں تو اپنے دل میں ارادہ کریں کہ فلاں پر جو سحر کے اثرات ہیں اسکے لیے پڑھائی کرنے لگا ہوں ۔۔

اسکے بعد منہ قبلہ کی طرف کر کے دانوں والی تسبیح پر پڑھائی شروع کر دیں ۔ یاد رہے کہ دوران پڑھائی مریض کا تصور اور اسکے مسلہ کا تصور اپنے زہن میں بار بار رکھنا ہے اور سوچتے رہنا ہے کہ جیسے جیسے میں کلام پڑھ رہا ہوں مریض تندرست ہو رہا ہے اس کی روح کے ساتھ میرا روحانی تعلق قائم ہو رہا ہے اور میرے پڑھنے کی قوت سے اسکی روح کو قوت مل رہی ہے۔

- جب کاٹ کرنے بیٹھیں تو یہ ذہن میں رکھیں کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ اقدس سے نورانیت مل رہی ہے. ساتھ اپنے استاد/شیخ /مرشد کا تصور رکھیں کہ میری پشت پر میرے شیخ پڑھ رہے ہیں
- کاٹ کے دوران فضاء معطر رکھیں عطر یا اگر بتی سلگا لیں.
- جگہ پر سکون ہو جہاں پڑھائی کریں
- باوضو ہو کر بیٹھیں۔
- احرام باندھیں یا پھر کوئی کھلے کپڑے پہنیں تا کہ کپڑے جسم کو اکڑائیں نہ۔
- دوران کاٹ آپکے پاس حیض ونفاس والی خواتین یا بچے موجود نہیں ہونے چاہیے۔اپ بالکل تنہا ہوں۔
- یہ چیز یاد رکھنے والی ہے کہ کاٹ اُس عمل سے کریں جو آپکو زبانی یاد ہو اور جس کا ترجمہ و مفہوم آپ جانتے ہوں۔ کبھی بھی لکھا ہوا دیکھ دیکھ کر پڑھ کے کاٹ نہیں کرنی۔

منجانب: مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

کاٹ کے اعمال

عمل کاٹ نمبر 1

پہلے حصار کریں پھر کاٹ کے لیے درود ابراھیمی اس طرح پڑھیں

اللھم صلی علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید المجید 3 بار

اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید المجید 2 بار

اس طرح درود پاک پڑھیں گے تو ایک بار تصور کیا جائے گا۔ٹوٹل سات بار اسی طرح شروع میں اور سات بار آخر میں درود پاک پڑھیں۔

درمیان میں یہ پڑھیں۔۔۔۔

دعا حزب البحر شریف سات بار

یا دعا ردسحر سات بار

یا دعا سیفی تین بار

یا سورہ ناس 313 بار

یا سورہ فلق 313 بار

یا نادعلی 172 بار

یا درود تاج 41 بار

یا چہل کاف 313 بار

یا دعا برھتیہ 69 بار

ان میں سے کوئی بھی عمل اپ کاٹ کے لیے یوز کر سکتے ہیں۔۔۔۔

یہ بہت ہی بنیادی اعمال ہیں جن کی پریکٹس آج احباب فرمائیں گے ۔آج شب سب احباب کو میں ٹاسک پیش کروں گا خود پر بندش قائم کروں گا پھر احباب کو کاٹ کا کہوں گا ۔

درمیان میں سب کے لیے روکاوٹ بھی پیدا کروں گا تاکہ سب کو یکسوئی کی پریکٹس بھی ہو۔

❁ جب احباب کاٹ کے لیے بیٹھیں گے تو ہر شخص کو اسکی روحانیت مطابق مختلف مشکلات ہوں گی۔ جس کے بابت میں پہلے عرض کر دوں گا۔ وہ روکاوٹیں میری جانب سے ہی یوں گی۔ اس طرح کاٹ کی پریکٹس کرنے سے ان شاء اللہ تعالی ایک تجربہ کن مرحلہ سے گزریں گے

(2 جون 2024)

❁ آج رات گیارہ بج کر پچاس منٹ سے بارہ بج کر پچاس منٹ کے درمیان کسی بھی وقت آپ پریکٹس کے لیے بیٹھ سکتے ہیں۔ اُس وقت قمر کی ساعت چل رہی ہوگی۔

پہلی پریکٹس تصویر یا تصور کے زریعے کاٹ کی ہوگی۔

میں اپنے آپ پر وجعلنا من بین ایدیھم سدا والی آیت سے بندش لگاوں گا۔

بندش مجھ پر روحانیت کی ہوگی یعنی میں اپنی روحانیت کو باندھوں گا

بندش باموکل ہوگی جس میں کاٹ کرنے والے تمام اشخاص تصور رکھ یہ نیت کریں گے کہ فلاں کی روحانیت پر سے بندش ختم کر رہے ہیں۔۔۔

جب احباب پڑھنے بیٹھیں گے تو احباب کے ساتھ میرے موکلات مزاحمت کریں گے۔ مزاحمت کی چند علامات ہوتی ہیں۔۔

پڑھائی سے روکنا۔ جمائیاں آنا کندھے بھاری ہونا سر درد ہونا الٹی متلی ہونا پیٹ میں درد اٹھنا بار بار ذہن میں غلط خیالات کا آنا۔ بہت زیادہ سردی یا بہت شدید گرمی ہو جانا دل کی دھڑکن کا تیز ہونا بار بار خیالات کا مرکز سے ہٹ کر ادھر ادھر ہونا۔ بہت زیادہ غصہ جلال آنا بار بار رفع حاجت کا پیش آنا۔

منجانب:

مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

آج شب میں ایک طریقہ جلالی پیش کروں گا کاٹ کے سلسلہ میں۔ پہلے تو سب احباب نے اپنی مرضی موافق عمل کیا ہے آج پریکٹس تھوڑی سخت رکھیں گے تاکہ مرحلہ مزید قوی ہو سکے۔ ذہن نشین رہے کہ آپ احباب کو توجہ اور یکسوئی کی پریکٹس کے ساتھ ساتھ اس طرز پر اعمال کروا رہا ہوں کہ یہی اعمال آپ کے ہتھیار بھی بن جائیں گے۔۔۔ آج سب کو سورہ یسین شریف کی مبینوں پر کاٹ کرنے کا طریقہ پیش کروں گا۔ آج کی کاٹ سحر، بندش اور آسیب کی تسلیط کو ختم کرنے پر ہوگی۔ سحر بندش اور آسیب کو میں بذریعہ قائل اور قسم برھتیہ سے خود پر مسلط کروں گا پھر آپکو عرض کروں گا پہلے آپ تشخیص کیجیے گا پھر کاٹ کیجیے گا۔

عمل کاٹ نمبر 2

عامل کو کسی بھی مرحلے میں کاٹ کے لیے جن ضروری چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ان میں توجہ کا یکسو ہونا اور عمل کی قوت کا تیز ہونا لازم ہے۔ جب کوئی عامل کاٹ کرنے بیٹھتا ہے تو اسکو چاہیے کہ وہ مریض / سائل کے مرض یعنی مسئلے اور اُس کے حل کو اپنے ذہن میں رکھتے ہوئے کاٹ کا عمل پڑھے۔

اہم بات

اکثر احباب یہ سوال کرتے ہیں کہ عمل پڑھنے کے بعد کیا کریں یعنی اختتام کیسے کریں

تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ خواہ عمل کوئی بھی ہو کاٹ ہو حب و بغض کا ہو یا قضائے حاجات کا! ہر عمل مکمل کرنے کے بعد اُٹھنے سے پہلے خوب تسلی سے مقصد کے لیے دعا مانگیں اور چند مرتبہ درود پاک و سورہ فاتحہ پڑھ کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ کر کے اٹھ جایا کریں۔ یہ طریقہ ہر عمل کے بعد یوز کیا کریں۔ کیونکہ دعا مغز عبادت ہے۔ عملیات کے اختتام پر دعا مانگنا لازم و ملزوم ہے۔ اس لیے دعا سے عمل کا اختتام کیا کریں۔۔۔ نیز دعا کے لیے کوئی الفاظ مخصوص نہیں ہیں مروج طریقے سے دعا مانگی جا سکتی ہے۔

❁ آج کا عمل کاٹ ہر طرح کے جادو کے زور کو توڑنے، بندشوں کے تدارک، روحانی کمزوری دور کرنے، جنات و آسیب کے اثرات کو ختم کرنے اور کسی کو روحانی امداد فراہم کرنے کا کام کرتا ہے۔۔۔۔ آج اس عمل کی

پریکٹس کریں گے ساتھ اسکو محفوظ کرلیں یہ دیگر مریضوں پر بھی یوز کیا جاسکتا ہے۔۔۔۔

عمل

1) باوضو ہو کر خوشبو لگائیں اور مروج طریقے سے اول آخر درود ابراھیمی پڑھیں جیسا کہ سابق بتایا گیا کہ درود ابراھیمی کس طرح پڑھنا ہے۔۔۔

2) پھر مریض/ سائل کا تصور رکھ کر سورہ یسین شریف پڑھنا شروع کریں جب پہلی مبین پر پہنچیں تو 313 بار سلام قولا من رب الرحیم پڑھیں

3) 70 بار یااللہ یاقدیمُ یادائم یااحدُ یاصمدُ یاحیُ یاقیومُ

4) 313 بار لا الہ الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین پڑھیں

5) اسکے بعد مریض/ سائل کا تصور رکھ کر اسکے چہرے اور سینے پر پھونک مار کر دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں اور مقصد کی دعا مانگیں۔

6) پھر سورہ یسین شریف آگے پڑھنا شروع کر دیں جب دوسری مبین پر پہنچیں تو یہی طریقہ دہرائیں۔ پڑھائی کریں دم کریں اور دعا مانگیں۔

7) اس طرح ہر مبین پر اوپر بتائی پڑھائی کریں تصور رکھ کر دم کریں پھر دعا مانگیں۔

8) اسی طرح سورہ یسین شریف جب ختم ہو جائے تو مریض/ سائل کا تصور رکھ کر 313 بار یہ آیت پڑھ کر دم کریں

فَلَمَّآ أَلْقَوْا قَالَ مُوسَىٰ مَا جِئْتُم بِهِ السِّحْرُ إِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهُ إِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِينَ

9) اس طرح جب دم ہو جائے تو مقصد کی دعا مانگیں اور اٹھ جائیں۔۔۔۔

❁ اس کاٹ کے عمل کی فریکونسی بہت سخت ہے۔ اسکو زیادہ تر دور کے مریضوں پر یوز کیا جاتا ہے۔ مگر آپ سب کو مکمل اجازت ہے قریب و دور کے ہر مریض پر یوز کر سکتے ہیں۔

اس عمل میں جلال بہت زیادہ ہے۔ عامل پر اسکے اثرات عامل کی روحانیت مطابق مختلف ہو سکتے ہیں۔۔

نیند کا نہ آنا۔غصہ آنا اور آنکھوں کا جلتے رہنا اسکی ہر بار کی علامت ہے جو سب کے ساتھ درپیش ہوگی۔

❁ اس عمل کی فریکونسی اسقدر قوی ہے کہ جیسے ہی آپ کاٹ کے لیے بیٹھتے ہیں فورا مریض پر اثر شروع ہو جاتا ہے۔

❁ اس عمل میں سورہ یسین شریف زبانی یاد کرلیں تو بہتر ہے لیکن جب تک زبانی یاد نہ ہو تو ایسا کیجیے کہ یسین شریف دیکھ کر پڑھیں اور مبینوں پر پڑھنے والے اعمال کو زبانی پڑھیں انکھیں بند کرکے کامل تصور رکھ کر۔۔۔پھر دم کرکے آگے یسین دیکھ کر پڑھیں پھر مبینوں پر اعمال کو انکھیں بند کرکے یکسوئی سے پڑھتے جائیں۔

آج وقت رات دس بجے سے بارہ بجے تک کا ہوگا۔

❁ آج کا عمل بھی سب احباب میرے تصور یا تصویر پر کریں گے۔

❁ مگر ذہن نشین رہے کہ میں نے خود پر آسیب کی تسلیط ،سحر اور بندش کی ہے اس لیے عمل کو درمیان میں مت چھوڑیے گا۔طبعیت ساتھ نہ دے تو شروع ہی نہ کیجیے گا۔

❁ آپ کے کاٹ کرنے سے آپکا عمل جاری ہوجائے گا۔آپکو مزاحمت میں صرف یہ عارضے ہوں گے۔

دل کی دھڑکن بڑھنا۔جمائیاں آنا۔خیالات کا شدت سے بار بار تبدیل ہونا.بہت زیادہ گرم کیفیت کا ہوجانا جسم کے مختلف حصوں میں دردیں ہونا۔۔۔۔

یہ مزاحمت کے عارضے ہیں۔ان میں سے جو بھی ہو آپ نے عمل ترک نہیں کرنا یہاں تک کہ عمل مکمل ہوجائے

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل کاٹ نمبر3

برائے علاج بندش جناتی, جناتی نظر بد، خواتین پر بندش رشتہ یعنی رشتے نہ آنا، بندش نکاح، بندش صحت کے علاج کے لیے اس طرح کاٹ کریں۔۔۔

1) اول آخر درود ابراھیمی اس طریقے سے پڑھیں جو عرض کیا ہے۔

2) مریض کے نام مع والدہ کی سات عدد پرچیاں بنائیں

3) ہر پرچی پر مریض کا نام مع والدہ اور سورہ ناس لکھیں یعنی اوپر نام مع والدہ نیچے سورہ ناس مکمل لکھیں۔

4) ان سات پرچیوں کو مختلف سات آٹے کے پیڑے بنا کر ان میں پیوست کر دیں۔

5) پھر عشاء کے بعد حصار لگائیں اور کاٹ کے لیے بیٹھیں۔

6) پھر سورہ یسین شریف پڑھیں

7) ہر مبین پر پہنچ کر 96 بار سورہ اخلاص پڑھیں اور اُن سات آٹے کے پیڑوں کو دم کریں

اسی طرح مبین در مبین سورہ یسین شریف پڑھتے جائیں اور پیڑوں پر دم کرتے جائیں۔

8) جب سورہ یسین شریف مکمل ہو جائے تو پھر مریض کا تصور رکھ کر اسکی طرف پھونک ماریں اور مقصد کو ذہن میں رکھ کر دعا مانگ لیں. عمل مکمل ہو جائے گا

9) اگلے دن وہ دم شدہ پیڑے چلتے پانی میں بہا دیں۔۔۔

❁ بندش کی کاٹ ہو جائے گی ❁ اس عمل کو مرض کی شدت کے مطابق تین دن، سات دن گیارہ دن اکیس دن تک کیا جاسکتا ہے۔ ❁ ہر روز نئی پرچیاں بنا کر اس پر سورہ ناس لکھ کر آٹے کے سات پیڑوں میں پیوست کر کے ان پر عمل کرنا ہے اور اگلے دن وہ چلتے پانی میں بہا دینے ہیں۔

منجانب: مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل کاٹ نمبر 4

(یہ عمل جب بھی کریں مجھے مطلع لازم کر دیجیے گا تاکہ پیچھے بھرپور توجہ رکھی جا سکے۔)

❁ یہ عمل اثرات جنات، اثرات آسیب، اثرات شیاطین، نظر بد، سایہ چڑیل بھوت پریت ڈائن ارواح خبیث ہمزاد دیو دیوی دیوتا کا اثر وغیرہ کے تدارک کے لیے۔

❁ ایسے مریض جن پر ان میں سے کوئی معاملہ ہو تو سب سے پہلے اس مریض کو کہیں کہ ایک بکرے یا بکری کی کلیجی لیکر اپنے سر پر سے وار کر اپنے گھر کی چھت پر پھینک۔ دے یا کسی پالتو یا آوارہ جانور مثلاً کتے یا بلی کو ڈال دے۔

❁ یہ صدقہ کروانے کے بعد

❁ اسکی کاٹ کی نیت سے عمل شروع کریں۔

لوازمات:

1) اجوائن، لوبان حرمل کو ایک ایک پاؤ لیکر بخور بنالیں۔

2) رات عشاء کے بعد سفید کپڑے پہنیں اور باوضو ہو کر اپنے گرد حصار قائم کریں۔

3) گھر والوں کا حصار کریں جو سب سے قوی حصار ہو وہ کریں۔

4) پھر دو رکعت نفل حاجت پڑھ کر اللہ کی بارگاہ سے کامیابی کی دعا مانگیں.

5) اسکے بعد درود ابراھیمی مندرج ترکیب جو عرض کی تھی اس مطابق اول آخر سات سات بار پڑھیں پھر سورہ یسین شریف پڑھنا شروع کریں۔

6) جب پہلی مبین پر پہنچیں تو 33 بار اسمائے برھتیہ پڑھیں جو کہ یہ ہیں

بَرْهَتِيَّةٍ بَرْهَتِيَّةٍ كَرِيْرٍ كَرِيْرٍ تَتْلِيَهٍ تَتْلِيَهٍ طُوْرَانٍ طُوْرَانٍ مَزْجَلٍ مَزْجَلٍ بَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ تَرْقَبٍ
بَرْهَشٍ بَرْهَشٍ غَلْمَشٍ غَلْمَشٍ خُوطِيْرٍ خُوطِيْرٍ قَلْنَهُوْدٍ قَلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ بَرْشَانٍ كَظْهِيْرٍ
كَظْهِيْرٍ نَمُوشَلَخٍ نَمُوشَلَخٍ بَرْهَيُولا بَرْهَيُولا بَشْكَيْلَخٍ بَشْكَيْلَخٍ قَزْمَزٍ قَزْمَزٍ أَنْغَلَلِيْطٍ أَنْغَلَلِيْطٍ
قَبْرَاتٍ قَبْرَاتٍ غَيَاهَا غَيَاهَا كَيْدَهُوْلا كَيْدَهُوْلا شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْهَاهِيْرٍ
شَمْهَاهِيْرٍ بِكَهْطَهُوْنَيَةٍ بِكَهْطَهُوْنَيَةٍ بَشَارِشٍ بَشَارِشٍ طُوْنَشٍ طُوْنَشٍ شَمْخَابَارُوْخٍ شَمْخَابَارُوْخٍ

ان کو ہر مبین پر 33 بار پڑھنا ہے

❁ ہر اسم دو بار پڑھیں گے تو وہ ایک بار تصور کیا جائے گا اسی طرح 33 بار سب اسماء پڑھنے ہیں

7) جب اسماء پڑھ لیں تو مریض کا نام لیکر کہیں کہ اے موکلات فلاں بن فلاں جو فلاں جگہ رہتا ہے اسکی طرف روانہ ہو جائیں اور اسکے فلاں معاملے میں معاونت کریں اس پر مسلط ہر شے کا اثر و قوت ختم کریں۔

8) پھر مریض کا تصور رکھ کر دم کر دیں

اسکے بعد آگے پڑھنے لگیں۔۔۔۔

اسی طرح ہر مبین پر یہی طریقہ اختیار کرنا ہے۔

جب عمل مکمل ہو جائے تو آخر میں خوب تسلی و یکسوئی سے دعا مانگ کر اٹھ جائیں

❁ یہ عمل اپنی قوت میں میں جامعیت رکھتا ہے۔ جب آپ پہلی مبین پر حکم لگائیں گے تو دوسری طرف متاثرہ مریض کو فوراً علم ہو جائے گا کہ اس پر کچھ کیا جا رہا ہے۔

❁ نیز ان اعمال کے لیے ضروری ہے کہ نسبتی تعلق اپنا مضبوط رکھیں کیونکہ ان سے جنات و شیاطین کمزور و ہلاک اور زخمی ہوتے ہیں جس کی بنیاد پر جنات سے دشمنی بھی ہو جاتی ہے جو بعد ازاں عامل کو نقصان پہنچاتے ہیں۔۔۔اس لیے ایسے اعمال کے ساتھ بڑے صدقات ضرور کیا کریں۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل کاٹ نمبر 5

۞ اثرات بد، سحر، تعویزات کے اثرات، میاں بیوی پر بذریعہ سحر تفریق کروادی گئی ہو یا طلاق کروانے کا عمل ہو یا مجامعت باندھ دی گئی ہو، جسم پر امراض بذریعہ جادو مسلط کر دی گئیں ہوں، کسی کی زبان بندی، سفری بندش، کاروباری بندش کر دی گئی ہو، سحر الخوف مسلط کیا گیا ہو یعنی مریض کو کسی شے سے خوف آتا ہو، شیطانی خیالات شہوانی کیفیت مسلط ہو۔

ان سب عوارض کے لیے کاٹ کا یہ طریقہ استعمال کریں۔

1) دو رکعت نفل حاجت پڑھیں پھر اپنا اور اپنے گھر والوں کا حصار لگائیں اسکے بعد

2) قبلہ رخ بیٹھ کر اول آخر اکیس اکیس بار درود ابراھیمی سابق ترتیب کے مطابق پڑھیں۔

3) پھر اکیس بار سورہ اخلاص نو بار سورہ فاتحہ پڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ہدیہ کر دیں

4) پھر سورہ یسین شریف اس طرح پڑھیں کہ پہلی مبین پر پہنچ کر تین بار حزب البحر شریف پڑھنی ہے ہر بار حزب البحر کا جو کلمہ حم الامر وجاء النصر وفعلینا لا ینصرون کو 33 بار پڑھنا ہے۔ باقی حزب البحر عام معمول کے مطابق پڑھنی ہے۔

5) جب اس طرح تین بار حزب البحر پڑھ لیں تو مریض کی تصویر پر یا اُس کا تصور رکھ کر دم کریں۔ ساتھ اسکا مسئلہ ذہن میں رکھیں کہ کس مسئلے کے حل کے لیے کاٹ کر رہے ہیں۔

6) مریض پر دم کر کے حکم لگائیں کہ

اے اس کلام کے تابع موکلات و خدام فلاں بن فلاں جو فلاں جگہ رہتا ہے اس پر مسلط تمام اثرات بد جسمانی روحانی و نفسیاتی دور کر کے اسکو روحانی امداد دیں۔

7) پھر آگے سورہ یسین شریف پڑھیں اور ہر مبین پر یہی طریقہ دہرائیں یہاں تک کہ ساتوں مبینوں پر طریقہ مکمل ہو جائے۔

8) پھر آخر پر مریض کے لیے خصوصی طور پر تسلی سے دعا مانگ کر عمل ختم کر دیں۔

یہ عمل میرے اعمال میں سے خاص ہے۔ آج تمام احباب اپنے متعلقہ مریضوں پر اس سے کاٹ فرمائیے۔

عمل کاٹ نمبر 6

❁ برائے قبالہ سحر کے علاوہ ہر طرح کے نوری، سفلی علوی سحر، جناتی اثرات و تسلیط، بھوت پریت آسیب ڈائن چڑیل بیر بتال پچھل پیری دیوی دیوتا چھلاوا وغیرہ

بندش بوجہ تعویزات و مخلوقات، نظر حسد و بد، بیماری بذریعہ سحر و تعویزات وغیرہ

یعنی حب و بغض کا کام کرنے کے علاوہ اس کاٹ سے آپ ہر کام کر سکتے ہیں۔

عمومی طور پر سب کو اس گروپ میں اسکی اجازت ہے۔ اگر کسی کے ساتھ کوئی روحانی عارضہ ہے تو مجھ سے انفرادی اجازت لیکر کام کریں ان شاء اللہ تعالی عمل اثر کرے گا۔

طریقہ کاٹ:

1) اس میں ایک ساتھ تین مریضوں کی کاٹ کی جا سکتی ہے۔

2) جس مریض کی کاٹ کرنی ہو اس سے کال فون پر بات کر کے اسکا پورا مسئلہ توجہ سے سنیں اور زہن نشین کر لیں۔

3) پھر کسی بھی وقت عشاء کے بعد تنہا مقام پر بیٹھ کر باوضو ہو کر دو رکعت نفل حاجت پڑھیں اسکا ثواب حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ کر دیں پھر عمل کی کامیابی کی دعا مانگیں۔

4) پھر جو حصار تعلیم کیا تھا اپنا و اپنے اہلیخانہ کی نیت رکھ کر حصار باندھیں۔

5) اسکے بعد گیارہ بار سابق ترتیب کے مطابق درود ابراھیمی پڑھیں۔

6) سوئم کلمہ اکتالیس بار پڑھیں

7) پھر سورہ یسین شریف پڑھنا شروع کر دیں

جب پہلی مبین پر پہنچیں تو وہاں رک کر مریضوں کا تصور رکھ کر تین بار حزب البحر مع تکرار پڑھیں مگر اشارات نہ کریں۔

نو بار اسماء برھتیہ

بَرْهَتِيَّةٍ بَرْهَتِيَّةٍ كَرِيْرٍ كَرِيْرٍ تَتْلِيَهٍ تَتْلِيَهٍ طُوْرَانٍ طُوْرَانٍ مَزْجَلٍ مَزْجَلٍ بَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ تَرْقَبٍ بَرْهَشٍ بَرْهَشٍ غَلْمَشٍ غَلْمَشٍ خُوطِيْرٍ خُوطِيْرٍ قَلْنَهُوْدٍ قَلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ

بَرْشَانٍ كَظْهِيرٍ كَظْهِيرٍ نَمُوشَلَخٍ نَمُوشَلَخٍ بَرْهَيُولا بَرْهَيُولا بَشْكَيْلَخٍ بَشْكَيْلَخٍ قَزْمَزٍ قَزْمَزٍ أَنْغَلَلِيطٍ أَنْغَلَلِيطٍ قَبَرَاتٍ قَبَرَاتٍ غَيَاهَا غَيَاهَا كَيْدَهُولا كَيْدَهُولا شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِيرٍ شَمْخَاهِيرٍ شَمْهَاهِيرٍ شَمْهَاهِيرٍ بِكَهْطَهُونَيَةٍ بِكَهْطَهُونَيَةٍ بَشَارِشٍ بَشَارِشٍ طُوْنَشٍ طُوْنَشٍ شَمْخَابَارُوخٍ شَمْخَابَارُوخ

پڑھیں 8) پھر مریض کا تصور رکھ کر دم کریں اسکے چہرے و بدن پر شف کر دیں۔

9) اسکے بعد دعا کے لیے ہاتھ اٹھائیں درود پاک پڑھ کر ایسے کہیں

اے اللہ ان اسماء وکلام پاک کے تابع ساری مخلوقات روحانیہ اور روحانیت کے زریعے فلاں بن فلاں پر جو بھی روحانی مرض مسلط ہے اسکو دور فرما کر فلاں بن فلاں کو جسمانی روحانی نفسیاتی ظاہری باطنی شفاء وسکون عطا فرما اللھم آمین اللھم آمین اللھم آمین

اسکے بعد سورہ یسین شریف آگے پڑھنا شروع کر دیں۔

اگلی مبین پر پہنچ کر بھی یہی طریقہ دہرائیں۔اس طرح ساتوں مبینوں پر یہی طریقہ دہرانا ہے۔

پھر سورہ یسین شریف مکمل کر کے مریض کے لیے خوب تسلی سے دعا مانگیں اور گیارہ بار درود ابراھیمی پڑھ کر اٹھ جائیں۔اس طرح ایک دن کا عمل مکمل ہو گیا۔

۞ یہ عمل جلال کے اعتبار سے بہت بڑے درجہ کا ہے مریض کو ایک دن سے لیکر تین دن میں آرام آجائے گا۔اگر مسئلہ ایک سال سے کم عرصہ کا ہوا تو تین دن میں کاٹ ہو جائے گی اگر مسئلہ سال سے زیادہ عرصہ کا ہو تو یہی عمل سات دن دہرائیں مریض صحت یاب ہو گا ان شاء اللہ تعالی

۞ اس عمل کی اجازت سب کو اپنے لیے بھی ہے اور دوسروں کے استعمال کے لیے بھی ہے۔۔۔مگر زہن نشین رکھیں غیر متعلقہ افراد کا علاج معالجہ کرنے سے پہلے اپنی حفاظت کے لیے صدقات وغیرہ کا خوب اہتمام کر لیں ایسا نہ ہو کہ۔نیم حکیم خطرہ جان والا حساب بن جائے

۞ عامل اس عمل سے اپنی بھی کاٹ کر سکتا ہے۔۔طریقہ یہی ہے۔مگر ہمیشہ کوشش کریں کہ خواہ ایک بندے کے لیے کریں یا زیادہ کے لیے کم از کم تین دن لازم کریں تا کہ قوی انداز سے عمل اپنا اثر کر سکے۔

❁ اس ایک عمل کو اپ اپنا معمول بنالیں تو آپکو کاٹ کے لیے دیگر اعمال کی ضرورت محسوس نہ ہوگی۔اب جب بھی میں آپکو کاٹ کرنے کا کہا کروں گا تو اس سے مراد یہی عمل ہوگا کہ اسی سے آپ نے کاٹ کرنی ہے۔

زہن نشین رکھیں جس عمل پر وقت زیادہ اور محنت زیادہ لگتی ہے وہ اتنا ہی جلد اوع اچھا اثر ظاہر کرتا ہے۔معالجوں کی ناکامی کی سب سے بڑی وجہ جلد بازی اور محنت سے جی چرانا ہے۔

اہم راز

❁ کاٹ کے ہزاروں طریقے میرے علم میں ہیں مگر میں زیادہ تر سورہ یسین شریف سے کاٹ اسی لیے تعلیم کرتا ہوں کیونکہ کم وبیش پچاس سے زائد بزرگان دین کی طرف سے مجھے سورہ یسین شریف کی روحانیت وفیض حاصل ہے علاوہ ازیں سورہ یسین شریف قلب قرآن ہے۔جمیع قرآن کریم کی روحانیت سورہ یسین شریف میں موجود ہے۔عالم روحانیت میں سورہ یسین شریف کا اتنا بڑا مقام ہے کہ شہنشاہ جنات بکتا نوش بھی اسکا حافظ وزا کر ہے۔

جنات کو جب کسی طرح کا روحانی عارضہ ہوتا ہے تو اسکا علاج سورہ یسین شریف سے کرتے ہیں بہت سے مسلم قبائل جنات کے سورہ یسین شریف کے قاریوں کی محافظت ومعاونت کرتے ہیں۔

❁ پھر عارفین کا قول ہے کہ سورہ یسین شریف میں نورانیت ڈرائکٹ قلب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے تشریف فرما ہوتی ہے۔

میرا زاتی مشاہدہ تجربہ اور فن ہے کہ اس سورہ مبارکہ کے اعمال بے خطاء ہوتے ہیں کبھی ضائع نہیں جاتے دوئم اگر اجازت نسبت ہو تو زہر کی طرح انکا اثر ہوتا ہے پھر انکا اثر بھی تا دیر اور جامع ہوتا ہے۔

❁ یہود اور مصریوں کے ساتھ مقابلے بازی میں میں نے سورہ یسین شریف کی روحانیت کو غضب کی موثر دیکھا ہے۔سفلی اور کالے علوم تو اسکے سامنے کوئی حثیت نہیں رکھتے۔

منجانب: مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عمل خاص کاٹ نمبر 7

۞ اس عمل کو تمام عاملین حضرات ہر طرح کی کاٹ کے لیے کثرت سے یوز کیا کریں۔ میرے معمولات میں شامل ہے اس سے اپنی کاٹ اپنے اہل خانہ دوست احباب کی کاٹ کی جا سکتی ہے جبکہ جناتی حاضریوں والے کیسز کے علاوہ باقی ہر طرح کے سحر و شیاطینی اثرات تعویز دھاگے بندش ٹونے ٹوٹکے سمیت ہر بد اثر کا تریاق اس میں موجود ہے۔

طریقہ کاٹ یہ ہے

۞ عشاء کے بعد کسی بھی وقت باوضو ہو کر دو رکعت نفل پڑھ کر حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ کریں پھر عمل کی کامیابی کی دعا مانگیں۔

1) تین بار درود ابراھیمی

2) سات بار سورہ فاتحہ

3) اکیس بار سورہ ناس

4) اکیس بار سورہ فلق

5) سات بار آیت الکرسی

6) سات بار درود ابراھیمی

پڑھ کر مشرق مغرب شمال جنوب اوپر نیچے پھونک ماریں اور اشارے سے حصار کی نیت کریں پھر اپنے ہاتھوں پر دم کر کے جسم پر مل لیں آپکا 24 گھنٹوں کا حصار ہو گیا۔

اگر کسی دوسرے بندے کا حصار کرنا ہو تو بھی یہی طریقہ ہے اسکا تصور رکھ کر دم کر دیں۔ اس طرح اپنا و اپنے اہل خانہ کا ایک ہی پڑھائی میں حصار کریں۔

اگلا صفحہ

کاٹ

کاٹ شروع کرنے سے پہلے خوب تسلی سے ذہن میں مسئلہ بٹھائیں کہ آپ مریض کے کس مسئلہ کی کاٹ کر رہے ہیں پھر

اللھم صلی علی محمد و علی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید المجید 3 بار

اللھم بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی آل ابراھیم انک حمید المجید 2 بار

1) اس طرح ٹوٹل سات بار درود ابراھیمی پڑھیں۔

2) پھر سورہ یسین شریف پڑھنا شروع کریں۔

جب پہلی مبین پر پہنچیں تو وہاں مبین پر جا کر رک جائیں

☆ دعا حزب البحر 1 بار پڑھیں

☆ یاد رہے کہ مریض کا مسئلہ ذہن میں رکھ کر حزب البحر پڑھنی ہے۔ پڑھ کر مریض کا تصور رکھ کر دم کریں

3) پھر 11 بار اسماء برھتیہ پڑھیں

بَرْهَتِيَّةٍ بَرْهَتِيَّةٍ كَرِيْرٍ كَرِيْرٍ تَتْلِيَهٍ تَتْلِيَهٍ طُوْرَانٍ طُوْرَانٍ مَزْجَلٍ مَزْجَلٍ بَزْجَلٍ بَزْجَلٍ تَرْقَبٍ تَرْقَبٍ بَرْهَشٍ بَرْهَشٍ غَلْمَشٍ غَلْمَشٍ خُوطِيْرٍ خُوطِيْرٍ قَلْنَهُوْدٍ قَلْنَهُوْدٍ بَرْشَانٍ بَرْشَانٍ كَظْهِيْرٍ كَظْهِيْرٍ نَمُوشَلَخٍ نَمُوشَلَخٍ بَرْهَيُولا بَرْهَيُولا بَشْكَيْلَخٍ بَشْكَيْلَخٍ قَزْمَزٍ قَزْمَزٍ أَنْغَلَلِيْطٍ أَنْغَلَلِيْطٍ قَبْرَاتٍ قَبْرَاتٍ غَيَاهَا غَيَاهَا كَيْدَهُوْلا كَيْدَهُوْلا شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْخَاهِيْرٍ شَمْهَاهِيْرٍ شَمْهَاهِيْرٍ بِكَهْطَهُوْنَيَةٍ بِكَهْطَهُوْنَيَةٍ بَشَارِشٍ بَشَارِشٍ طُوْنَشٍ طُوْنَشٍ شَمْخَابَارُوْخٍ شَمْخَابَارُوْخٍ

4) پھر اس طرح حکم لگائیں

اے اللہ اس کلام کی تابع تمام مخلوقات نورانیہ و روحانیہ اور ان اسماء کے تابع تمام خدام کے زریعے فلاں بن فلاں (مریض کا نام مع والدہ لیں) کے دل و دماغ ھوش و حواس عقل و فہم تن بدن رگ و ریشہ ظاہر و باطن جسم و جان پر مسلط ہر سفلی نوری ناری خاکی آبی بادی آتشی مضر و بداثر، بددعا کا اثر، رجعت بندش سحر جادو ٹونا ٹوٹکا تعویز طلسم نظر بد حسد، جسمانی روحانی نفسیاتی بیماری کو فوری دور فرما کر ہر قسم کی جسمانی روحانی نفسیاتی زمینی آسمانی انسانی جناتی

شیطانی بیماری وسوسے ڈر خوف کو دور فرما کر فلاں بن فلاں (مریض کا نام مع والدہ) کو سر تا پاوں اس عمل کی روحانیت سے مکمل شفایاب فرما اللھم آمین اللھم آمین اللھم آمین

5) یہ ایک چکر مکمل ہوگیا۔اب اسی طرح آگے پڑھنا شروع کر دیں۔

اگلی مبین پر جا کر رک جائیں پھر دوبارہ سے یہی طریقہ دہرائیں۔

☆اسی طرح ساتوں مبینوں پر یہی طریقہ دہرائیں۔

6) پھر سورہ یسین شریف ختم کر کے اوپر جو طریقہ درود ابراھیمی کا بتایا ہے ویسے دوبارہ سات بار پڑھ کر مریض کے لیے خوب تسلی و تشفی سے دعا مانگ کر اٹھ جائیں۔

یہ کاٹ کا طریقہ بہت سے بزرگوں کی نظر عنایت ہے۔خادم غلام نبی قادری نوری کی طرف سے ہر شاگرد و مرید محبین و معتقدین کو اسکی اجازت ہے۔اس کو زیادہ سے زیادہ استعمال کریں۔پیچیدہ کیس کی صورت میں مجھ سے مشاورت و تشخیص کروا سکتے ہیں۔

عمومی ہر طرح کے کیس میں تین دن تک عمل کرنا کافی ہے۔

اب میری طرف سے تمام علماء کرام عاملین و معالجین کو بھرپور طریقے سے عرض ہے کہ جب جب میں کاٹ کا عمل کہوں آپ اسی انداز سے کیجیے یعنی یہی عمل یوز کیجیے۔جب بھی میں فیڈ بیک لیا کروں گا اسی کا لیا کروں گا۔اس عمل کے پیچھے میری کامل توجہ رہے گی۔ہاں اگر کسی بہت بڑے عامل کو جناتی کھیل کا شوق ہو تو ایک بھاری فیس بطور ہدیہ کے بعد اس عمل کی خاص لوح ہمزاد کے ساتھ اس میں جناتی کلیہ بھی درج کر کے دے دوں گا کہ اس عمل سے بذریعہ جنات کام کیسے لیا جاتا ہے۔

ہر وہ عامل جس کا علاج معالجہ کمزور رہے یا دور و نزدیک کے مریضوں کو اثر نہیں کرتا وہ یہی عمل کریں۔

اس سے ہر کام لیا جا سکتا ہے خواہ مریض دور ہو یا نزدیک

منجانب: مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

کاٹ کرنے کے کچھ قواعد

1) جب بھی کاٹ کریں اس بات کا خیال رکھیں کہ زیادہ تر وقت رات کا رکھنا چاہیے تا کہ عامل کو یکسوئی حاصل ہو۔

2) کاٹ کرنے سے پہلے تسلی کرلیں کہ آپکو ذہنی طور پر کوئی پریشانی، فکر یا بیزاری کی کیفیت نہ ہو عامل کا کاٹ سے قبل قلبی و ذہنی طور پر یکسو و اطمینان میں ہونا لازم و ملزوم ہے۔ وقت کاٹ عامل کو بھوک پیاس نیند وغیرہ کا معاملہ نہ ہو۔

3) کاٹ کرتے وقت اگر جلالی عمل کریں تو کوشش کریں کہ زحل مریخ قمر یا عطارد کی ساعت ہو لیکن اگر کاٹ دن میں کریں تو شمس یا زہرہ کی ساعت کو ملحوظ خاطر رکھ کر کاٹ کا عمل شروع کرنا چاہیے۔ مقصد یہ ہے کہ کاٹ کا عمل ان ساعات میں شروع کرنا چاہیے خواہ ختم جب بھی ہو کوئی حرج نہیں۔

4) اس بات کی خوب تسلی کرلیں کہ کاٹ سے قبل آپ نے حصار کیا ہوا ہے۔ اپنا و اپنے اہل خانہ کا قوی حصار کر کے کاٹ کریں۔

5) دوران کاٹ کسی طرح کی روحانی مزاحمت ہو مثلاً شہوانی خیالات آنا، جسم سن ہو جانا، بلڈ پریشر تیز یا بہت کم ہو جانا، کندھوں پر سر پر یا ٹانگوں پر وزن محسوس ہونا، جمائیاں بہت زیادہ آنا، دھڑکن کا تیز ہو جانا، یکدم سے غیر محسوس خوف قلب پر مسلط ہو جانا یا کسی طرح کی آوازوں کا سنائی دینا کوئی منظر دکھائی دینا یا اس سے ملتے جلتے معاملات کی صورت میں کاٹ کا عمل وہیں روک دیں 41 بار سورہ فاتحہ و اکتالیس بار سورہ اخلاص پڑھیں اول آخر تین تین بار درود پاک کے ساتھ۔ اسکا ثواب حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہدیہ کریں ساتھ اپنے شیخ استاد کی روح کو ایصال کر دیں خواہ وہ انتقال کر گئے ہوں یا حیات ہوں کوئی فرق نہیں پڑتا۔ اپنی توجہ اپنے شیخ / مرشد استاد کی طرف کر کے مدد کی نیت کریں پھر تصور رکھیں کہ عمل آپ نہیں آپکا مرشد یا استاد پڑھ رہا ہے اسی تصور میں عمل کاٹ جہاں چھوڑا تھا اس سے آگے پڑھنا شروع کر دیں ان شاء اللہ مزاحمت ختم ہو جائے گی۔

6) کاٹ کرنے والے عاملین گاہے بگاہے صدقہ لازم و ملزوم کرتے رہیں ساتھ روحانی غسل اور فتائل کا استعمال لازم رکھیں خواہ کوئی روحانی عارضہ ہو یا نہ ہو ترک نہ کریں۔

7) عاملین پر روحانی وار، رجعت، بندشوں کے معاملات سقوط قوت اور طرح طرح کی روحانی دشمنیاں ہمیشہ ہوتی ہیں ۔کسی طرح کے حالات میں بھی گھبرائیں نہیں بلکہ فوراً استاد کی طرف رجوع کرنا چاہیے۔

8) جب کوئی عمل کسی مریض کے لیے کریں تو اسکو صدقہ کرنے کی تلقین لازم کریں۔

❁ میں نے مختلف اعمال کاٹ پیش کیے ہیں یہ اعمال حاجات مطابق جب چاہیں یوز کر سکتے ہیں۔مگر کوشش کریں ایک عمل کو محض ایک دن ہی نہ کریں بلکہ عام سے عام کیس میں بھی کم از کم تین دن یا سات دن تک لازم متواتر ایک مریض کے لیے کرتے رہیں۔خواہ مریض کو ایک دن سے فرق پڑ جائے مگر عام کم از کم تین سے سات دن ضرور لگائے۔زیادہ سے زیادہ اکیس دن کافی ہوں گے۔

9) اگر کسی عمل سے مریض کی کاٹ شروع کریں تو روزانہ وقت اور جگہ کوشش کریں ایک ہی رکھیں تا کہ تاثیر میں کمی نہ آئے۔

10) دوران علاج معالجہ مختلف طریقوں سے کام کریں کاٹ بھی کریں صدقات بھی کریں مریض کو روحانی غسل بھی کرواتے رہیں ساتھ نقوش تحفظ دیں اور فتائل بھی جلانے کو دیتے رہیں۔

11) جناتی کیسز کو چھیڑنے سے قبل مجھ سے رابطہ لازم کر کے کام کریں۔

12) عاملین کے لیے جو صدقات بیان کروں گا وہ عامل صرف اپنے لیے دیا کرے اسکو مریضوں کو استعمال نہ کروائے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

بڑے کیسز والے عاملین کے لیے خاص تحفہ

لوح خاص الخاص

ایک عمل ان عاملین کے لیے جن کے پاس بڑے کیسز آتے ہیں

❁ یاد رہے اس عمل کو صرف یہاں موجود عاملین ہی یوز کر سکتے ہیں یہاں سے باہر کسی کو فی سبیل اللہ یا فیس لیکر بھی تعلیم کیا تو عمل بے کار سمجھیں۔

❁ اکثر ایسے بڑے گھر یعنی صاحب حیثیت افراد ہوتے ہیں جن کے گھروں یا فیکٹریوں کا کارخانوں سٹورز ملز وغیرہ پر باقاعدہ حاسدین ومخالفین پوری جی جان لگا کر خوب سخت قسم کا سحر کر دیتے ہیں کہ کارخانے گھر دوکان یا کام کی جگہ پر سخت نقصان ہوجاتا ہے آگ لگ جاتی ہے مشینیں خراب ہوجاتی ہیں یا وہاں کام کرنے والے ورکرز بیمار یا زخمی ہونے لگتے ہیں الغرض چلتے ہوئے کاروبار کو آسیب زدہ کر دیا جاتا ہے۔اسکے تدارک کے لیے لوح خاص الخاص تعلیم کرنے لگا ہوں۔

1) سب سے پہلے ایک تختی بنوائیں جس کا سائز سات انچ لمبا اور سات انچ چوڑا ہو۔

2) تختی میں سات تولہ چاندی۔

3) ایک تولہ سونا۔

4) ایک تولہ تانبہ

5) ایک ماشہ سیسہ ڈالیں

❁ طریقہ تیاری یہ ہے کہ سب سے پہلے سونا اور تانبہ پھگلا کر سانچے میں ڈالیں جب خشک ہوجائے تو اس پر سیسہ ڈالیں پھر خشک ہوجائے تو اس پر چاندی ایک تولہ ڈالیں اب اسکو دو گھنٹے کے لیے کسی خشک جگہ رکھ چھوڑ یں جہاں دھوپ نہ پڑے۔

❁ پھر ایک ساتھ چھ تولہ چاندی پگھلا کر ڈال کر خوب کوٹ کر چوڑا کر لیں مگر چاروں طرف سے دیھان رہے سات ضرب سات ہی رہے۔

6) اس تختی کو تیار کر کے اس کو عرق گلاب میں ایک رات بھگو دیں

7) اگلی رات چنبیلی کے تیل میں بھگو دیں

8) اس سے اگلی رات اس پر عنبر چھڑک کر کھلے آسمان تلے رکھ دیں۔

9) پھر انگریز یور کے ساتھ رات کے وقت جاوی لوبان اور زعفران کا بخور روشن کر کے لوح کی فرنٹ سائڈ پر یہ خاتم تحریر کریں۔

اس لوح کے وسط میں ایک مقصد مطابق عزیمت لکھ دیں جس مقصد کے لیے بنائی ہے۔ باقی اگر کوئی بنائے تو مجھ سے باموکل عزیمتیں بھی لے لیجیے گا یہاں نہیں لکھی جا سکتی۔

لوح کی پشت پر یہ لوح خاص الخاص جلالی بنائیں اوپر مثلث نیچے مربع آتشی چال سے۔

۷۸۶

یَا مُحْيِ یَا اَکْرَمَ الْاَکْرَمِیْنَ

خمعسق	حٰم قٓ	اِلٰہ الٓرٰ
الٓمٓصٓ حامیٓ	الٓمٓ یٰسٓ صٓ	طٰہٰ طٰسٓ طٰسٓمٓ نٓ
کٓھٰیٰعٓصٓ	طٰہٰ الٓمٓرٰ یا حیُّ	اَللّٰھُمَّ حَکِیْمٌ

۷۸۶

یَا سَلَامُ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللّٰہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝

الٓمٓرٰ	حٰمٓ قٓ نٓ	کٓھٰیٰعٓصٓ	حٰمٓ عٓسٓقٓ
یٰسٓ حیُّ حقٌّ	الٓرٰ اَحَدٌ	الٓمٓ قَایمٌ	الٓمٓصٓ اِلٰہ
رَحِیْمٌ حیٌّ	طٰہٰ طٰسٓ عَلِیٌّ	مُنْعِمٌ	عَلَمِ الْاِیْمَانِ
طٰسٓمٓ صٓ	اِمَامُ الْاَمِیْنِ یٰسٓ	اَلْاِمَامُ النَّاسِک	حَقٌّ حُمَامٌ

وَاللّٰہُ مِنْ وَّرَآئِھِمْ مُّحِیْطٌ ۝ بَلْ ھُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِیْدٌ ۝ فِیْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ۝

۞ بس آپ کی لوح معظمہ تیار ہے۔

۞ اسکی پڑھائی بھی ہے مگر اتنی محنت کی ضرورت نہیں۔

۞ جتنی محنت کر دی گئی ہے۔ بہت ہے۔

۞ اگر زیادہ قوی کرنا ہو تو سات دن ہر روز فجر کی نماز کے بعد 1000 بار سلام قولا من رب الرحیم اور 619 بار فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین پڑھ کر دم کریں

ساتویں دن سائل کو دے دیں

۞ یہ ایسی سخت ترین قوت کی حامل لوح بن گئی کہ اسکا مقابلہ ایک عامل تو کیا دس ہزار عامل بھی مل کر نہیں کر سکتے۔ اس کی نسبت اُن اُن مقدس بزرگوں اور مخلوقات سے ہے کہ جن کے سامنے ابلیس بھی نہیں ٹک پاتا۔

۞ اب جس کو یہ لوح دیں اسے کہیں کہ اسکو سنہری کپڑے میں باندھ کر اپنے متعلقہ جگہ کہیں ٹانک دے۔ بس اتنا ہی کام ہے پھر بھول جائے جادو جنات مخالفت بے برکتی بندش سب کچھ خلاص اور ان شاء اللہ اسکی تاثیر سے جو جسمانی روحانی اور کاروباری ترقیاں ہوگی اسکا اعداد و شمار نہیں کیا جا سکے۔

۞ یہی لوح معظمہ عملیات میں ایک عام سے بندے کو عامل کامل بنانے کا کام بھی کرتی ہے کبھی اجازت ملی تو اس پر سے بھی عقدہ کشائی کروں گا.. بقیہ اس طریقہ کو بہت خاص الخاص اشخاص کو بنا کر دیں اور بالخصوص انکو جن کو بار بار شیطان نما انسانوں کی مخالفت کا سامنا ہو۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

(روحانی غسل کا مخصوص نورانی طریقہ اول)

❁ روحانی طریقہ علاج کے پہلے اسٹیج میں خاتمہ (نحوست، بندش، جادو، سست روی) کا کیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہی اس بیماری سے تحفظ بھی کیا جاتا ہے (کسی آیات یا پھر لوح تحفظ) تاکہ جس بیماری کو ختم کیا جا رہا ہے وہ دوبارہ نہ پلٹے۔ اس میں بھی پہلے سے ہی مکمل ریڈنگ لی جاتی ہے پھر شروع کیا جاتا ہے۔ اس طریقہ سے باتھ میں چند چیزوں کا استعمال کیا جاتا ہے جو کہ درج ذیل ہیں۔

1) سمندری نمک

2) زوفا

3) سداب

4) خشک پودینہ

5) لیمن گراس

❁ ان سب کو مکس کر کے (سوائے سمندری نمک کے) کسی برتن میں ڈالیں اور تقریباً ایک سے دو گھنٹہ تک ہلکی آنچ پر پکائیں۔

پھر اس پانی کو فلٹر کریں اور نہانے کے ٹب میں ڈالیں اور آدھہ کپ سمندری نمک بھی اسی کپ میں ڈالیں سب پانی مکس کریں اور سر سے پاؤں کی جانب نہائیں یعنی کہ اوپر سے نیچے کی جانب جسم کے ہر حصہ پر پانی ڈالیں۔

❁ یاد رکھیں کہ جس ٹب میں یہ پانی اور سمندری نمک ڈالا تھا اس میں اور پانی مکس کریں اب رہی بات ان سب کی مقدار کی اور کتنے دنوں تک نہانا ہے تو یہ ہر کسی کے لئے مختلف ہوگا بہر حال آپ حضرات دو دو تولہ تمام اشیاء لے کر استعمال کریں اور کم از کم گیارہ سے اکیس یوم تک یہ باتھ لیں یہ مٹیریل کم از کم ایک ہفتہ کے استعمال کے لئے کافی ہے اور نہایت سستا بھی ہے۔ پہلے باتھ کے بعد فوراً اپنا حصار کریں یا تو آیات قرآنی سے یا پھر کسی لوح تحفظ وغیرہ سے۔

❁ پہلے دو یا تین دن باتھ لینے سے ہی آپ اپنے آپ کو بہت ہی ریلیکس محسوس کریں گے لیکن اس کو مکمل ضرور کریں۔

❁ میرے گروپ میں موجود عاملین حضرات منگل، ہفتہ بدھ اور جمعہ کو یہ روحانی غسل لازم کیا کریں۔

❁ پڑھائی کوئی نہیں یہ خاص اجزاء پر مشتمل روحانی غسل ہے۔علاج معالجہ میں مریضوں کو ہر تین دن بعد غسل کا کہیں کم از کم سات بار غسل لازم کروائیں تا کہ مکمل تسلی ہو جائے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

(روحانی غسل/اتارہ طریقہ دوئم)

۞ اس باتھ میں ہم بھنڈی کا جوس استعمال کریں گے یہ انتہائی موثر باتھ ہے اس باتھ کے لینے سے تقریباً دس سے پندرہ منٹ میں اس کا اثر شروع ہو جاتا ہے یہ باتھ کسی بھی عمل کو پلٹانے میں استعمال ہوتا ہے اس باتھ کے فوراً بعد انسان اپنے آپ کو بہت ہی ریلیکس محسوس کرتا ہے، نیند بہت آتی ہے۔

۞ اس کا طریقہ کار یہ ہے کہ ایک پاؤ بھنڈی لیں اور اسے ایک برتن میں ڈالیں اور اس میں پانی ڈالیں، کوئی کھلے منہ کا برتن استعمال کریں پھر اس برتن میں پانی کے اندر ان بھنڈیوں کو اپنے ہاتھ سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں میں توڑیں اور پھر ان کو پانی میں مسلیں

تا کہ ان کا سارا جوس پانی میں مکس ہو جائے پھر اس پانی کو چھان لیں اس طرح ایک پورا ٹب نہانے کا پانی بنالیں لیکن یہ بہت گاڑھا ہونا چاہیئے۔

اور یہی گاڑھا پانی ہمارے کام کا ہے اس کے بعد پہلے والے طریق کے مطابق سر سے پاؤں تک جسم کے ہر حصہ پر پانی ڈالیں۔ اس کے بعد آپ ریلیکس ہو کر بیٹھیں اور دیکھیں کہ آپ کیا محسوس کرتے ہیں؟ اس گاڑھے جوس میں آپ اور پانی شامل کر سکتے ہیں لیکن اتنا کہ گاڑھا پن ختم نہ ہو اس روحانی غسل کے فوری بعد اپنا حصار کریں، آیات قرآنی سے یا پھر لوح تحفظ سے۔

پھر دیکھیں کہ کس طرح چند دنوں میں حالات آپ کے تبدیل ہوتے ہیں۔

یہ غسل بہت قدیم ہے اور خاص رموز سے منسلک ہے عاملین ہفتے میں ایک بار یہ لازم کیا کریں۔

بس ان اعمال و طریقوں کو میرے کہے بنا کہیں شیئر نہ فرمائیے گا۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

(روحانی غسل کا تیسرا انتہائی موثر طریقہ)

اب ہم چلتے ہیں اس علاج کے دوسرے اسٹیج کی طرف۔کسی بھی انسان پر مندرجہ بالا کوئی بھی عمل ہوا ہوگا تو اس کے تمام کاموں کی بندش ہو جائے گی اس کا کوئی بھی کام یا تو ہوگا ہی نہیں یا تو پھر ہوتے ہوتے رہ جائے گا۔یا ختم ہو جائے گا۔بڑی عجیب وغریب کیفیت محسوس ہوگی۔دماغ میں طرح طرح کے خیالات آئیں گے۔مسلسل ناکامیاں، پریشانیاں اور ڈپریشن۔انسان اپنے آپ میں بے بسی محسوس کرنے لگتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ ہر رستہ بند ہو جاتا ہے جن کو اس علاج کے دوسرے اسٹیج میں ختم کیا جاتا ہے اس اسٹیج میں اس کو ذہنی طور پر مضبوط کیا جاتا ہے اور اسکے ساتھ جڑی ہوئی منفی قوتوں کا خاتمہ کیا جاتا ہے۔بہر حال اس اسٹیج کو بھی پہلے تشخیص سے چیک کیا جاتا ہے کہ کیا کیا جائے؟ **اب ہم آئیں گے اس کے تیسرے اسٹیج کی طرف**۔جو کہ ہمارے مقصد کی ہے جس کے لئے ہم یہ سب کچھ کر رہے ہیں اس اسٹیج میں مقصد کو سامنے رکھتے ہوئے پہلے تشخیص کی جاتی ہیں پھر اس کے مطابق کوئی بھی عمل کیا جاتا ہے (پڑھائی، جفری عمل، الواح وغیرہ) مثال کے طور پر اگر کسی کو معاشی مسائل کا سامنا ہے تو ان کی بہتری کے لئے کام کیا جاتا ہے (ترقی معاش، ملازمت، ترقی ملازمت وغیرہ) اس سلسلے میں آپ لوگوں کے لئے ایک بخور کا نسخہ تحریر کر رہا ہوں جو کہ میرا آزمودہ اور مجرب ہے اس کی مقدار کو بھی ایک خاص تناسب سے مکس کیا جاتا ہے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

نسخہ بخور برائے فراوانی رزق

اس نسخہ میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوں گی

1) دار چینی 2) لونگ 3) جائفل 4) جاوتری

5) کندر 6) برادہ صندل 7) شکر

❁ سب کو مکس کر کے گرینڈ کر لیں اور روزانہ صبح اپنے گھر میں یا اپنے کاروبار کی جگہ پر کوئلوں پر یا چولہے پر جلائیں اور اس کی دھونی دیں اور پھر اس کی تاثیر ملاحظہ کریں۔

❁ ایک بات کا خاص خیال رکھیں کہ اس سارے طریقہ علاج میں جس کا بھی علاج کیا جا رہا ہے اس کا ہر کام میں ایکٹیو ہونا بہت ضروری ہے کیونکہ ہاتھ ہو یا بندش کے خاتمہ کا کوئی عمل، حصول مقاصد کے لئے کوئی عمل ہو یا پھر کوئی لوح یہ سب اس سے جڑی نیگیٹیویٹیز کو ختم کرتے ہیں اور اسکے تمام کاموں میں رکاوٹوں کو دور کرتے ہیں یعنی کہ ایک غیبی مدد ہوتی ہے لیکن ہر کام پھر بھی اسی انسان نے کرنا ہوتا ہے جس کے لئے یہ کام کیا جا رہا ہے۔ ملازمت نہیں مل رہی تو اس کے بعد ملازمت کی تلاش اسی نے کرنی ہے، گھر پر بیٹھ نہیں جانا۔۔۔

❁ اسی طرح عاملین حضرات اس بخور کو اپنے گھر میں یوز میں رکھیں تو جن بھوت بندش آسیب روحانی روکاوٹوں سے نجات رہے گی۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

عاملین کے لیے خاص صدقات

1) صدقات میں عامل کو چاہیے کہ ہر بدھ اور جمعہ کو دال مصر، دال مونگ، دال ماش، دال چنا اور چینی سب ایک ایک پاو لیکر آبی جانوروں اور حشرات الارض یعنی کیڑے مکوڑوں کو ڈالیں۔

2) سوموار یا منگل کو ایک بکرے یا بکری کی سالم کلیجی لیں جو درمیان سے کٹی ہوئی نہ ہو اسکو اپنے سر پر سے وار کر یا تو اپنے گھر کی چھت پر پھینک دیں یا ویرانے میں پھنیک آئیں مگر ویرانے میں ڈال کر آئیں تو پیچھے مڑ کر مت دیکھیں یا پھر کسی پالتو جانور مثلاً کُتے یا بلی کو ڈال دیں. (یہ خاص جناتی صدقہ ہے عاملین اسکو کبھی ترک نہ کریں) مزید اس صدقے کو بلا اجازت مریض کو یوز نہ کروائیں۔

3) اگر کوئی سخت ترین جادوئی کیس ہو یا جناتی خلل ہو تو مریض کے وزن موافق گوشت بکرا یا بھینسا کے صدقے کا اہتمام لازم کریں اور طریقہ حصار وہ کریں جو میں نے عرض کیا تھا حزب البحر والا۔

4) اگر استطاعت ہو تو ہر جمعرات کو سوا کلو گوشت بکرا لیکر اس پر عطر چمبیلی چھڑکیں کسی اچھے سے سیاہ کپڑے میں بند کر کے کسی قبرستان میں رکھ آئیں وہاں کھڑے ہو کر آہستہ آواز سے کہیں کہ اے مومنین جنات میری طرف سے آپکو دعوت پیش ہے میرے حق میں دعا فرمائیے گا ساتھ آپکی معاونت کا طالب ہوں۔ گوشت کو کسی محفوظ مقام پر رکھ کر واپس چلے جائیں مگر ہمیشہ یاد رکھیں پیچھے سے کوئی آواز آئے یا کچھ بھی ہو خاموشی سے واپس آجائیں۔

❁ فی الوقت یہ چار طریقے ہر لحاظ سے کافی و شافی ہیں ان کو آپ اپنے معمول میں لے آئیں۔ مزید پھر اعمال کے صدقات پر اعمال کے ساتھ ہی بات ہوتی رہے گی۔

وہ صدقات جو مریض سے کروانے چاھیے دوران علاج معالجہ

مریضوں کو دوران علاج معالجہ کروانے والے صدقات مخصوص

1) جس مریض کا علاج کیا جا رہا ہو اسکے مرض کی نوعیت دیکھیں۔ اگر اسکے سر سے لیکر سینے تک کے امراض جسمانی و روحانی ہیں یعنی نظر بد، دماغی بندش، نظر حسد، زبان بندی، قلب کی بیماریاں آنکھوں کی سر کی ناک کی کانوں کی بیماریاں یا روحانی مسائل تو ایسے مریضوں کو ایک پاو گوشت بکرا اور کچھ مٹھائی صدقہ کرنے کا کہیں۔ صدقہ کرنے کا

طریقہ یہی ہے کہ وہ اپنے ہاتھ سے کسی محتاج و مسکین کو دے دیں۔

2) اگر مریض کو معاملہ سینے سے ناف تک ہے تو اسکو چاول و چینی مکس کروا کر چیونٹیوں کو ڈالنے کی تجویز دیں۔

3) اگر مریض کو ناف سے ٹانگوں تک کا مسلہ ہو تو گُڑ اور تل مکس کر کے حشرات الارض کو ڈالنے کو کہیں۔

4) اگر مریض جامع طور پر سر تا پاؤں متاثرہ ہے تو اسکو کہیں کہ کسی گوشت والے سے جانور یعنی بھینسے یا بکرے کے گوشت سوا کلو لے اُس میں جانور کے ہر عضو یعنی حصے کا گوشت ڈلوائیں خواہ ایک ایک بوٹی ہو۔ مریض اپنے سر پر سے سارے پورے جسم پر سے وار کر کسی ویران جگہ پھینک آئے یا چیلوں کووں کو ڈال دیں۔

5) مریض بہت زیادہ متاثر ہو یعنی جنات کی تسلیط یا اثرات ہوں، سحر مسلسل کیا جا رہا ہو دماغی و جسمانی صحت نارمل نہ ہو رہی ہو تو ایسی صورت میں وہ بکرے والا صدقہ کریں لیکن یہ مریض سے نہ کروائیں بلکہ عامل از خود کرے۔

ان صدقات کو مسلسل اُتنے دن یا ہفتے کروانا ہے جتنے دن علاج چل رہا ہو۔ صرف وزن موافق گوشت کا صدقہ ایک بار کرنا ہے اگر اسکی ضرورت ہو تو۔ بقیہ عام صدقات متواتر کرواتے رہیں جب تک علاج مکمل نہ ہو جائے۔

منجانب:

مناظر اہلسنت و روحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

مندرہ حضرت علی رضی اللہ عنہ

❁ حضرت علی رضی اللہ عنہ کی نسبت سے منسوب مندرہ حضرت شاہ بو علی قلندر و اٹھارہ مختلف بزرگوں سے چلتا مجھ تک پہنچا۔

❁ یہ عمل نوری وعلوی ہے برائے علاج معالجہ کاٹ پلٹ سلب بندش لگانے وکھولنے سمیت جمیع معاملات کے لیے ہو گا۔ عنقریب پیش کروں گا اس سے قبل بزرگوں سے روحانی مشاورت کرنا ضروری ہے۔

❁ عمل کی اجازت سب کو ذاتی یوز کے لیے ہو گی اپنی ذات سے الگ کسی دوسرے کے لیے یوز کرنے کے لیے ایک اچھی خاصی فیس بطور ہدیہ لیکر اجازت ومخصوص طریقے عرض کیے جائیں گے۔

❁ عاملین اس طرح کے کلمات کو مندرہ کہتے ہیں۔ کچھ عاملین ہدہ کچھ کڑہ کچھ ڈنکا کہتے ہیں۔ جبکہ بزرگوں کے ہاں اسکو قصیدہ یا منقبت سے موسوم کیا جاتا ہے۔

❁ جو منقبت یہاں میں پیش کرنے جا رہا ہوں یہ سلسلہ قلندریہ میں قلندری نسبت کے بزرگوں کی اجازت سے مجھ تک پہنچا ہے جس کی پشت پر شاہ بو علی قلندر رحمۃ اللہ علیہ سمیت کئی جید بزرگوں کی توجہ واجازت ہے۔

❁ میں بذات خود ڈنکوں اور مندروں کے خلاف ہوں میرے نزدیک یہ بے سود ہوتے ہیں۔ مگر ایسے قصیدے جن کی نسبت بزرگان دین یا انکی اجازت سے ہو وہ فن عملیات میں بڑے قوی اعمال میں گنے جاتے ہیں۔

❁ سلسلہ چشتیہ قادریہ وقلندریہ میں یہ ڈنکا مختلف اشعار کے ساتھ مختلف عاملین کے پاس ہو سکتا ہے جیسا کہ حضرت علامہ کاش البرنی رحمتہ اللہ علیہ نے اپنی عامل کامل میں بھی درج کیا ہے۔

❁ میں جو پیش کرنے جا رہا ہوں یہ جنات کی معاونت رکھتا ہے بالخصوص علاج معالجے میں اکسیر اعظم کا درجہ رکھتا ہے۔

منجانب: مناظر اہلسنت وروحانی معالج

خادم غلام نبی قادری نوری

0306-5004800

مندرہ شاہ علی رضی اللہ عنہ

الحمد کہو خدا کو درود مصطفیٰ
مردان شاہ علیؓ! ضرب زور سے لگا

غیب بات پر سوار ہوئے آپ شہنشاہ
لاالہ الا اللہ کو پڑھے پیر مرتضیٰ

سیف اللہ کی اوہناں ۔ آپ لی اٹھا
التحیات للہ کی ڈھال ہوئی عطا

الم تری کیف فعل ربک باصحاب الفیل کی شمیر لی اٹھا
لایلف قریش کٹار سنبھال لا

قل ھو اللہ احد کا نیزہ دست میں پکڑ آ
قل اعوذ برب الناس کی کمان یے صفاء

یٰۤاَیُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُمِ الَّیْلَ اِلَّا قَلِیْلًا تیرکش ہاتھ میں پکڑا
وَ التِّیْنِ وَ الزَّیْتُوْنِ وَ طُوْرِ سِیْنِیْنَ وَ هٰذَا الْبَلَدِ
الْاَمِیْنِ گزر آپ کی اللہ

مومن کمر باندھ کر تیار ہو کھڑا آ
مارے وکُنتر الا انت جبرائیل میکائیل جے وی آ

ہے سی ملک اسرافیل عزرائیل یا علی جی وی تا

لا الہ الا انت سبحانک انی کنت من الظالمین کہہ کر یا بدوح مدد آ

محمد بھی اسم اعظم پڑھ کر پشت پے ہوئے تھا

خواجہ اویس قرنی رضی آئے جو نبیوں کا یار تھا

خواجہ خضر علیہ السلام آئے جو بیڑوں کے ملاح
چڑھے بیامی دین گیلانی جو غوثوں کے بادشاہ
فرید شکر گنج خواجہ قطب کو بلا

آدم رضی نبی نوح زکر شیث کا بھی پا
یوسف رضی تے یعقوب رضی ادریس بھی تھا

موسی رضی کے تورات ـــ شطر احمد کو پکڑا
چڑھیں حضرت عیسی انجیل بغل میں نال یونس رضی کو بھی لا

سلیمان ؓ بھی زبور لے داود ؓ آگیا

چڑھیں حضرت ابراھیم ؓ ساتھ اسمائیل بھی تھا ؓ
چڑھیں سب مرسل حکم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تھا

دُلدُل پر سوار ہوئے یا علیؓ لافتاء
کُفر کے بلی سست ہوئے رستم بھی کانپتا تھا

محمود جن کو قید کیا جو جنوں کا بادشاہ تھا
رام کے مشندر شاہ شرف کو باندھ لا

جتھ کتھ گروناتھ پر بوعلیؓ کا پہرہ تھا
کفار چھل کاف پکڑ رام کو لیا
سیتا کو لیا پکڑ رام کے سوا

دھیرس کو قید کیا جو لنکا میں رہتا تھا
بھیروں سبھی کو قید کر کرا دیا

چھے راگ ، چھتیس راگنیاں پکڑ حضور میں دبا
جنتر کی تار پن سبھی تار کو ہٹا

جادو مسان کی سب جڑیوں کو میخ لا
لونا چماری تے کالکاں پکڑ دھرت میں دبا

جو اللہ کو نہ مانے اُس کو پکڑ مار جھاڑ

جن پیڑ تاپ سبھی تار کو ہٹا
باشک ناگ کی وس کیل ، سب گگے کا زور لا

چُھٹی چلی مُٹھ کو جلدی سے پکڑ لا
الو بدن پنھ گنڈ تعویز کو باندھ لا

کیلوں سبھی کو باندھ مداری مدار کا

حضرت سلیمان ؑ تخت پر بیٹھ کر پریوں کی طرف جا
دیو جن پری سب چڑیلوں کو پکڑ لا

سایہ سبھی کو باندھ اک نظر چھٹ میں اڑا
بیماری ساری دفع کر یا محی الدین باشادہ

توپ اور بندوق کو باندھ لا
ہتھیار سبھی کو باندھ جو زمین میں رہا

درود بر احمد صلواۃ امرتضی
میری عاجزی کرو منظور واسطے خدا

الصلوۃ والسلام علیک یا امیر المومنین یا امیر المومنین یا امیر المومنین

شاہِ مرداں شیرِ یزداں قوت پروردگار
لافتی اِلاعلی لا سیف اِلا ذوالفقار

ہر بلاء رد باشد ایں بگو ہفتاد باء
ہر مہم پیش آئید مدد پروردیگار

ناد علیا مظہر العجائب تجدہُ عونا لك فی النوائب کُل ھم و غم سینجلی بولایتك یا علی رضی اللہ عنہ یا علی رضی اللہ عنہ یا علی رضی اللہ عنہ

❁ عاملین حضرات نیم کی ٹہنی لیکر اس قصیدے کو ایک بار یا تین بار پڑھ کر اپنے یا اپنے اہلیخانہ کے اتارت کی نیت سے جسم پر پھونک مار کر نیم کی ٹہنی پھیر دیں۔ ہر طرح کی نظر بد جنات مسلط کے اثرات یا اثرات بد اتر جائیں گے۔ خود کے اتارے کے لیے اسکو عشاء کے بعد کسی بھی وقت ایک بار پڑھ کر خود پر دم کر سکتے ہیں۔

منجانب:
مناظر اہلسنت وروحانی معالج
خادم غلام نبی قادری نوری
0306-5004800

دعاء قضائے حاجات

❁ یہ عزیمت و اسم اعظم قضائے حاجات کے لیے اکسیر اعظم ہے۔ اجتماعی طور پر تو سب کو اجازت ہے مگر پھر بھی جب استعمال کرنے لگیں تو ایک بار کال یا میسج پر مطلع فرما دیجیے گا۔۔۔۔

❁ کوئی بھی مشکل یا مہم و حاجت دنیوی دینی درپیش ہو تو ہر نماز کے بعد 70 بار جبکہ رات کو بارہ بجے 313 مرتبہ اس عزیمت و اسماء عظام کو پڑھیں۔

طریقہ

1) اول آخر سات بار درود ابراھیمی جو ترکیب عرض کی تھی اسی طرح۔

2) ستر مرتبہ عزیمت و اسماء عظام

3) سات بار درود ابراھیمی

پھر حاجت کی دعا مانگ لیں۔

کم از کم ایک حاجت کے لیے تین دن کا عمل کافی ہوگا۔

اَللّٰھُمَّ إِنِّی أَسْأَلُكَ بِأَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ یَاحَنَّانُ یَامَنَّانُ یَابَدِیعَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ یَاحَیُّ یَاقَیُّومُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیمُ یَاأَحَدُ یَاصَمَدُ یَاوَھَّابُ یَاخَیْرَ الْوَارِثِینَ یَاغَفَّارُ یَاقَرِیبُ یَاسَمِیعُ یَاعَلِیمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّی كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِینَ یَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ یَاسَمِیعَ الدُّعَاءِ یَارَبَّنَا أَسْأَلُكَ بِاسْمِكَ اللّٰهُ الَّذِی لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیمِ

الم ، کھیعص ، طسم ، طس ، حمعسق ، حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیلُ ۔ أَسْأَلُكَ بِهَا وَبِالْآیَاتِ كُلِّهَا وَبِالْأَسْمَاءِ وَبِالِاسْمِ الْعَظِیمِ مِنْهَا یَامَنْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُولَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ ۔ أَنْ تُصَلِّیَ وَتُسَلِّمَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَآلِهٖ وَصَحْبِهٖ ۔

حزب الروحانية

اس حزب مبارکہ کو وہ تمام علماء کرام معالجین و عاملین واعظین ومقررین ومبلغین اپنے استعمال میں ہر روز فجر اور عشاء کے بعد اول آخر تین تین بار درود پاک کے ساتھ تین بار یا ایک بار پڑھنے کا معمول رکھیں۔

بالخصوص علاج معالجہ کرنے والے اشخاص اور روحانیت جنکی کمزور ہو انکے لیے اکسیر اعظم ہے۔

جنہوں نے بھی اپنے معمول میں رکھنا ہو اسکی اجازت انفرادی لے لیجیے گا۔ اور اسکو کہیں شیئر نہ فرمائیے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمْ

